آیت نمبر ۹، ۱۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، ھمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم، لَام مدخلہ تَکْفُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جار اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ، فِیْ یَوْمَیْنِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق ہوئے رَوَاسِیَ موصوف مِنْ فَوْقِھَا کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ بٰرَکَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ قَدَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق اوّل، اَقْوَاتَھَا مرکب اضافی مفعول بہ، فِیْ اَرْبَعَۃِ اَیَّامٍ متعلق دوم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، تَکْفُرُوْنَ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَہٗ جار با مجرور محلاً منصوب مفعول ثانی، اَنْدَادًا مفعول اوّل، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر

مقولہ، قول باقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سَوَآءً مصدر لِلسَّآئِلِيْنَ جار باجرور متعلق ہوئے، مصدر باتعلق مفعول مطلق ہوا فعل محذوف اِسْتَوَتِ الْاَيَّامُ الْاَرْبَعَةُ کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: ثُمَّ عاطفہ اِسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى جارہ السَّمَآءِ ذوالحال، واؤ حالیہ هِيَ ضمیر مبتدا، دُخَانٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور اِسْتَوٰى کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهَا وَلِلْاَرْضِ معطوف علیہ باعطف ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق قول، اِئْتِيَا فعل امر الف ضمیر ذوالحال طَوْعًا اَوْ كَرْهًا معطوف علیہ باعطف اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ مقولہ، قول باقولہ معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوفہ ہوا۔ قَالَتَا فعل الف ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَتَيْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال طَآئِعِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل مقولہ، قول باقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: فَاء عاطفہ قَضٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُنَّ ضمیر ذوالحال سَبْعَ سَمٰوَاتٍ مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال مفعول بہ فِيْ يَوْمَيْنِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَوْحٰى فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ متعلق اَمْرَهَا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ زَيَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمَآءَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ، بِمَصَابِيْحَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حِفْظًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف حَفِظْنَاهَا کا، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، تَقْدِيْرُ مضاف الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: فَاء استینا فیہ اِنْ شرطیہ اَعْرَضُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَنْذَرْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل مرفوع فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل صٰعِقَةً موصوف مِثْلَ مضاف صٰعِقَةِ مضاف الیہ مضاف، عَادٍ وَّثَمُوْدَ معطوف علیہ باعطف مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مِثْلَ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ صٰعِقَةً کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ دوم، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول باقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَ مِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: اِذْ مضاف جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، الرُّسُلُ فاعل مِنْ حرف جر بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ خَلْفِهِمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو متعلق ہوئے اَنْ مصدریہ ناصبہ لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو اللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض کے ساتھ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا صٰعِقَةً کا، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَوْ شرطیہ شَآءَ فعل رَبُّنَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر شرط، لَام تاکیدیہ اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَلٰٓئِكَةً مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم، كٰفِرُوْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل، بَاء جارہ مَا موصولہ اُرْسِلْتُمْ فعل مجہول تُمْ ضمیر نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ قَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: فَاء تفریعیہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر عَادٌ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ اسْتَكْبَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَيْرِ الْحَقِّ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فِى الْاَرْضِ متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَّا متعلق قُوَّةً تمیز سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ہمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلُوْا، لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اللّٰهَ موصوف الَّذِىْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت اَنَّ کا اسم هُوَ مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق قُوَّةً تمیز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد لَمْ يَرَوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِىْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْىِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَ هُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: فَاء عاطفہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، رِيْحًا موصوف صَرْصَرًا صفت اولیٰ، فِىْ جارہ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف بامتعلقین اَرْسَلْنَا کا مفعول بہ، لَام جارہ

تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، نُذِیْقَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، عَذَابَ الْخِزْیِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فِی حرف جر الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور اَرْسَلْنَا کا دوسرا متعلق ہوا، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ لَام ابتدائیہ عَذَابُ الْاٰخِرَۃِ مرکب اضافی مبتدا، اَخْزٰی اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُنْصَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معترضہ ہوا۔

وَ اَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر ثَمُوْدُ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ ھَدَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اِسْتَحَبُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَمٰی مفعول بہ، عَلَی الْھُدٰی متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَخَذَتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ، صٰعِقَةُ مضاف الْعَذَابِ الْھُوْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، بَاء جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، یَکْسِبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَخَذَتْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خبر قائم مقام جزاء، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ نَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ عاطفہ نَجَّیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، یَتَّقُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَ يَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَ اَبْصَارُهُمْ وَ جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: واؤ استینا فیہ یَوْمَ مضاف یُحْشَرُ فعل مجہول اَعْدَآءُ اللّٰهِ مرکب اضافی نائب فاعل اِلَی النَّارِ جار بامجرور متعلق اوّل، حَتّٰی حرف جر برائے غایت اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، مَا زائدہ جَآءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شَھِدَ فعل عَلَیْھِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، سَمْعُھُمْ وَ اَبْصَارُھُمْ وَ جُلُوْدُھُمْ معطوف علیہ بامعطوفین فاعل، بَاء جارہ مَا موصولہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، یَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ

صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جزاء، شرط باجزاء مجرور، جار بامجرور یُحْشَرُ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلقین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ مبتدا، یُوْزَعُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، فعل امر باأنْتَ ضمیر فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

وَ قَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْۤا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْۤ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّ هُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل لِجُلُوْدِهِمْ متعلق سے مل کر قول، لِمَ جار بامجرور متعلق مقدم شَهِدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل عَلَيْنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اَنْطَقَ فعل نَا ضمیر مفعول بہ، اَللّٰهُ موصوف الَّذِيْ اسم موصول اَنْطَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، اَوَّلَ مَرَّةٍ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَيْهِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُكُمْ وَ لَا جُلُوْدُكُمْ وَ لٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ عاطفہ مَا نافیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم، تَسْتَتِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ يَشْهَدَ فعل عَلَيْكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، سَمْعُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْصَارُكُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ جُلُوْدُكُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین يَشْهَدَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض تَسْتَتِرُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ ظَنَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل كَثِيْرًا موصوف مِنْ حرف جار مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، اَنَّ باسم و خبر ظَنَنْتُمْ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: واؤ عاطفہ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، ظَنُّكُمْ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْ اسم موصول ظَنَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل

بِرَبِّكُمْ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر اوّل، اَرْدٰی فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَصْبَحْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْخٰسِرِیْنَ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنْ یَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ یَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِیْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فَاء استینافیہ اِنْ شرطیہ یَصْبِرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ النَّارُ مبتدا، مَثْوًی موصوف لَهُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جزاء شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَسْتَعْتِبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ مَا حجازیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم مِنَ الْمُعْتَبِیْنَ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مَا باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ قَیَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَیَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ قَیَّضْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق قُرَنَآءَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ زَیَّنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَهُمْ متعلق مَا موصولہ بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی وقَعَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ خَلْفَهُمْ مرکب اضافی ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ زَیَّنُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ حَقَّ فعل الْقَوْلُ فاعل عَلٰی حرف جر هِمْ ضمیر ذوالحال، فِیْ جارہ اُمَمٍ موصوف قَدْ خَلَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، مِنْ جارہ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور حَقَّ کے متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، خٰسِرِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ الْغَوْا فِیْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینافیہ قَالَ فعل الَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، لَا تَسْمَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لام جار هٰذَا مبدل منہ الْقُرْاٰنِ بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْغَوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال، لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَغْلِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ باسم وخبر حال، ذوالحال باحال فاعل فِیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ

خبر یہ مستانفہ ہوا۔

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اِسْتَمَرُّوْا فِيْهِ، لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے، نُذِيْقَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ اوّل، عَذَابًا شَدِيْدًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبر یہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنَجْزِيَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَسْوَاَ مضاف الَّذِيْ اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم محذوف باجواب قسم جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: ذٰلِكَ مبتدا، جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ مرکب اضافی مبیّن النَّارُ عطف بیان، مبیّن باعطف بیان خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے، كَائِنَةٌ اسم فاعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل فِيْهَا جار با مجرور ظرف لغو كَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ خبر مقدم، دَارُ الْخُلْدِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ مستانفہ ہوا۔ جَزَآءً مصدر بباء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَجْحَدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِنَا متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور مصدر کے متعلق ہوئے، مصدر با متعلق مفعول مطلق ہوا فعل محذوف يُجْزَوْنَ کا، فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینا فیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول ہوا، رَبَّنَا یہ اصل میں يَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے، اَرِ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اوّل، الَّذَيْنِ اسم موصول اَضَلَّا فعل الف ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ حرف جر الْجِنِّ وَالْاِنْسِ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اَرِ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبر یہ مستانفہ ہوا۔ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمَا ضمیر مفعول بہ، تَحْتَ اَقْدَامِنَا مرکب اضافی مفعول فیہ، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدّر ہے يَكُوْنَا فعل ناقص الف ضمیر اس کا اسم مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر بتا ویل مصدر مجرور، جار با مجرور نَجْعَلْ کا متعلق، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تُرِهِمَا کی، کیونکہ یہ جواب امر ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰہُ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَقَامُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، تَتَنَزَّلُ فعل عَلَیْھِمُ جار بامجرور متعلق ہوئے، اَلْمَلٰٓئِکَۃُ فاعل، اَنْ ناصبہ لَا تَخَافُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَحْزَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبْشِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاَء جار ہا اَلْجَنَّۃِ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص با اسم وخبر صلہ، موصول باصلہ اَلْجَنَّۃِ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اَبْشِرُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض محلاً منصوب تَتَنَزَّلُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ۚ وَلَکُمْ فِیْھَا مَا تَشْتَھِیْٓ اَنْفُسُکُمْ وَلَکُمْ فِیْھَا مَا تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: نَحْنُ مبتدا، اَوْلِیَآؤُ صیغہ صفت مشبہ مضاف کُمْ مضاف الیہ، فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِی الْاٰخِرَۃِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، صیغہ صفت مضاف ومضاف الیہ ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَکُمْ ظرف مستقر متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، فِیْھَا ظرف لغو کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل ومتعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، مَا اسم موصول تَشْتَھِیْ فعل اَنْفُسُکُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَکُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہوئے، فِیْھَا ظرف لغو بھی اس کے متعلق ہے، اسم فاعل بافاعل ومتعلقین خبر مقدم، مَا اسم موصول تَدَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: نُزُلًا اس کی دو ترکیبیں ہیں (نمبر ۱) نُزُلًا مصدر ہے اور یہ حال ہے مَا اسم موصول سے، اس ترکیب کے مطابق مِنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر نُزُلًا کی صفت ہوگا۔ (نمبر ۲) نُزُلًا نَازِلٌ کی جمع ہو اور اس صورت میں یہ تَدَّعُوْنَ کا حال ہوگا، اور اس صورت میں مِنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ تَدَّعُوْنَ کے متعلق ہوگا۔

❁ رکوع نمبر ۵ ❁

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰہِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ استینا فیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَحْسَنُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل قَوْلًا تمیز، مِنْ حرف جار مَنْ موصولہ، دَعَا فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَی اللّٰہِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر معطوف

اوّل، واؤ عاطفہ قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق نون وقایہ کا، یاء ضمیر منصوب اس کا اسم، مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اَحْسَنُ کے متعلق ہوئے، اسم تفضیل با فاعل و تمیز و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ لَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَ لَا السَّیِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ لَا تَسْتَوِی فعل الْحَسَنَةُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ السَّیِّئَةُ معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، فعل با فاعل جملہ مستانفہ ہوا۔ اِدْفَعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء جارہ الَّتِیْ اسم موصول هِیَ اَحْسَنُ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ اَلْخَصْلَةِ موصوف محذوف کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور امر کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا دَفَعْتَ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ، اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ معنی تشبیہ کا جو کَاَنَّ سے سمجھا جارہا ہے اَلَّذِیْ اسم موصول بَیْنَكَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ ہوا ثَابِتَةٌ کا، ثَابِتَةٌ اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ خبر مقدم، عَدَاوَةٌ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر صلہ، موصول با صلہ مبتدا، کَاَنَّ حرف تشبیہ ہٗ ضمیر اس کا اسم وَلِیٌّ حَمِیْمٌ اس کی دو خبر، کَاَنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ مَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: واؤ عاطفہ مَا نافیہ یُلَقّٰى فعل مجہول هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء لغو الَّذِیْنَ صَبَرُوْا موصول با صلہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ یُلَقّٰى فعل مجہول هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو ذُوْ مضاف حَظٍّ عَظِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: واؤ عاطف اِنْ شرطیہ مَا زائدہ یَنْزَغَنَّ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنَ الشَّیْطٰنِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، نَزْغٌ ذو الحال مؤخر، ذو الحال با حال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِسْتَعِذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اِنَّ کی دو خبر، اِنَّ با اسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ مِنْ اٰیٰتِهِ الَّیْلُ وَ النَّهَارُ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَ لَا لِلْقَمَرِ وَ اسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: واؤ استینافیہ مِنْ جارہ اٰیٰتِهِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلَّیْلُ

وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مبتدا موٴخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ لَا تَسْجُدُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل لام جارہ الشَّمْسِ مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ وَلِلْقَمَرِ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُسْجُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل لام جارہ لِلّٰهِ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اُسْجُدُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم، تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِيَّاهُ ضمیر منصوب مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: فَاء استینا فیہ اِنْ شرطیہ اسْتَكْبَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ دَعْهُمْ وَشَانَهُمْ جزاء محذوف ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول عِنْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی ثَبَتُوْا کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ مبتدا، يُسَبِّحُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَسْـَٔمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال يُسَبِّحُوْنَ کا فاعل، لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے بَاء جارہ اَلَّيْلِ وَالنَّهَارِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: واؤ عاطفہ مِنْ اٰيٰتِهٖ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم، تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اَلْاَرْضَ ذوالحال خَاشِعَةً حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنَّ باسم وخبر بتاویل مفرد مبتدا موٴخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم، اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْهَا متعلق اَلْمَآءَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اهْتَزَّتْ فعل هِيَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبَتْ فعل هِيَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْ اسم موصول اَحْيَا فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، لام مزحلقہ برائے تاکید مُحْيِ الْمَوْتٰى مرکب اضافی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم، قَدِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُلْحِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْٓ اٰیٰتِنَا ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، لَا یَخْفَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْنَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ھَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا لَا یُؤْمِنُوْنَ بِھَا (از فقیر) مَنْ موصولہ یُلْقٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل فِی النَّارِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خَیْرٌ خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَنْ موصولہ یَّاْتِیْٓ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال، اٰمِنًا حال، ذوالحال باحال فاعل، یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خبر محذوف ہے خَیْرٌ، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف، جملہ معطوفہ ہوا۔ اِعْمَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ شِئْتُمْ فعل بِتُمْ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم، بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِمَا جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، صیغہ صفت بافاعل ومتعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِیْزٌ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل بِالذِّکْرِ جار بامجرور متعلق ہوئے لَمَّا ظرفیہ مضاف جَآءَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، اِنَّ کی خبر محذوف ہے لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ کا بدل، واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم، لَام مزحلقہ کِتٰبٌ عَزِیْزٌ مرکب توصیفی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ الذِّکْرِ کا حال ہوا۔

لَا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: لَا یَاْتِیْہِ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الْبَاطِلُ فاعل مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْہِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مِنْ خَلْفِہٖ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ با معطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ کِتٰبٌ کی صفت ثانی تَنْزِیْلٌ مصدر مِنْ جارہ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، مصدر با متعلق خبر مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: مَا نافیہ یُقَالُ فعل مجہول لَکَ جار بامجرور متعلق ہوئے، اِلَّا حرف استثناء لغو مَا موصولہ قَدْ علامت، فعل قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل، لَام جارہ الرُّسُلِ ذوالحال مِنْ قَبْلِکَ کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ یُقَالُ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّکَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم، لَام مزحلقہ ذُوْ مَغْفِرَۃٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُوْ مضاف عِقَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْ لَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّ عَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ؕ وَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ هُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: واؤ استینا فیہ لَوْ شرطیہ جَعَلْنٰهُ فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَامر جوابیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، لَوْ لَا حرف تحضیض فُصِّلَتْ فعل مجہول اٰيٰتُهٗ مرکب اضافی نائب فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ هَمزہ استفہامیہ اَعْجَمِيٌّ خبر ہے مبتدا محذوف اَلْقُرْاٰنُ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَرَبِيٌّ خبر، اَلرَّسُوْلُ مبتدا محذوف سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، هُوَ ضمیر مبتدا، هُدًى وَّ شِفَآءٌ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال، لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

واؤ استینا فیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، فِيْٓ اٰذَانِهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، وَقْرٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ مبتدا، عَلَيْهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، عَمًى ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، يُنَادَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ جارہ مَكَانٍ بَعِيْدٍ مرکب توصیفی ہو کر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۶ ❁

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم، قَدْ علامت فعل اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مُوْسَى مفعول بہ اوّل، الْكِتٰبَ مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اخْتُلِفَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل فِيْهِ جار بامجرور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَوْ لَا امتناعیہ كَلِمَةٌ موصوف سَبَقَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل مِنْ رَّبِّكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، خبر محذوف ہے مَوْجُوْدَةٌ، مبتدا باخبر شرط، لَام جوابیہ قُضِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جواب قسم پر معطوف ہے۔ واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم، لَام مذلقہ فِيْ حرف جر شَكٍّ موصوف مِنْهُ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، مُرِيْبٍ صفت ثانی، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: مَنْ شرطیہ مبتدا، عَمِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل صَالِحًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ لِنَفْسِہٖ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، اَسَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ شرط، فَاء جزائیہ عَلَيْهَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ مَا حجازیہ رَبُّكَ مرکب اضافی اس کا اسم، بَاء زائدہ ظَلَّامٍ صیغہ مبالغہ ھُوَ مستتر فاعل لِّلْعَبِيْدِ متعلق سے مل کر محلاً منصوب خبر، مَا مشابہ "بہ لَیْسَ" با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ؕ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۷، ۴۸: يُرَدُّ فعل مجہول عِلْمُ السَّاعَةِ مرکب اضافی نائب فاعل اِلَيْهِ جار با مجرور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَخْرُجُ فعل مِنْ جارہ زائدہ ثَمَرٰتٍ مرفوع محلاً فاعل، مِنْ اَكْمَامِهَا جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَحْمِلُ فعل مِنْ جارہ زائدہ اُنْثٰى مرفوع محلاً فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَضَعُ فعل ھِيَ مستتر فاعل، اِلَّا حرف استثناء بِعِلْمِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَوْمَ مضاف يُنَادِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اَيْنَ ظرف مکان كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم، شُرَكَآءِيْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، اٰذَنّٰكَ فعل نا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر مقولہ، مَا نافیہ مِنَّا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ شَهِيْدٍ محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اٰذَنّٰكَ کا مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ ضَلَّ فعل عَنْهُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم، يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، مِنْ قَبْلُ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ظَنُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا نافیہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ مَّحِيْصٍ محلاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ظَنُّوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۖ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: لَا یَسْـَٔمُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل مِنْ دُعَآءِ الْخَیْرِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ مَسَّ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، الشَّرُّ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ یَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ مبتدا محذوف ھُوَ کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝

آیت نمبر ۵۰: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے، اِنْ شرطیہ اَذَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، رَحْمَةً موصوف مِنَّا کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، مِنْ جارہ بَعْدِ ضَرَّآءَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جواب قسم دال ہے، لَيَقُوْلَنَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، هٰذَا مبتدا، لِيْ جار بامجرور ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَظُنُّ فعل اَنَا مستتر فاعل السَّاعَةَ مفعول بہ اوّل، قَآئِمَةً مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ رُجِعْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل اِلٰى رَبِّيْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، جس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے، اِنَّ حرف تحقیق لَام جارہ یَا ضمیر ذوالحال، عِنْدَهٗ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لَام مذحلقہ الْحُسْنٰى اِنَّ کا اسم، اِنَّ با اسم و خبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا رُجِعَ الْكَافِرُ اِلَيْنَا، لَام موطئہ للقسم لَنُنَبِّئَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، بَاء جارہ مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم لَنُذِيْقَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، مِنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ متعلق سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۝

آیت نمبر ۵۱: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَنْعَمْنَا فعل نَا ضمیر فاعل، عَلَى الْاِنْسَانِ متعلق مقدم سے مل کر شرط، اَعْرَضَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَاٰ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِجَانِبِهٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَسَّ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، الشَّرُّ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ ذُوْ مضاف دُعَآءٍ عَرِيْضٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: قُلْ فعل امر باانت مستتر فاعل قول، ھمزہ استفہامیہ رَءَيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، اس کا مفعول اوّل محذوف ہے اَنْفُسَكُمْ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ مَنْ اسم موصول ھُوَ ضمیر مبتدا، فِیْ حرف جر شِقَاقٍ بَعِیْدٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ رَءَيْتُمْ کا مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم، مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ "ثَابِتًا" کے متعلق ہو کر خبر، كَانَ باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ كَفَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَمَنْ اَضَلُّ مِنْكُمْ (روح المعانی) شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: سِین علامت فعل، نُرِیْ فعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل ھِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فِی الْاٰفَاقِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق اوّل ہوئے، حَتّٰی حرف جر اس کے بعد اَنْ مقدّر ہے، يَتَبَيَّنَ فعل لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم، الْحَقُّ خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور نُرِیْ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و مفعولین و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ھمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يُغْنِهِمْ، لَمْ يَكْفِ فعل بَاء جارہ زائدہ رَبِّكَ لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبدل منہ، اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم، شَهِيْدٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم، فِیْ جارہ مِرْيَةٍ موصوف مِنْ جارہ لِقَاۗءِ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم مُحِيْطٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَيْءٍ جار بامجرور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۝۱ عٓسٓقٓ ۝۲

آیت نمبر ۱، ۲: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ عٓسٓقٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۳

آیت نمبر ۳: كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اِیْحَاءً کے مفعول مطلق مقدم، يُوْحِيْ فعل اِلَيْكَ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَى جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِكَ ظرف مستقر فعل محذوف تَبَتَّوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يُوْحِيْ کے متعلق ہوئے، اَللّٰهُ موصوف اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اس کی دو صفت، موصوف باصفتین فاعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝۴

آیت نمبر ۴: لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مَا فِي السَّمٰوٰتِ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَلْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵

آیت نمبر ۵: تَكَادُ فعل مقارب السَّمٰوٰتُ اس کا اسم، يَتَفَطَّرْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل مِنْ فَوْقِهِنَّ متعلق سے مل کر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَلْمَلٰۗىِٕكَةُ مبتدا، يُسَبِّحُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِحَمْدِ رَبِّهِمْ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَسْتَغْفِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَامِ جارہ مَنْ فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اَلَآ حرف تنبیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم ھُوَ ضمیر فصل الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اِنَّ کی دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۣ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۶

آیت نمبر ۶: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار بامجرور مفعول ثانی کے

قائم مقام اَوْلِیَآءَ مفعول اوّل، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول با صلہ مبتدااوّل، اَللّٰہُ مبتدا ثانی، حَفِیْظٌ صیغہ صفت ھُوَ مستترفاعل عَلَیْھِمْ متعلق سے مل کر مبتدا ثانی کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤعاطفہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر مرفوع اسم، بَاء جارہ زائدہ وَکِیْلٍ صیغہ صفت اَنْتَ مستترفاعل عَلَیْھِمْ متعلق مقدم سے مل کر محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدااوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَ مَنْ حَوْلَهَا وَ تُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَ فَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝۷

آیت نمبر۷: واؤاستینافیہ كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر اِیْحَاءً مصدر محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق مقدم اَوْحَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا مرکب توصیفی مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے، تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستترفاعل اُمَّ الْقُرٰى مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤعاطفہ مَنْ موصولہ حَوْلَهَا مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تُنْذِرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤعاطفہ تُنْذِرَ فعل اَنْتَ مستترفاعل اس کا مفعول اوّل محذوف ہے اَلنَّاسَ، يَوْمَ الْجَمْعِ مرکب اضافی ذوالحال، لَا نفی جنس رَيْبَ اس کا اسم، فِيْهِ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم وخبر حال، ذوالحال باحال بواسطہ مضاف محذوف عَذَابَ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق دوم ہوئے اَوْحَيْنَا کے، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَرِيْقٌ موصوف فِي الْجَنَّةِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتداء محذوف بَعْضُهُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤعاطفہ فَرِيْقٌ موصوف فِي السَّعِيْرِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتداء محذوف بَعْضُهُمْ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَ الظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ۝۸

آیت نمبر۸: واؤاستینافیہ لَوْ شرطیہ شَآءَ اللّٰهُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لام جوابیہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستترفاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اُمَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤعاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل، يُّدْخِلُ فعل ھُوَ مستترفاعل مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل بافاعل ھُوَ مستترفاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فِيْ رَحْمَتِهٖ اس کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤعاطفہ الظّٰلِمُوْنَ مبتدا، مَا نافیہ لَهُمْ كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، مِنْ جارہ زائدہ وَلِيٍّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ نَصِيْرٍ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدااوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَ هُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۫ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۹

آیت نمبر۹: اَمْ منقطعہ اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ دُوْنِهٖ جار بامجرور مفعول ثانی کے قائم مقام، اَوْلِیَآءَ مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَرَادُوْا وَلِیًّا بِحَقٍّ، اَللّٰهُ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل الْوَلِیُّ خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، یُحْیِ فعل هُوَ ضمیر فاعل الْمَوْتٰی منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، قَدِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر۲ ❁

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِیْهِ مِنْ شَیْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّیْ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۾ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ یَذْرَؤُكُمْ فِیْهِ ؕ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۰،۱۱: واؤ استینا فیہ مَا شرطیہ مبتدا، اِخْتَلَفْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مِنْ شَیْءٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر فِیْهِ کی ہٖ ضمیر سے حال ہے، فَاء جزائیہ حُكْمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اِلَی اللّٰهِ ظرف مستقر رَاجِعٌ کے متعلق ہو کر مَا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینا فیہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم عُذْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل بَاء جارہ رَبِّىْ وَرَبِّكُمْ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اَنْ ناصبہ تَرْجُمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء محذوفہ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض ہے اور اصل میں مِنْ اَنْ ہے اور عُذْتُ کے متعلق ہے، عُذْتُ فعل با فاعل و متعلقین اِنَّ کی خبر، اِنَّ

باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ لَمْ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِیْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِعْتَزِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء محذوفہ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ اِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا پر معطوف ہوا۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ یَتْرُکُوْہُ، دَعَا فعل هُوَ مستتر فاعل رَبَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنَّ حرف تحقیق هٰۤؤُلَآءِ محلاً منصوب اس کا اسم قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ مرکب توصیفی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنَّ ہے پھر یہ دَعَا کے متعلق ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف یا معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط مقدر ہے اِنْ کَانَ الْاَمْرُ کَمَا تَقُوْلُ، یا اِنْ اَرَدْتَّ النَّجَاةَ، اَسْرِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِعِبَادِیْ متعلق لَیْلًا مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کُمْ ضمیر اسم مُّتَّبَعُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ عاطفہ اُتْرُکْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل الْبَحْرَ مفعول بہ اوّل رَهْوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ مرکب توصیفی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۵، ۲۶، ۲۷: کَمْ خبریہ ممیز مِنْ جارہ جَنّٰتٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عُیُوْنٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ زُرُوْعٍ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَقَامٍ کَرِیْمٍ مرکب توصیفی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ نَعْمَةٍ موصوف کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم فٰکِهِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور ممیز، ممیّز بامیز مفعول بہ مقدم، تَرَکُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ ۫ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: کَذٰلِکَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَوْرَثْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل، قَوْمًا اٰخَرِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر کُمْ

تَرَکُوْا پر معطوف ہے۔

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے اُغْرِقَ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ، مَا نافیہ بَكَتْ فعل عَلَيْهِمُ متعلق السَّمَآءُ وَ الْاَرْضُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اسم مُنْظَرِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۰،۳۱: وَاؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل نَجَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مرکب اضافی مفعول بہ مِنَ حرف جار الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور مبدل منہ، مِنْ فِرْعَوْنَ جار بامجرور بدل، مبدل منہ باہدل نَجَّيْنَا کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم عَالِيًا خبر اوّل، مِنَ الْمُسْرِفِيْنَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر ثانی، فعل ناقص باسم وخبرین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اِخْتَرْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال عَلٰى عِلْمٍ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، عَلَى الْعٰلَمِيْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنَ الْاٰيٰتِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا موصولہ فِيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال اٰتَيْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۴،۳۵: اِنَّ حرف تحقیق هٰٓؤُلَآءِ اس کا اسم لَام مذحلقہ يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو مَوْتَتُنَا مرکب اضافی موصوف الْاُوْلٰى صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر مرفوع اس کا اسم بَاء زائدہ مُنْشَرِيْنَ محلاً مرفوع خبر، مَا باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مستثنیٰ مفرغ

خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول باقولہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَأْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ، اِئْتُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بِاٰبَآئِنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے جس پر جملہ سابقہ دال ہے۔

اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ اَهْلَكْنٰهُمْ ۫ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: ھمزہ استفہامیہ هُمْ ضمیر مبتدا، خَيْرٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ قَوْمُ تُبَّعٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتُوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، خبر محذوف ہے خَيْرٌ، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مُجْرِمِيْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: واؤ استینا فیہ مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال لٰعِبِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَيْنَهُمَا مرکب اضافی ثَبَتَ فعل محذوف کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلَقْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء لغو بِالْحَقِّ جار بامجرور مُحِقِّيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل هُمَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ اولیٰ کیلئے جملہ مفسرہ ہے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف تحقیق يَوْمَ الْفَصْلِ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم مِيْقَاتُ مضاف هُمْ ضمیر مؤکد اَجْمَعِيْنَ تاکید، مؤکد باتاکید مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: يَوْمَ مضاف لَا يُغْنِيْ فعل مَوْلًى مرفوع تقدیراً فاعل، عَنْ مَّوْلًى جار بامجرور متعلق ہوئے شَيْـًٔا مفعول بہ، فعل

بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، يُنْصَرُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف يَفْصِلُ اللّٰهُ يَيْنَهُمْ کا، یا پہلے يَوْمَ سے بدل ہے۔

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اِلَّا حرف استثناء مَنْ موصولہ رَحِمَ اللّٰهُ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ بدل ہوا يُنْصَرُوْنَ کی واؤ ضمیر نائب فاعل سے۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر برائے فصل الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ دو خبر، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۳، ۴۴، ۴۵، ۴۶: اِنَّ حرف تحقیق شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ مرکب اضافی اس کا اسم طَعَامُ الْاَثِيْمِ مرکب اضافی خبر اول، کاف جارہ الْمُهْلِ مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر دوم، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ يَغْلِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْبُطُوْنِ جار بامجرور متعلق ہوئے، کاف جارہ غَلْيِ الْحَمِيْمِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر غَلْيًا مصدر موصوف کے واسطے سے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ہے الْمُهْلِ سے۔

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۷، ۴۸: خُذُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِعْتِلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ اور اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ متعلق جملہ انشائیہ معطوف اول، ثُمَّ عاطفہ صُبُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل فَوْقَ رَاْسِهٖ مرکب اضافی مفعول فیہ، مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ذُقْ ۙ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: ذُقْ فعل امر بااَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امریہ مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهٗ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر فصل الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ اِنَّ کی دو خبر، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اس کا اسم مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَمْتَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، فعل ناقص باسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۱، ۵۲، ۵۳: اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِيْنَ اس کا اسم فِیْ جارہ مَقَامٍ اَمِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور مبدل منہ فِیْ جارہ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق ہوئے كَائِنُوْنَ کے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال يَلْبَسُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُتَقٰبِلِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل ہوا، مِنْ جارہ سُنْدُسٍ وَّ اِسْتَبْرَقٍ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال كَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ ۛ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۴، ۵۵، ۵۶: كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف الْاَمْرُ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطف زَوَّجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل باء جارہ حُوْرٍ عِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال يَدْعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنِيْنَ کے، پھر یہ يَدْعُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال اولی ہے، بِكُلِّ فَاكِهَةٍ جار بامجرور متعلق ہوئے اٰمِنِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر حال، لَا يَذُوْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال فِيْهَا كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل الْمَوْتَ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى مرکب توصیفی مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ لَا يَذُوْقُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل حال دوم يَدْعُوْنَ کی ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال هُمْ ضمیر سے، ذوالحال باحال زَوَّجْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا يَلْبَسُوْنَ پر۔ واؤ عاطفہ وَقٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل عَذَابَ الْجَحِيْمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: فَضْلًا موصوف مِنْ رَّبِّكَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف تَفَضَّلْنَا کا، ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸: فَاء استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ يَسَّرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ بِلِسَانِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ مستانفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم يَتَذَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ باسم و خبر جملہ ترجیہ معللہ ہوا۔

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖ، اِرْتَقِبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم مُّرْتَقِبُوْنَ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲

آیت نمبر ۱،۲: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مبتدا، مِنَ حرف جار اَللّٰهِ موصوف الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اس کی دو صفت، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۳

آیت نمبر ۳: اِنَّ حرف تحقیق فِي حرف جار السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لَامٓ تاکید یہ اٰيٰتٍ موصوف لِلْمُؤْمِنِيْنَ کَائِنَاتٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۴

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ فِي جارہ خَلْقِكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول يَبُثُّ فعل باھُوَ ضمیر فاعل مِنْ دَآبَّةٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور کَائِنَاتٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰيٰتٌ موصوف لَامٓ جارہ قَوْمٍ موصوف يُّوْقِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۵

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ اِخْتِلَافِ مصدر مضاف اَلَّيْلِ وَالنَّهَارِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق اوّل مِنْ رِّزْقٍ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَحْيَا فعل ھُوَ مستتر فاعل بِهِ متعلق الْاَرْضَ مفعول بہ بَعْدَ مَوْتِهَا مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بواسطہ عطف کے فِي کا مجرور، جار بامجرور کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ اس کی ترکیب اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ کی طرح ہے اور یہ مبتدا مؤخر ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، اٰيٰتُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اوّل، نَتْلُوْا فعل نَحْنُ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ عَلَيْكَ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ، بَاء جار مَا مضاف حَدِيْثِ مضاف الیہ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق مقدم، بَعْدَ مضاف اللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم، يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم ومفعول فیہ مقدم لفظًا جملہ انشائیہ استفہامیہ معنًی جملہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝۷

آیت نمبر ۷: وَيْلٌ مبتدا، لَام جارہ كُلِّ مضاف اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار باجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۸

آیت نمبر ۸: يَسْمَعُ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال تُتْلٰى فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل عَلَيْهِ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُصِرُّ فعل هُوَ مستتر ذوالحال مُسْتَكْبِرًا حال اولی، كَاَنْ مخففہ من الثقلہ حرف تشبیہ هٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ يَسْمَعْ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر خبر، حرف تشبیہ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم، ذوالحال باحالین يُصِرُّ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَفَّاكٍ کی صفت ثانیہ یا جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ حَالُ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ كَذٰلِكَ (از نقیر) بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۹

آیت نمبر ۹: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ اٰيٰتِنَا ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل هُزُوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ مبتدا، لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مُّهِيْنٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مِنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: مِنْ وَّرَآئِهِمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَهَنَّمُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا يُغْنِيْ فعل عَنْهُمْ جار باجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَسَبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ،

موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لازائدہ مَا اسم موصول اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب اس کا مفعول بہ محذوف ہے، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال مقدم اَوْلِيَآءَ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَا يُغْنِيْ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ عَظِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، هُدًى مرفوع تقدیراً خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ موصوف مِنْ رِّجْزٍ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، اَلِيْمٌ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اَللّٰهُ مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمُ متعلق الْبَحْرَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَجْرِيَ فعل الْفُلْكُ ذوالحال بِاَمْرِهٖ مُتَلَبِّسَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَبْتَغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف سَخَّرَ کے متعلق ہوئے، واؤ عاطفہ لَعَلَّ حرف ترجی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ معلّلہ معطوفہ ہوا۔ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَعَلَّكُمْ تُرْزَقُوْنَ۔

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا فِي السَّمٰوٰتِ موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِي الْاَرْضِ موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال، جَمِيْعًا حال اولیٰ، مِنْهُ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال دوم، ذوالحال باحال سَخَّرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق فِيْ ذٰلِكَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، لام تاکید یہ اٰيٰتٍ موصوف لام جارہ قَوْمٍ موصوف يَتَفَكَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اٰيٰتٍ کی صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا لِلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰهِ لِیَجْزِیَ قَوْمًا بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ یَغْفِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَا یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَیَّامَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْزِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمًا مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَكْسِبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے، یَجْزِیَ فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَقُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا کی ترکیب پارہ نمبر ۲۴ کے آخر میں گزر چکی ہے۔ ثُمَّ عاطفہ تُرْجَعُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى رَبِّكُمْ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶﴾ وَاٰتَیْنٰهُمْ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْۤا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۶، ۱۷: واؤ استینا فیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق علامت فعل، اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الطَّیِّبٰتِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَضَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اٰتَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، بَیِّنٰتٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاء عاطفہ مَا نافیہ اِخْتَلَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا موصولہ جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ الْعِلْمُ فاعل بَغْیًۢا موصوف بَیْنَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول لہ، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مِنْ کا مجرور، جار ہا مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوئے اِخْتَلَفُوْا کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم یَقْضِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اوّل، یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ ثانی، فِیْ جارہ مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یَخْتَلِفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهِ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار ہا مجرور یَقْضِیْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل

و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: ثُمَّ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كَ ضمیر مفعول بہ اوّل عَلٰى جارہ شَرِيْعَةٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، اِتَّبِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَتَّبِعْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل اَهْوَآءَ مضاف الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم لَنْ يُّغْنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْكَ متعلق اوّل مِنَ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَيْـًٔا ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و متعلق و مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق الظّٰلِمِيْنَ اس کا اسم بَعْضُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، بَصَآئِرُ موصوف لِلنَّاسِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُدًى معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَحْمَةٌ موصوف لَام جارہ قَوْمٍ موصوف يُّوْقِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اجْتَرَحُوا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّيِّاٰتِ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل اَنْ ناصبہ نَجْعَلَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل کاف حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَالَّذِيْنَ کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر حَسِبَ کا مفعول بہ اوّل، سَوَآءً مصدر بمعنی اسم فاعل مَحْيَاهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَمَاتُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل، اسم

فاعل بافاعل مفعول بہ ثانی، (املاء مَا مَنَّ بِہِ الرَّحْمٰن) فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ سَاءَ فعل ذم مَا مصدریہ یَحْکُمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بتاویل مصدر فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم، مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ھُوَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

﴿ رکوع نمبر ۳ ﴾

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ خَلَقَ فعل اَللّٰہُ ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُجْزٰی فعل مجہول کُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی نائب فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ کَسَبَتْ فعل ھِیَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال کَسَبَتْ کا فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور تُجْزٰی کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، اور معطوف علیہ محذوف ہے لِیَدُلَّ عَلٰی قُدْرَتِہٖ، معطوف علیہ بامعطوف خَلَقَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: ھمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَظَرْتَ مَنْ ھٰذِہٖ حَالُہٗ (روح المعانی) رَءَیْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل مَنِ اسم موصول اِتَّخَذَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلٰھَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل ھَوٰىهُ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلَّ فعل ہٗ ضمیر ذوالحال عَلٰی عِلْمٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ خَتَمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ سَمْعِہٖ وَ قَلْبِہٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی بَصَرِہٖ مفعول ثانی کی جگہ، غِشٰوَۃً مفعول اوّل، فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ رَءَیْتَ کا مفعول اوّل، اور اس کا مفعول ثانی محذوف ہے مُھْتَدِیًا، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء زائدہ (محمود صافی) مَنْ استفہامیہ مبتدا، یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ ھمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُبْصِرُوْنَ عَلَی الضَّلَالَۃِ، لَا تَذَکَّرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ استفہامیہ ہوا۔

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ استینافیہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا، مَا نافیہ ھِیَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء حَیَاتُنَا مرکب اضافی

موصوف الدُّنْيَا صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ نَمُوْتُ فعل بانَحْنُ مستترفاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَحْيَا فعل نَحْنُ مستترفاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يُهْلِكُنَا فعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو الدَّهْرُ فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ مَا نافیہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ عِلْمٍ مجرورلفظاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہے الدَّهْرُ سے، بِذٰلِكَ عِلْمٍ کے متعلق مقدم، اِنْ نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء يَظُنُّوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ سے بدل ہوا۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَيْهِمْ متعلق ہوئے اٰيٰتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَيِّنٰتٍ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ شرط، مَا نافیہ كَانَ ناقصہ حُجَّتَهُمْ مرکب اضافی خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، ائْتُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل بِاٰبَآئِنَا متعلق سے مل کر دال بر جزاء، اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ شرط (اور اس کی ترکیب کئی بار گزر چکی ہے) شرط دال بر جزاء سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ بتاویل مصدر اسم مؤخر، كَانَ باسم و خبر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستترفاعل سے مل کر قول، اَللّٰهُ مبتدا، يُحْيِيْ فعل هُوَ مستترفاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُمِيْتُ فعل هُوَ مستترفاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ يَجْمَعُ فعل هُوَ مستترفاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اِلٰى جارہ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی ذوالحال، لَا نفی جنس رَيْبَ اس کا اسم فِيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا باسم و خبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور يَجْمَعُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اَللّٰهُ کی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَ النَّاسِ مرکب اضافی اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَوْمَ مضاف تَقُوْمُ فعل السَّاعَةُ فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ يَوْمَىِٕذٍ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ مقدم، يَخْسَرُ فعل الْمُبْطِلُوْنَ فاعل،

فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ عاطفہ تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل كُلَّ اُمَّةٍ مرکب اضافی ذوالحال جَاثِيَةً حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جملہ ہوا۔ كُلُّ اُمَّةٍ مرکب اضافی مبتدا، تُدْعٰى فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل اِلٰى كِتٰبِهَا متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَلْيَوْمَ مفعول فیہ مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، كِتٰبُنَا مرکب اضافی خبر اوّل، يَنْطِقُ فعل هُوَ مستتر ذوالحال بِالْحَقِّ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل عَلَيْكُمْ متعلق، فعل بافاعل و متعلق خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نَسْتَنْسِخُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: فَاء عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفسیر الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فَاء جزائیہ يُدْخِلُ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل فِيْ رَحْمَتِهٖ متعلق سے مل کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۫ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط اس کی خبر محذوف ہے فَيُقَالُ لَهُمْ، فَاء جزائیہ يُقَالُ فعل مجہول لَهُمْ جار ہا مجرور نائب فاعل سے مل کر قول، هَمْزَة استفہامیہ فَاء عاطفہ اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلِيْ، لَمْ تَكُنْ فعل ناقص اٰيٰتِيْ مرکب اضافی اس کا اسم تُتْلٰى فعل مجہول هِيَ مستتر نائب فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِسْتَكْبَرْتُمْ فعل با تُمْ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ مرکب

توصیفی خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِیْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ السَّاعَةُ مبتدا، لَا رَیْبَ فِیْھَا "لا نفی جنس با اسم و خبر مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ شرط، قُلْتُمْ فعل با تُمْ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ نَدْرِیْ فعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل مَا استفہامیہ مبتدا، السَّاعَةُ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ قائم مقام دو مفعول، فعل با فاعل و مفعولین مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ نَظُنُّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو ظَنًّا اصل میں ظَنًّا ضَعِیْفًا ہے، موصوف با صفت مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا حجازیہ نَحْنُ ضمیر اس کا اسم با کاء جارہ زائدہ مُسْتَیْقِنِیْنَ منصوب محلاً خبر، مَا با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: واؤ عاطفہ بَدَا فعل لَھُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے سَیِّاٰتُ مضاف مَا عَمِلُوْا موصول با صلہ مضاف الیہ پھر مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم یَسْتَھْزِءُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل و متعلق مقدم خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ فاعل، حَاقَ فعل با فاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف وَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا پر معطوف ہوا۔

وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ عاطفہ قِیْلَ فعل مجہول با ھُوَ ضمیر نائب فاعل قول اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم نَنْسٰی فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، کاف جارہ مَا موصولہ نَسِیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل لِقَآءَ مضاف یَوْمِكُمْ مرکب اضافی موصوف ھٰذَا صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ نَسْیَانًا موصوف محذوف کے نَنْسٰی کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفاعیل ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَاْوٰىكُمُ مرکب اضافی مبتدا، النَّارُ خبر سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ لَكُمْ كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ زائدہ نّٰصِرِیْنَ محلاً مرفوع مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ

مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵ :ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا،بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم اتَّخَذْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اٰيٰتِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، هُزُوًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ غَرَّتْ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر،اَنَّ باسم وخبر بتاویل مفرد مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكُمْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء استینافیہ لَا يُخْرَجُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْيَوْمَ مفعول فیہ مقدم مِنْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ،واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ ضمیر مبتدا،يُسْتَعْتَبُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶ :فَاء استینافیہ لِلّٰهِ جارہ اَلْحَمْدُ موصوف رَبِّ السَّمٰوٰتِ مرکب اضافی معطوف علیہ،واؤ عاطف رَبِّ الْاَرْضِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبدل منہ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ مرکب اضافی بدل،مبدل منہ بابدل صفت، موصوف بصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم،اَلْحَمْدُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷:واؤ عاطفہ لَهُ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْكِبْرِيَآءُ ذوالحال فِي جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال،ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ،واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا،اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ حٰمٓ ۝۱ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝۲

آیت نمبر ۱،۲: حٰمٓ خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مرکب اضافی مبتدا، مِنَ جارہ اللّٰهِ موصوف الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ دو صفت، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝۳

آیت نمبر ۳: مَا نافیہ خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَيْنَهُمَا مرکب اضافی ثبت کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلَقْنَا کا مفعول بہ، اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ الْحَقِّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجَلٍ مُّسَمًّى مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر بواسطہ خَلْقًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، مُعْرِضُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَا موصولہ اُنْذِرُوْا فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، اسم فاعل بافاعل و متعلق مقدم شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴

آیت نمبر ۴: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَرَءَيْتُمْ بمعنی اَخْبِرُوْنِيْ فعل بافاعل و مفعول بہ، مَا اسم موصول تَدْعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین مؤکد، اَرُوْنِيْ فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ مَا استفہامیہ مبتدا، ذَا اسم موصول خَلَقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاَرْضِ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین تاکید، مؤکد باتاکید مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَمْ منقطعہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شِرْكٌ مصدر بمعنی مُشَارَكَةٌ "فِي السَّمٰوٰتِ متعلق سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِيْتُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ كِتٰبٍ موصوف مِنْ جارہ قَبْلِ هٰذَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَثٰرَةٍ موصوف مِنْ عِلْمٍ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ

امر یہ دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم صٰدِقِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط ہوا، شرط دال بر جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗۤ اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَ هُمْ عَنْ دُعَآىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۵: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَضَلُّ اسم تفضیل هُوَ مستتر اس کا فاعل مِنْ جارہ مَنْ موصولہ یَدْعُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَنْ اسم موصول لَا یَسْتَجِیْبُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى یَوْمِ الْقِیٰمَةِ جار بامجرور متعلق اوّل لَهٗ اس کے متعلق دوم، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال یَدْعُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، غٰفِلُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل عَنْ دُعَآىِٕهِمْ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا لَا یَسْتَجِیْبُ کی ضمیر فاعل سے۔

وَ اِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّ كَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِیْنَ ۝

آیت نمبر ۶: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم حُشِرَ فعل مجہول النَّاسُ نائب فاعل سے مل کر شرط، کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَعْدَآءً ذوالحال مؤخر، پھر یہ خبر ہے، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم کٰفِرِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بِعِبَادَتِهِمْ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَیْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اٰیٰتُنَا مرکب اضافی ذوالحال بَیِّنٰتٍ حال سے مل کر نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل الَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل لِلْحَقِّ جار بامجرور متعلق ہوئے، لَمَّا ظرفیہ مضاف جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ قَالَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰذَا مبتدا، سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَیْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِیْ مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِیْضُوْنَ فِیْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِیْدًۢا بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ ؕ وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝

آیت نمبر ۸: اَمْ متطرِ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اِفْتَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر

مقولہ، قول بامقولہ لفظاً جملہ انشائیہ معنًی جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قُلْ فعل امر باَنْتَ ضمیر فاعل قول ہوا، اِنْ شرطیہ اِفْتَرَیْتُہٗ فعل تاء مضمومہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَاتَمْلِکُوْن فعل واؤ ضمیر فاعل لِیْ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ اللّٰہِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم شَیْئًا ذوالحال مؤخر، پھر یہ مفعول بہ ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنْتُمْ مقدر کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ھُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ تُفِیْضُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ بِ ضمیر محلًا مرفوع فاعل شَھِیْدًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، صیغہ صفت بافاعل و مفعول فیہ تمیز، فعل بافاعل و تمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھُوَ مبتدا، اَلْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ دو خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِیْ مَا یُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤی اِلَیَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۹

آیت نمبر ۹: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، مَا نافیہ کُنْتُ فعل ناقص تاء مضمومہ اس کا اسم بِدْعًا موصوف مِنَ الرُّسُلِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَدْرِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا اسم موصول یُفْعَلُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بِیْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ بِکُمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ اَدْرِیْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اَتَّبِعُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مَا اسم موصول یُوْحٰی فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل اِلَیَّ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَنَا ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معلّلہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰی مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اَرَءَیْتُمْ فعل بافاعل اور اس کے دونوں مفعول محذوف ہیں اصل عبارت ہوگی اَرَءَیْتُمْ حَالَکُمْ اَلَسْتُمْ ظَالِمِیْنَ، اس میں حَالَکُمْ مفعول اوّل ہے اور اَلَسْتُمْ ظَالِمِیْنَ مفعول ثانی ہے، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِہٖ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ

عاطفہ شَهِدَ فعل شَاهِدٌ موصوف مِنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، عَلٰی مِثْلِهٖ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، فَاٰمَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَكْبَرْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَقَدْ ظَلَمْتُمْ (روح المعانی) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اور بعض حضرات اَرَءَيْتُمْ کے دو مفعول محذوف نہیں مانتے بلکہ جملہ شرطیہ کو دو مفعول کے قائم مقام قرار دیتے ہیں۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لَا يَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ؕ وَ اِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ قَدِيْمٌ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: واؤ استینافیہ قَالَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق قول، لَوْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم خَيْرًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، مَا نافیہ سَبَقُوْنَا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ اِلَيْهِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذْ مضاف لَمْ يَهْتَدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ظَهَرَ عِنَادُهُمْ کا، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سین علامت فعل، يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، هٰذَا مبتدا، اِفْكٌ قَدِيْمٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

وَ مِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّ رَحْمَةً ؕ وَ هٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَ بُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: واؤ استینافیہ مِنْ قَبْلِهٖ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كِتٰبُ مُوْسٰى مرکب اضافی ذوالحال اِمَامًا وَّرَحْمَةً معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، كِتٰبٌ موصوف مُّصَدِّقٌ اسم فاعل هُوَ ضمیر ذوالحال لِسَانًا عَرَبِيًّا مرکب توصیفی حال، ذوالحال باحال فاعل، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُنْذِرَ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتا ویل مصدر مجرور، جار باجرور مُصَدِّقٌ کے متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل ومتعلق كِتٰبٌ کی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ بُشْرٰى موصوف لِلْمُحْسِنِيْنَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، رَبُّنَا مرکب اضافی مبتدا، اَللّٰهُ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِسْتَقَامُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فَاء جوابیہ لَا نافیہ خَوْفٌ مبتدا، عَلَیْهِمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ هُمْ مبتدا، یَحْزَنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: اُولٰٓئِكَ مبتدا، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ مرکب اضافی ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِیْهَا متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ جَزَآءً مصدر بَاء جارہ مَا موصولہ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق، مصدر بامتعلق مفعول مطلق ہوا فعل محذوف یُجْزَوْنَ کا، فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ وَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّ وَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَ حَمْلُهٗ وَ فِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ بَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَ عَلٰى وَالِدَیَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَ اِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ استینافیہ وَصَّیْنَا فعل نا ضمیر فاعل اَلْاِنْسَانَ مفعول بہ بِوَالِدَیْهِ اس کے متعلق ہوئے اِحْسٰنًا مفعول لہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ حَمَلَتْ فعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ اُمُّهٗ مرکب اضافی فاعل، كُرْهًا بواسطہ موصوف محذوف حَمْلًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَضَعَتْ فعل هِ مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ كُرْهًا بواسطہ موصوف محذوف وَضْعًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطّلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ حَمْلُهٗ وَ فِصٰلُهٗ معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ممیز باتمیز خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جملہ معطّلہ پر معطوف ہے۔

حَتّٰى حرف جار اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَلَغَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَشُدَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَلَغَ فعل هُوَ مستتر اس کا فاعل اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ممیز باتمیز مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ یہ اصل میں یَا رَبِّیْ ہے اور یہ نداء ہے، اَوْزِعْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر متکلم مفعول بہ، اَنْ ناصبہ اَشْكُرَ فعل اَنَا مستتر فاعل نِعْمَتَكَ مرکب اضافی موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول اَنْعَمْتَ فعل تَاء مفتوحہ

ضمیر فاعل عَلَیَّ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلٰی وَالِدَیَّ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنْعَمْتَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت اَشْکُرَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْ ناصبہ اَعْمَلَ فعل اَنَا مستتر فاعل صَالِحًا موصوف تَرْضٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت اَعْمَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَوْزِعْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلِحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِیْ لام حرف جار یَاء ضمیر ذوالحال فِیْ ذُرِّیَّتِیْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اَصْلِحْ کے متعلق ہوئے، فعل امر بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف عَاشَ کا، عَاشَ فعل ھُوَ مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنِّیْ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم تُبْتُ فعل تَاء مضمومہ فاعل اِلَیْکَ متعلق سے مل کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مطلّہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ نَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول نَتَقَبَّلُ فعل نَحْنُ مستتر اس کا فاعل عَنْھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے اَحْسَنَ اسم تفضیل مضاف مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَتَجَاوَزُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَنْ جارہ سَیِّاٰتِ مضاف ھِمْ ضمیر ذوالحال فِیْ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور نَتَجَاوَزُ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ وَعْدَ الصِّدْقِ مرکب اضافی موصوف الَّذِیْ اسم موصول کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص بااسم و خبر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق فعل محذوف وَعَدَھُمُ اللّٰہُ کا، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۖ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْ اسم موصول قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لِوَالِدَیْہِ متعلق سے مل کر قول، اُفٍّ اسم فعل بمعنی فعل مضارع اَتَضَجَّرُ کے پھر یہ فعل اَنَا ضمیر فاعل لَکُمَا متعلق سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، آیت نمبر ۱۸ میں اس کی خبر آرہی ہے۔ ھمزہ استفہامیہ تَعِدَانِ فعل الف ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اَنْ ناصبہ اُخْرَجَ فعل مجہول اَنَا مستتر

ذوالحال واؤحالیہ قَدْ علامت فعل، خَلَتْ فعل الْقُرُوْنُ فاعل مِنْ قَبْلِیْ متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤحالیہ ھُمَا ضمیر مبتدا، یَسْتَغِیْثٰنِ فعل الف ضمیر ذوالحال وَیْلَكَ مفعول بہ ہے فعل محذوف اُلْزَمْ کا، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ ہوا قَائِلِیْنَ محذوف کا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال یَسْتَغِیْثٰنِ کا فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہوا وَالِدَیْهِ ذوالحال سے، اٰمِنْ فعل امر بانْتَ مستتر فاعل یہ بھی وَالِدَیْهِ کے مقولہ میں سے ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق وَعْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی اسم حَقٌّ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مطلہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَقُوْلَانِ لَهُ الْقَوْلَ الْمَذْكُوْرَ (از نقیر) یَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا نافیہ هٰذَا مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، الَّذِیْنَ اسم موصول حَقَّ فعل عَلَیْهِمُ جار بامجرور متعلق ہوئے الْقَوْلُ فاعل فِیْٓ جارہ اُمَمٍ موصوف قَدْ خَلَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلِهِمْ متعلق سے مل کر اُمَمٍ کی صفت اولی، مِنْ جارہ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور حال ہے عَلٰی کے مدخول هِمْ ضمیر مجرور سے۔ حَقَّ فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَلَّذِیْ قَالَ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم خٰسِرِیْنَ خبر سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلہ ہوا۔

وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَ لِیُوَفِّیَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَ هُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ لِكُلٍّ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَرَجٰتٌ موصوف مِنْ جارہ مَا عَمِلُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَامِ جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُوَفِّیَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَعْمَالَ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا یُظْلَمُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف جَزٰی اللّٰهُ بِذٰلِكَ کا،

وَ یَوْمَ یُعْرَضُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَیِّبٰتِكُمْ فِیْ حَیَاتِكُمُ الدُّنْیَا وَ اسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یُعْرَضُ فعل مجہول الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ نائب فاعل عَلَی النَّارِ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف یُقَالُ لَهُمْ کا، یُقَالُ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَذْهَبْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل طَیِّبٰتِکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِیْ جارہ حَیَاتِکُمْ مرکب اضافی موصوف الدُّنْیَا صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اسْتَمْتَعْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا اَذْهَبْتُمْ طَیِّبٰتِکُمْ ... الخ اَلْیَوْمَ مفعول فیہ مقدم تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل عَذَابَ الْهُوْنِ مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَسْتَكْبِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِغَیْرِ الْحَقِّ مُتَلَبِّسِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق خبر، فعل ناقص باسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور تُجْزَوْنَ کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ بَاء جارہ مَا موصولہ کُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ فعل ناقص باسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور معطوف ہے بِمَا کُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ پر۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖۤ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ استینافیہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَخَا عَادٍ مرکب اضافی مبدل منہ اِذْ مضاف اَنْذَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، اَنْ ناصبہ لَا تَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض، جار باجرور اَنْذَرَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل ذوالحال بِالْاَحْقَافِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال اُذْكُرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ قَدْ حرف تحقیق خَلَتِ فعل النُّذُرُ ذوالحال مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ جار باجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ خَلْفِهٖ جار باجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف کَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ معترضہ ہوا۔ اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم اَخَافُ فعل اَنَا مستتر فاعل عَلَیْكُمْ جار باجرور متعلق ہوئے، عَذَابَ مضاف یَوْمٍ عَظِیْمٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، ہمزہ استفہامیہ جِئْتَ تاء مفتوحہ فاعل نَا ضمیر مفعول بہ لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَاْفِكَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ عَنْ اٰلِهَتِنَا متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل

بافاعل ومفعول بہ و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کُنْتَ صَادِقًا فِیْ قَوْلِکَ، اِئْتِ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ بِاَء جارہ مَا موصولہ تَعِدُ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ کُنْتَ فعل ناقص تَاء مفتوحہ اس کا اسم مِنَ الصّٰدِقِیْنَ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء ہوئی شرط محذوف کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ الْعِلْمُ مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ثَابِتٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اُبَلِّغُ فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا اسم موصول اُرْسِلْتُ فعل مجہول تَاء مضمومہ نائب فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰکِنِّیْ حرف استدراک یَاء ضمیر اس کا اسم اَرٰی فعل اَنَا مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل قَوْمًا موصوف تَجْهَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین خبر، لٰکِنِّیْ باسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے اَصَرُّوْا عَلٰی طُلْبِهِمُ الْعَذَابَ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر ذوالحال عَارِضًا موصوف مُسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، هٰذَا مبتدا، عَارِضٌ موصوف مُمْطِرُنَا مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُوَ مبتدا، مَا اسم موصول اِسْتَعْجَلْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ رِيْحٌ موصوف فِيْهَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِيْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صفت، موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: تُدَمِّرُ فعل هِیَ مستتر فاعل كُلَّ شَیْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ بِاَمْرِ رَبِّهَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر رِيْحٌ کی صفت ثانیہ ہے، فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے فَدَمَّرَتْ، اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا يُرٰى فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء لغو مَسٰكِنُهُمْ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف جَزَاءً کے مفعول مطلق مقدم،

نَجْزِی فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ لَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَاۤ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً ۪ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَ لَاۤ اَبْصَارُهُمْ وَ لَاۤ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ عاطفہ لام قسم محذوف کا جواب ہے قَدْ حرف تحقیق مَكَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْ جارہ مَا اسم موصول اِنْ نافیہ مَكَّنَّا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَهُمْ جار باجرور متعلق ہوئے سَمْعًا وَّ اَبْصَارًا وَّ اَفْـِٕدَةً معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ مَا نافیہ اَغْنٰى فعل عَنْهُمْ جار باجرور متعلق ہوئے سَمْعُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَبْصَارُهُمْ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَفْـِٕدَتُهُمْ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین فاعل مِنْ زائدہ شَيْءٍ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِذْ تعلیلیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَجْحَدُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل بِاٰيٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حَاقَ فعل بِهِمْ جار باجرور متعلق ہوئے مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَسْتَهْزِءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر صلہ، موصول باصلہ حَاقَ کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَ صَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: واؤ استینافیہ لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، اَهْلَكْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَا اسم موصول حَوْلَكُمْ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْقُرٰى كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَرَّفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاٰيٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجی هُمْ ضمیر اسم يَرْجِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ باسم وخبر جملہ انشائیہ معطلہ ہوا۔ یا رَاجِيْ رُجُوْعِهِمْ کی تاویل میں ہو کر صَرَّفْنَا کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

فَلَوْ لَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ؕ بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَ ذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَ مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: فَاء عاطفہ لَوْ لَا تحضیضیہ نَصَرَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الَّذِيْنَ اسم موصول اتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل

اس کا مفعول اوّل ضمیر ھُمْ محذوف ہے اور وہ ذوالحال ہے، مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول اوّل، قُرْبَانًا مبدل منہ اٰلِهَةً بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین صلہ، موصول باصلہ نَصَرَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ ضَلُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ ذٰلِكَ مبتدا، اِفْكُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا مصدریہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَفْتَرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص باسم و خبر بتاویل مصدر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف صَرَفْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار بامجرور متعلق ہوئے نَفَرًا موصوف مِنَ الْجِنِّ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، يَسْتَمِعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ نَفَرًا سے حال ہے، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا، فَاء عاطفہ لَمَّا متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم حَضَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، اَنْصِتُوْا فعل امر باواؤ ضمیر فاعل مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ لَمَّا مفعول فیہ مقدم قُضِيَ فعل مجہول باهُوَ مستتر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، وَلَّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُنْذِرِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل اِلٰى قَوْمِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، يٰقَوْمَنَا منادا ہے اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم سَمِعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كِتٰبًا موصوف اُنْزِلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى جار بامجرور متعلق ہوئے، مُصَدِّقًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل لام جارہ مَا اسم موصول بَيْنَ يَدَيْهِ مرکب اضافی فعل محذوف ثَبَتَ کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل بافاعل و متعلق صفت ثانیہ يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَى الْحَقِّ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف لغو يَهْدِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ كِتٰبًا کی صفت ثالثہ، موصوف باصفات ثلاثہ سَمِعْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: يٰقَوْمَنَا اُدْعُوْا قَوْمَنَا کے معنی میں ہو کر منادا ہے، اَجِيْبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل دَاعِيَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ

سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ یَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق اوّل، مِنْ ذُنُوْبِكُمْ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُجِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، مِنْ جارہ عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تُؤْمِنُوْا کی (کیونکہ یہ جواب امر ہے) شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتداء لَا يُجِبْ فعل هُوَ مستتر فاعل دَاعِيَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ لَيْسَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ مُعْجِزٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر محلًا منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَيْسَ فعل ناقص لَهٗ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِهٖ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال مقدم اَوْلِيَآءُ ذوالحال مؤخر پھر یہ اسم مؤخر ہے، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتداء فِيْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: هَمزہ استفہامیہ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَمْ يَتَفَكَّرُوْا (روح المعانی) لَمْ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ موصوف الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ يَعْيَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِخَلْقِهِنَّ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اَللّٰهَ کی صفت، موصوف با صفت اَنَّ کا اسم بَاء جارہ زائدہ قَادِرٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جار اَنْ ناصبہ يُحْيِۦَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمَوْتٰى منصوب تقدیرًا مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق محلًا منصوب اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر لَمْ يَرَوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ بَلٰى حرف ایجاب غیر عامل اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم عَلٰى حرف جار كُلِّ شَيْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم قَدِيْرٌ کے، قَدِيْرٌ صیغہ صفت با هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: واؤ استینافیہ یَوْمَ مضاف یُعْرَضُ فعل مجہول الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ نائب فاعل عَلَی النَّارِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا یُقَالُ فعل مجہول محذوف کا، یُقَالُ فعل مجہول باھُوَ مستتر نائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، ھَمزہ استفہامیہ لَیْسَ فعل ناقص ھٰذَا اسم اشارہ محلاً مرفوع اسم، بِالْحَقِّ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص بااسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول ہوا، بَلٰی حرف ایجاب غیر عامل مقولہ، وَرَبِّنَا جار بامجرور متعلق ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر قسم اور یہ جملہ معترضہ ہے، قَالَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ اَقْرَرْتُمْ بِالْکُفْرِ، ذُوْقُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْعَذَابَ مفعول بہ بَاء جارہ مَا مصدریہ کُنْتُمْ تَکْفُرُوْنَ فعل ناقص بااسم و خبر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ذُوْقُوا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ۚ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ ۚ بَلَاغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٣٥﴾

آیت نمبر ۳۵: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَتْ عَاقِبَةُ الْکُفَّارِ مَا ذُکِرَ، یا اِنْ آذَاکَ الْکُفَّارُ، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل کاف جارہ مَا مصدریہ صَبَرَ فعل اُولُوا الْعَزْمِ مرکب اضافی ذوالحال مِنَ الرُّسُلِ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر صَبْرًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تَسْتَعْجِلْ فعل نہی اَنْتَ مستتر فاعل لَھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے نُزُوْلُ الْعَذَابِ مرکب اضافی مفعول بہ محذوف ہے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

کَاَنَّ حرف تشبیہ ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم لَمْ یَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو سَاعَةً موصوف مِنْ نَّهَارٍ کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ کَاَنَّ کی خبر، کَاَنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَوْمَ مضاف یَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ یُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اس نفی کا جس کا فائدہ لَمْ نے دیا ہے، بَلَاغٌ خبر ہے مبتدا محذوف ھٰذَا کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ ھَلْ استفہامیہ یُھْلَکُ فعل مجہول اِلَّا حرف استثناء لغو الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل لفظاً جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ○

آیت نمبر ۱: اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ○

آیت نمبر ۲: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بباء جارہ مَا اسم موصول نُزِّلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى مُحَمَّدٍ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، واؤ حالیہ هُوَ مبتدا، اَلْحَقُّ ذوالحال مِنْ رَّبِّهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور اٰمَنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا، كَفَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سَيِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَصْلَحَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ○

آیت نمبر ۳: ذٰلِكَ مبتدا، بباء جارہ اَنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ اس کا اسم اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْبَاطِلَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ اس کا اسم اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الْحَقَّ ذوالحال مِنْ رَّبِّهِمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مفرد مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ ضَرْبًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق مقدم يَضْرِبُ فعل اللّٰهُ فاعل لِلنَّاسِ متعلق اَمْثَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ

فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَ اِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ؕ وَ لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَ لٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝

آیت نمبر ۴: فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم لَقِيْتُمُ فعل ثُمْ ضمیر فاعل الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ ضَرْبَ الرِّقَابِ مرکب اضافی مفعول مطلق فعل محذوف اِضْرِبُوْا کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ حَتّٰى ابتدائیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اَثْخَنْتُمُوْا فعل ثُمْ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ شُدُّوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْوَثَاقَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تفریعیہ اِمَّا ترددیہ مَنًّا مفعول مطلق ہے فعل محذوف تَمُنُّوْنَ کا، تَمُنُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومفعول مطلق اور بَعْدُ مبنی بر ضم مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ زائدہ اِمَّا عاطفہ فِدَآءً مفعول مطلق ہے فعل محذوف تُفْدُوْنَ کا، تُفْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِدَآءً مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَضَعَ فعل الْحَرْبُ فاعل اَوْزَارَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے شُدُّوا کے یا مَنًّا کے متعلق یا فِدَآءً کے متعلق، ذٰلِكَ خبر ہے مبتدا محذوف اَلْاَمْرُ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ يَشَآءُ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ اِنْتَصَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہمل لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَبْلُوَ فعل هُوَ مستتر فاعل بَعْضَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ بِبَعْضٍ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَمَرَ اللّٰهُ بِالْقِتَالِ کے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول قُتِلُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فَاء جزائیہ لَنْ يُّضِلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَيَهْدِيْهِمْ وَ يُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَ يُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝

آیت نمبر ۵،۶: سِین علامت فعل يَهْدِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُصْلِحُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يُدْخِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَلْجَنَّةَ مفعول بہ ثانی (علی السعۃ) فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ عَرَّفَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ لَهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا اَلْجَنَّةَ کا حال ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَ يُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝

11

آیت نمبر ۷: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا کی ترکیب بہت بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے، اِنْ شرطیہ تَنْصُرُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر شرط، یَنْصُرْ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُثَبِّتْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَقْدَامَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۸

آیت نمبر ۸: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا موصول با صلہ مبتدا متضمن معنی شرط، فاء جزائیہ تَعْسًا مفعول مطلق فعل محذوف تَعِسُوْا کا، اور لَهُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ہے تَعْسًا کی، فعل با واؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝۹

آیت نمبر ۹: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اسم كَرِهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَحْبَطَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ۫ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ اَمْثَالُهَا ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلُوْا، لَمْ یَسِیْرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ یَنْظُرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَیْفَ كَائِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم كَانَ ناقصہ عَاقِبَةُ مضاف اَلَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اسم، فعل ناقص با اسم و خبر یَنْظُرُوْا کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ محذوف با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ دَمَّرَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَیْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِلْكٰفِرِیْنَ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَمْثَالُهَا مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ اَنَّ الْكٰفِرِیْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم مَوْلَى مضاف اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، اَنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اَلْكٰفِرِیْنَ اسم لَا نفی جنس مَوْلٰى اسم لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا نفی جنس با اسم و خبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر،

مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَ يَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَ النَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ⑫

آیت نمبر ۱۲: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم يُدْخِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ يُدْخِلُ کا مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْاَنْهٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق صفت، موصوف باصفت مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، يَتَمَتَّعُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف جارہ مَا اسم موصول تَاْكُلُ فعل الْاَنْعَامُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَاْئِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف اَكْلًا کے مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَلنَّارُ مبتدا، مَثْوًى موصوف لَّهُمْ كَاْئِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۝

آیت نمبر ۱۳: واؤ استینافیہ كَاَيِّنْ خبریہ ممیز مِنْ جارہ قَرْيَةٍ موصوف هِيَ ضمیر مبتدا، اَشَدُّ اسم تفضیل هِيَ مستتر فاعل قُوَّةً تمیز مِنْ جارہ قَرْيَتِكَ مرکب اضافی موصوف الَّتِيْ اسم موصول اَخْرَجَتْ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ قَرْيَتِكَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور اَشَدُّ کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل و تمیز و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر قَرْيَةٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور تمیز، ممیز با تمیز مبتدا، اَهْلَكْنٰهُمْ فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فاء عاطفہ لَا نفی جنس نَاصِرَ اسم لَهُمْ كَاْئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ اتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ⑭

آیت نمبر ۱۴: هَمزہ استفہامیہ فاء عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَيْسَ الْاَمْرُ كَمَا زَعَمْتُمْ، مَنْ اسم موصول كَانَ ناقصہ هُوَ مستتر اس کا اسم عَلٰى جارہ بَيِّنَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّهٖ كَاْئِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَاْئِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، کاف جارہ مَنْ موصولہ زُيِّنَ فعل مجہول لَهٗ جار بامجرور متعلق سُوْٓءُ عَمَلِهٖ مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی

مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِیْهَاۤ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّی ؕ وَ لَهُمْ فِیْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِی النَّارِ وَ سُقُوْا مَآءً حَمِیْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: مَثَلُ مضاف الْجَنَّةِ موصوف الَّتِیْ اسم موصول وُعِدَ فعل مجہول الْمُتَّقُوْنَ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مَثَلُ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، اس کا مبتدا محذوف ہے مَاتَسْمَعُوْنَ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فِیْهَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ مَّآءٍ موصوف غَیْرِ اٰسِنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اَنْهٰرٌ کی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ لَبَنٍ موصوف لَمْ یَتَغَیَّرْ فعل طَعْمُهٗ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ خَمْرٍ موصوف لَذَّةٍ مصدر لِلشّٰرِبِیْنَ اس کے متعلق، مصدر با متعلق صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اَنْهٰرٌ کی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَنْهٰرٌ موصوف مِنْ جارہ عَسَلٍ مُّصَفًّی مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق، فِیْهَا ظرف لغو كَائِنَةٌ کے متعلق، كَائِنَةٌ اسم فاعل هِیَ مستتر فاعل اور متعلقین سے مل کر خبر مقدم مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت ہوئی اَصْنَافٌ موصوف محذوف کی، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَغْفِرَةٌ موصوف مِنْ رَّبِّهِمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ کاف جارہ مَنْ موصولہ هُوَ مبتدا، خَالِدٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل فِی النَّارِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سُقُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مَآءً حَمِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ قَطَّعَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَمْعَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف، معطوف علیہ اوّل با معطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف اَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِیْ هٰذِهِ الْجَنَّةِ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَ مِنْهُمْ مَّنْ یَّسْتَمِعُ اِلَیْكَ ۚ حَتّٰۤی اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: واؤ استینافیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول يَسْتَمِعُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَيْكَ جار بامجرور متعلق ہوئے، حَتّٰى جارہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم خَرَجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ عِنْدِكَ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَامر جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْعِلْمَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور قَالُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا استفہامیہ مبتدا، ذَا بمعنی اَلَّذِیْ اسم موصول قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل اٰنِفًا مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ محلًا مجرور، جار بامجرور يَسْتَمِعُ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول طَبَعَ فعل اللّٰهُ فاعل عَلٰى قُلُوْبِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اُولٰٓئِكَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اِهْتَدَوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا، زَادَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، هُدًى مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰتٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل تَقْوٰىهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: فَاء استینافیہ هَلْ استفہامیہ يَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو السَّاعَةَ مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَاْتِيَ فعل هِيَ مستتر و الحال بَغْتَةً حال، ذوالحال باحال فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل اَشْرَاطُهَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اَنّٰى استفہامیہ مفعول فیہ ہوا كَائِنٌ کا، لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا محذوف ہے اَلْخَلَاصُ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ذِكْرٰىهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے كَيْفَ يَتَذَكَّرُوْنَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتَ سَعَادَةَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَشَقَاوَةَ الْكَافِرِيْنَ، اِعْلَمْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اس کی ترکیب سورۃ المزمل میں گزر چکی ہے اور یہ اَنَّ کی خبر ہے، اَنَّ با اسم و خبر

اِعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِذَنْۢبِكَ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۝

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینافیہ يَقُوْلُ فعل الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل قول، لَوْلَا تحضیضیہ نُزِّلَتْ فعل مجہول سُوْرَةٌ نائب فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم اُنْزِلَتْ فعل مجہول سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُكِرَ فعل مجہول فِيْهَا متعلق الْقِتَالُ نائب فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، رَاَيْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال يَّنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْكَ جار بامجرور اس کے متعلق ہوئے نَظَرَ مضاف الْمَغْشِيِّ اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلَيْهِ متعلق اوّل، مِنَ الْمَوْتِ متعلق ثانی سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول مطلق حال، ذوالحال باحال رَاَيْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فاء استینافیہ اَوْلٰى بمعنی اَلْهَلَاكُ مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۭ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۝

آیت نمبر ۲۱: طَاعَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے مبتدا محذوف اَمْرُنَا کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم عَزَمَ فعل الْاَمْرُ فاعل سے مل کر شرط، فاء جزائیہ لَوْ شرطیہ صَدَقُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لام جوابیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم خَيْرًا موصوف لَهُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر كَانَ باسم و خبر جزاء، شرط باجزاء پھر شرط اوّل کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ۝

آیت نمبر ۲۲: فاء استینافیہ هَلْ استفہامیہ عَسَيْتُمْ فعل مقارب تُمْ ضمیر اس کا اسم اَنْ ناصبہ تُفْسِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي

الْاَرْضِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ تَوَلَّیْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تُقَطِّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَرْحَامَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تُفْسِدُوْا پر معطوف ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اُولٰٓئِكَ مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَعَنَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَصَمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعْمٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَبْصَارَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا يَتَذَكَّرُوْنَ (از نقیر) لَا يَتَدَبَّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْقُرْاٰنَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اَمْ منقطعہ عَلٰى قُلُوْبٍ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَقْفَالُهَا مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۭ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول ارْتَدُّوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا اسم موصول تَبَيَّنَ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق الْهُدَى فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور ارْتَدُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم الشَّيْطٰنُ مبتدا، سَوَّلَ فعل هُمْ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمْلٰى فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَرِهُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول نَزَّلَ فعل اَللّٰهُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور قَالُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق قول، سِین علامت فعل، نُطِيْعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد

مجرور، جار باالمجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِسْرَارَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر حال ہے قَالُوْا کی واؤ ضمیر فاعل سے۔

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فَاء استینافیہ کَیْفَ مفعول فیہ ہے فعل محذوف یَصْنَعُوْنَ کا، پھر یہ فعل واؤ ضمیر فاعل، اِذَا ظرف زمان مضاف تَوَفَّتْ فعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْمَلٰٓئِکَۃُ ذوالحال یَضْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وُجُوْھَھُمْ وَ اَدْبَارَھُمْ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ حال، ذوالحال باحال یَضْرِبُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فعل محذوف کا مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: ذٰلِکَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق ھُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اتَّبَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَسْخَطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَرِھُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رِضْوَانَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فَاء عاطفہ اَحْبَطَ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مجرور، جار باالمجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اَمْ منقطعہ حَسِبَ فعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول فِیْ قُلُوْبِھِمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ فاعل ہوا، اَنْ مخففہ من المثقلہ ہٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ ناصبہ یُخْرِجَ فعل اَللّٰہُ فاعل اَضْغَانَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر حَسِبَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شرط، لَام جوابیہ اَرَیْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، ھُمْ ضمیر مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَام جوابیہ عَرَفْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ بِسِیْمٰھُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَعْرِفَنَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ لَحْنِ الْقَوْلِ متعلق سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، یَعْلَمُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: واؤ عاطفہ لام موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے نَبْلُوَنَّ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے نَعْلَمَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُجٰهِدِيْنَ ذوالحال مِنْكُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الصّٰبِرِيْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف نَعْلَمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَبْلُوَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَخْبَارَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور نَبْلُوَنَّ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ شَآقُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا موصولہ تَبَيَّنَ فعل لَهُمُ جار بامجرور متعلق، الْهُدٰى فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ بَعْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور شَآقُّوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَنْ يَّضُرُّوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ اوّل شَيْـًٔا مفعول بہ ثانی سے مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ سین علامت فعل، يُحْبِطُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بواسطہ عطف اِنَّ کی خبر ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اس کی ترکیب بہت بار گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اَطِيْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطِيْعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تُبْطِلُوْۤا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل اَعْمَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ مَاتُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتدا، كُفَّارٌ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال مَاتُوْا کا فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم متضمن معنی شرط، فاء عاطفہ

لَنْ یَّغْفِرَ فعل اَللّٰهُ فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَا تَهِنُوْا وَ تَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَ اللّٰهُ مَعَكُمْ وَ لَنْ یَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ وُجُوْبَ الْجِهَادِ، لَا تَهِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَدْعُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتُمْ مبتدا، اَلْاَعْلَوْنَ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل اِلَى السَّلْمِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، مَعَكُمْ کائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَنْ یَّتِرَ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَعْمَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَ اِنْ تُؤْمِنُوْا وَ تَتَّقُوْا یُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَ لَا یَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا موصوف باصفت مبتدا، لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تُؤْمِنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَتَّقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، یُؤْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَسْـَٔلْ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَمْوَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنْ یَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَیُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَ یُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: اِنْ شرطیہ یَسْـَٔلْ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل هَا ضمیر مفعول بہ ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ یُحْفِ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، تَبْخَلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُخْرِجْ فعل هُوَ مستتر فاعل اَضْغَانَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ یَّبْخَلُ ۚ وَ مَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ الْغَنِیُّ وَ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: هٰٓاَنْتُمْ مبتدا، هٰٓؤُلَآءِ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ تُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل لام جارہ تعلیلیہ تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور جار بامجرور متعلق ہوئے فعل مجہول باتائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مِنْکُمْ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَنْ اسم موصول یَبْخَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَبْخَلُ فعل باهُوَ مستتر فاعل شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَبْخَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ نَّفْسِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، اَلْغَنِیُّ خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْتُمُ مبتدا، اَلْفُقَرَآءُ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ تَتَوَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، یَسْتَبْدِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل قَوْمًا موصوف غَیْرَکُمْ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا یَکُوْنُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَمْثَالَکُمْ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

تَرکیب سُوْرَۃُ الْفَتْحِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ①

آیت نمبر ۱: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم فَتَحْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكَ جار ہا مجرور متعلق ہوئے فَتْحًا مُّبِيْنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول مطلق خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَ يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ② وَّ يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ③

آیت نمبر ۲، ۳: لَامِ جارہ يَغْفِرَ فعل لَكَ جار ہا مجرور متعلق اَللّٰهُ فاعل مَا موصولہ تَقَدَّمَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْ ذَنْۢبِكَ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا تَاَخَّرَ موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، يَغْفِرَ فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُتِمَّ فعل هُوَ مستتر فاعل نِعْمَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلَيْكَ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يَهْدِيَ فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ يَنْصُرَ فعل اَللّٰهُ فاعل کاف ضمیر مفعول اوّل نَصْرًا عَزِيْزًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ تاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور فَتَحْنَا کے متعلق ثانی ہوئے۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ④

آیت نمبر ۴: هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّكِيْنَةَ مفعول بہ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ جار ہا مجرور متعلق اوّل ہوئے، لَامِ جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَزْدَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِيْمَانًا موصوف مَّعَ اِيْمَانِهِمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف با صفت تمیز، فعل با فاعل و تمیز بتاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور اَنْزَلَ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِلّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنُوْدُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كَانَ فعل ناقص اَللّٰهُ اس کا اسم عَلِيْمًا حَكِيْمًا اس کی دو خبر، كَانَ با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ⑤ وَّ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

السَّوْءِ ۚ وَ غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ لَعَنَهُمْ وَ اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

آیت نمبر ۶،۵: لام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُدْخِلَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ اوّل، جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال خٰلِدِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل فِيْهَا متعلق سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُكَفِّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سَيِّاٰتِهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُعَذِّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، الظَّآنِّيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بِاللّٰهِ متعلق ظَنَّ السَّوْءِ مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر صفت ہے الْمُنٰفِقِيْنَ اور الْمُشْرِكِيْنَ کی، یُعَذِّبَ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اَمَرَ اللّٰهُ بِالْجِهَادِ کے (جلالین)

واؤ اعتراضیہ كَانَ ناقصہ ذٰلِكَ اس کا اسم عِنْدَ اللّٰهِ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم فَوْزًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، پھر یہ خبر ہے، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ عَلَيْهِمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم دَآئِرَةُ السَّوْءِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ غَضِبَ فعل اللّٰهُ فاعل عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَعَنَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَعَدَّ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق جَهَنَّمَ مفعول بہ سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ سَآءَتْ فعل ذم هِيَ مستتر ممیز مَصِيْرًا تمیز، ممیز باتمیز فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا محذوف ہے هِيَ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جُنُوْدُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَانَ ناقصہ اللّٰهُ اسم عَزِيْزًا حَكِيْمًا اس کی دو خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ ؕ وَ تُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ۝

آیت نمبر ۹،۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب ذوالحال شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا معطوف علیہ بامعطوفین حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل باء جارہ اَللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُعَزِّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تُوَقِّرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُسَبِّحُوْا

فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ بُکْرَةً وَّ اَصِیْلًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور اَرْسَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱۰: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُبَایِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول بامصلہ اِنَّ کا اسم، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یُبَایِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر خبر اوّل، یَدُ اللّٰهِ مرکب اضافی مبتدا، فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ مرکب اضافی کَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر ثانی، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، نَكَثَ فعل باهُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَنْكُثُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى نَفْسِهٖ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، اَوْفٰى فعل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ عٰهَدَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَیْهِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول بامصلہ مجرور، جار بامجرور اَوْفٰى کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق شرط، فَاء جزائیہ سِین علامت فعل یُؤْتِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَجْرًا عَظِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

سَیَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَاۤ اَمْوَالُنَا وَ اَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ یَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَیْسَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: سِین علامت فعل، یَقُوْلُ فعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے اَلْمُخَلَّفُوْنَ ذوالحال مِنَ الْاَعْرَابِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل ومتعلق قول، شَغَلَتْ فعل نَا ضمیر مفعول بہ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِكَ، اِسْتَغْفِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِاَلْسِنَتِهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مَا اسم موصول لَیْسَ ناقصہ هُوَ مستتر اس کا اسم فِیْ قُلُوْبِهِمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر صلہ، موصول بامصلہ یَقُوْلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ (روح المعانی)

قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول ہوا، فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے لَا تُؤْمِنُوْنَ، مَنْ استفہامیہ مبتدا، یَمْلِكُ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، مِنَ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، شَیْـًٔا ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ،

فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق خبر، مبتدا با خبر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق ضَرًّا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَرَادَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِکُمْ متعلق نَفْعًا مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ کَانَ ناقصہ اَللّٰہُ اسم بَاء جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم خَبِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، کَانَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ یَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓی اَھْلِیْھِمْ اَبَدًا وَّ زُیِّنَ ذٰلِكَ فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَ ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖ وَ كُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: بَلْ عاطفہ برائے اضراب ظَنَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْ مخففہ من الثقیلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ یَّنْقَلِبَ فعل الرَّسُوْلُ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ معطوف علیہ با معطوف فاعل اِلٰٓی اَھْلِیْھِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَبَدًا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق خبر، اَنْ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ظَنَنْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زُیِّنَ فعل مجہول ذٰلِكَ نائب فاعل فِیْ قُلُوْبِكُمْ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظَنَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل ظَنَّ السَّوْءِ مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کُنْتُمْ ناقصہ تُمْ ضمیر اسم قَوْمًۢا بُوْرًا مرکب توصیفی خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَنْ لَّمْ یُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ سَعِیْرًا ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ استینا فیہ مَنْ اسم شرط مبتدا، لَمْ یُؤْمِنْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ اَللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے فَاِنَّا نُعَذِّبُہٗ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَعْتَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لِلْکٰفِرِیْنَ جار با مجرور متعلق، سَعِیْرًا مفعول بہ، چاروں مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: واؤ عاطفہ لِلّٰہِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَغْفِرُ فعل ھُوَ مستتر فاعل لام جارہ مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُعَذِّبُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ بیانیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کَانَ ناقصہ اَللّٰہُ اسم غَفُوْرًا رَّحِیْمًا دو خبر، کَانَ با اسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سَیَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰی مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْھَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ یُرِیْدُوْنَ

اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

آیت نمبر ۱۵: سِین علامت فعل، يَقُوْلُ فعل الْمُخَلَّفُوْنَ فاعل اِذَا مضاف اِنْطَلَقْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اِلٰی مَغَانِمَ جار باالجرور متعلق اوّل، لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَاْخُذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار باالجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین اِذَا کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ قول، ذَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ نَتَّبِعْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَذَرُوْنَا کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ يُبَدِّلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كَلٰمَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، يُرِيْدُوْنَ فعل بافاعل و مفعول بہ حال ہے الْمُخَلَّفُوْنَ سے۔

قُلْ فعل امر باانْتَ ضمیر قول ہوا، لَنْ تَتَّبِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ كَذٰلِكُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر قَوْلًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق ہوا قَالَ کا، قَالَ فعل اَللّٰهُ فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ سَمِعُوْا ذٰلِكَ، سِین علامت فعل، يَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اور مقولہ محذوف ہے لَيْسَ ذٰلِكَ النَّهْيُ حُكْمًا مِّنَ اللّٰهِ، قول بامقولہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ تَحْسُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف فَهْمًا کے مفعول مطلق ہوا من غیر لفظ الفعل، فعل بافاعل و مفعول مطلق خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

آیت نمبر ۱۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لام جارہ الْمُخَلَّفِيْنَ ذوالحال مِنَ الْاَعْرَابِ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ قول، سِین علامت فعل تُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال تُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يُسْلِمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال نائب فاعل اِلٰی جارہ قَوْمٍ موصوف اُولِيْ مضاف بَاْسٍ شَدِيْدٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باالمجرور تُدْعَوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اِنْ شرطیہ تُطِيْعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، يُؤْتِ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل اَجْرًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْ

شرطیہ تَتَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل کاف جارہ مَا موصولہ تَوَلَّيْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر تَوَلِّيًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول مطلق شرط، يُعَذِّبْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَ مَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: لَيْسَ فعل ناقص عَلَى الْاَعْمٰى کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم حَرَجٌ اسم مؤخر، لَيْسَ باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَلَى الْاَعْرَجِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ عطف لَيْسَ کی خبر مقدم حَرَجٌ اسم مؤخر، واؤ عاطفہ لَا زائدہ عَلَى الْمَرِيْضِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ عطف لَيْسَ کی خبر مقدم حَرَجٌ اسم مؤخر، واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يُطِعِ فعل هُوَ مستتر فاعل اَللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ سے مل کر شرط، يُدْخِلْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِيْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يَتَوَلَّ فعل باهُوَ مستتر فاعل شرط ہے، يُعَذِّبْ فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَ اَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۸،۱۹: لَامْ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، رَضِيَ فعل اَللّٰهُ فاعل عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ جار بامجرور متعلق ہوئے، اِذْ مضاف يُبَايِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ تَحْتَ الشَّجَرَةِ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ ظرف مستقر ثَبَتَ فعل محذوف کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ عَلِمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ اَنْزَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَلسَّكِيْنَةَ مفعول بہ عَلَيْهِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَثَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ فَتْحًا قَرِيْبًا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَغَانِمَ موصوف كَثِيْرَةً صفت اولیٰ، يَاْخُذُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف

12

باضافت الیہ رَضِیَ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ ناقصہ اَللّٰہُ اسم عَزِیْزًا حَکِیْمًا دو خبر، کَانَ باسم و خبرین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: وَعَدَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَللّٰہُ فاعل مَغَانِمَ موصوف کَثِیْرَۃً صفت اولیٰ تَاْخُذُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ عَجَّلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَکُمْ متعلق ھٰذِہٖ مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ کَفَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَیْدِیَ النَّاسِ مرکب اضافی مفعول بہ عَنْکُمْ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَکُوْنَ فعل ناقص ھِیَ مستتر اس کا اسم اٰیَۃً موصوف لِلْمُؤْمِنِیْنَ کَائِنَۃً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَھْدِیَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا مرکب توصیفی مفعول ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ باعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور معطوف اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لِتَلْتَفِعُوْا بِذٰلِکَ (روح المعانی) پھر معطوف علیہ باعطوف عَجَّلَ یا کَفَّ کے متعلق ہے۔

وَاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ عاطفہ اُخْرٰی منصوب تقدیراً موصوف لَمْ تَقْدِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلَیْھَا متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت فعل محذوف وَعَدَ یا اَثَابَ کا مفعول بہ ہے قَدْ علامت فعل اَحَاطَ فعل اَللّٰہُ فاعل بِھَا متعلق سے مل کر جملہ مستانفہ بیانیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَانَ ناقصہ اَللّٰہُ اسم قَدِیْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، کَانَ باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: واؤ استینافیہ لَوْ شرطیہ قَاتَلَ فعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، لَام جوابیہ وَلَّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل الْاَدْبَارَ مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا یَجِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا معطوف علیہ باعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: سُنَّۃَ مضاف اَللّٰہِ مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول قَدْ علامت فعل، خَلَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل، مِنْ قَبْلُ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَنَّ اللّٰہُ کا، واؤ عاطفہ لَنْ تَجِدَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَام جارہ سُنَّۃِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم تَبْدِیْلًا

مفعول بہ اوّل مؤخر، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ هُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَیْهِمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: واؤ عاطفہ هُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول كَفَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَیْدِیَهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَیْدِیَ مضاف كُمْ ضمیر ذوالحال بِبَطْنِ مَكَّةَ كَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، عَنْكُمْ جار بامجرور متعلق اوّل، عَنْهُمْ جار بامجرور متعلق ثانی، مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف اَنْ ناصبہ اَظْفَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ، عَلَیْهِمْ متعلق سے مل کر تاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثالث، كَفَّ فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَانَ ناقصہ اَللّٰهُ اس کا اسم بَصِیْرًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِمَا تَعْمَلُوْنَ متعلق مقدم سے مل کر خبر، كَانَ باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ الْهَدْیَ مَعْكُوْفًا اَنْ یَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَ لَوْ لَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ فَتُصِیْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَیْرِ عِلْمٍ ۚ لِیُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَیَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: هُمُ مبتدا، اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كُمْ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْهَدْیَ ذوالحال مَعْكُوْفًا حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صَدُّوْا کا مفعول بہ عَنِ جارہ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق، اَنْ ناصبہ یَبْلُغَ فعل هُوَ مستتر فاعل مَحِلَّهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں عَنْ اَنْ... الخ ہے اور یہ صَدُّوْا کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل و متعلقین و مفعول بہ معطوف معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ هُمُ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَوْلَا امتناعیہ رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ مرکب توصیفی معطوف علیہ واؤ عاطفہ نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف موصوف لَمْ تَعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ، تینوں مل کر صفت، موصوف باصفت مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَطَـُٔوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء سببیہ عاطفہ تُصِیْبَ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْهُمْ جار بامجرور متعلق مَّعَرَّةٌ موصوف بِغَیْرِ عِلْمٍ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف (مظہری) معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر بدل، مبدل منہ بابدل مبتدا، مَوْجُوْدُوْنَ خبر محذوف ہے، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ شرط اور اس کی جزاء محذوف ہے لَاَذِنَ لَكُمْ فِی الْفَتْحِ (جلالین) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُدْخِلَ فعل اَللّٰهُ فاعل فِیْ رَحْمَتِهٖ جار بامجرور متعلق ہوئے مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ،

فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ بتا ویل مصدر جار بامجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف لَمْ یُؤْذَنْ لَکُمْ... الخ کے (جلالین) لَوْ شرطیہ تَزَیَّلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، لام جوابیہ عَذَّبْنَا فعل نا ضمیر فاعل الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ ذوالحال مِنْهُمْ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

اِذْ جَعَلَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِیَّةَ حَمِیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰی وَ كَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَ اَهْلَهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اِذْ مضاف جَعَلَ فعل الَّذِیْنَ کَفَرُوْا موصول باصلہ فاعل فِیْ قُلُوْبِهِمُ جار بامجرور متعلق الْحَمِیَّةَ مبدل منہ حَمِیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل جَعَلَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل محذوف اُذْکُرْ کا، یا مفعول فیہ صَدُّوْا کا، فَاء عاطفہ اَنْزَلَ فعل اللّٰهُ فاعل سَكِیْنَتَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ عَلٰی رَسُوْلِهٖ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْزَمَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول اوّل كَلِمَةَ التَّقْوٰی مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَحَقَّ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل بِهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْلَهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ كَانَ ناقصہ اللّٰهُ اس کا اسم عَلِیْمًا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بِكُلِّ شَیْءٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، كَانَ باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْیَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ ۙ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِیْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: لام موطئہ للقسم قَدْ علامت فعل، صَدَقَ فعل اللّٰهُ فاعل رَسُوْلَهُ مرکب اضافی مفعول بہ الرُّءْیَا منصوب بنزع الخافض اصل میں فِی الرُّءْیَا یہ پہلا متعلق اور بِالْحَقِّ دوسرا متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم محذوف ہے، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ لام موطئہ للقسم تَدْخُلُنَّ فعل واؤ ضمیر محذوف اس کا فاعل الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ شَآءَ فعل اللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ اٰمِنِیْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل سے مل کر تَدْخُلُنَّ کی ضمیر فاعل سے

حال اولی ہوا، مُحَلِّقِیْنَ اسم فاعل باَنْتُمْ ضمیر فاعل رُءُوْسَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُقَصِّرِیْنَ اسم فاعل باَنْتُمْ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال ہوا تَدْخُلُنَّ کی ضمیر فاعل سے۔ لَا تَخَافُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ عَلِمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول لَمْ تَعْلَمُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ دُوْنِ ذٰلِکَ متعلق ہوئے فَتْحًا قَرِیْبًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ؕ وَ كَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: ھُوَ مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول اَرْسَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل رَسُوْلَهٗ مرکب اضافی ذوالحال، بَاء جارہ الْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور اَرْسَلَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، لَام جارہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یُظْهِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ عَلَی جارہ الدِّیْنِ كُلِّهٖ مؤکد باتاکید مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور اَرْسَلَ کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ کَفٰی فعل بَاء جارہ زائدہ اَللّٰهِ مجرور لفظاً مرفوع فاعل شَهِیْدًا تمیز، فعل بافاعل وتمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا ۫ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۚۖ وَ مَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: مُحَمَّدٌ مبتدا، رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی اٰمَنُوْا کا مفعول فیہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، اَشِدَّآءُ صیغہ صفت ھُمْ مستتر فاعل عَلَی الْكُفَّارِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ خبر اول، رُحَمَآءُ صیغہ صفت ھُمْ مستتر فاعل بَیْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر خبر ثانی، تَرٰی فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال رُكَّعًا حال اولی سُجَّدًا حال ثانیہ یَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فَضْلًا موصوف مِنَ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطف رِضْوَانًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَبْتَغُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ حال ثالثہ، ذوالحال باحوال ثلاثہ تَرٰی کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مبتدا کی خبر ثالث، مبتدا باخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سِیْمَاهُمْ مرکب اضافی مبتدا، فِیْ وُجُوْهِهِمْ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل ھُوَ ضمیر ذوالحال مِنْ

اَثَرِ السُّجُوْدِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِكَ مبتدا، مَثَلُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال فِی التَّوْرٰىةِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَثَلُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال فِی الْاِنْجِیْلِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، کاف جارہ زَرْعٍ موصوف اَخْرَجَ فعل هُوَ مستتر فاعل شَطْئَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاٰزَرَهٗ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، فَاٰزَرَهٗ عاطفہ اسْتَغْلَظَ فعل باهُوَ مستتر فاعل معطوف ثانی، فَاٰزَرَهٗ عاطفہ اِسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى سُوْقِهٖ متعلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ زَرْعٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر مَثَلُهُمْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يُعْجِبُ فعل هُوَ مستتر فاعل الزُّرَّاعَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِسْتَوٰى کی ضمیر فاعل سے حال ہے، لَام جارہ تعلیلیہ اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَغِيْظَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِهِمُ متعلق الْكُفَّارَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف جَعَلَ اللّٰهُ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ اَشِدَّآءَ... الخ یا متعلق مقدم ہے وَعَدَ کا، وَعَدَ فعل اَللّٰهُ فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْهُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال وَعَدَ کا مفعول بہ اوّل، مَغْفِرَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْرًا عَظِيْمًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْحُجُرَاتِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ①

آیت نمبر ۱: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تُقَدِّمُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل بَيْنَ مضاف يَدَيِ مضاف الیہ مضاف اَللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، يَدَيِ مضاف بامضاف الیہ بَيْنَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِتَّقُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اس کی دو خبر، اِنَّ بااسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ②

آیت نمبر ۲: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَرْفَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَصْوَاتَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَجْهَرُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق ہوئے، بِالْقَوْلِ جار بامجرور متعلق ثانی، کاف جارہ جَهْرِ مصدر مضاف بَعْضِكُمْ مرکب اضافی مضاف الیہ معنیً فاعل لِبَعْضٍ جار بامجرور مصدر کے متعلق، مصدر مضاف بامضاف الیہ ومتعلق مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر جَهْرًا موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول مطلق ہوا، اَنْ ناصبہ تَحْبَطَ فعل اَعْمَالُ مضاف كُمْ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، لَا تَشْعُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اَعْمَالُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر خَشْيَةَ مضاف محذوف کے واسطہ سے لَا تَجْهَرُوْا کا مفعول لہ، فعل بافاعل ومتعلقین ومفعولین جملہ انشائیہ نہیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ③

آیت نمبر ۳: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول يَغُضُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَصْوَاتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم، اُولٰۗىِٕكَ اسم اشارہ مبتدا، الَّذِيْنَ اسم موصول اِمْتَحَنَ فعل اَللّٰهُ فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، لِلتَّقْوٰى متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اُولٰۗىِٕكَ کی خبر، مبتدا باخبر

اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَهُمْ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مَغْفِرَةٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْرٌ عَظِيْمٌ موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴: اِنَّ حرف تحقیق الَّذِيْنَ اسم موصول يُنَادُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم اَكْثَرُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، لَا يَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ لَوْ شرطیہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم صَبَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے تَخْرُجَ فعل اس میں اَنْتَ ضمیر اس کا فاعل اِلَيْهِمْ اس کے متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر فاعل ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، لَام جوابیہ كَانَ فعل ناقص اس میں هُوَ مستتر اس کا اسم خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ مستتر اس کا فاعل لَهُمْ اس کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۶: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے، اِنْ شرطیہ جَآءَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فَاسِقٌ فاعل بِنَبَاٍ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ تَبَيَّنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنْ ناصبہ تُصِيْبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِجَهَالَةٍ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل قَوْمًۢا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تُصْبِحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم نٰدِمِيْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر مستتر فاعل عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر خَشْيَةَ مضاف محذوف کے واسطہ سے مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعول لہ جملہ شرطیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ عاطفہ اِعْلَمُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق فِيْكُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم رَسُوْلَ اللّٰهِ

مرکب اضافی اسم مؤخر، اَنَّ با اسم و خبر اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ یُطِیْعُ فعل هُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِیْ جارہ کَثِیْرٍ موصوف مِنَ الْاَمْرِ کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور یُطِیْعُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق شرط، لَام جوابیہ عَنِتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لٰکِنَّ حرف استدراک اَللّٰهَ اس کا اسم حَبَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْکُمْ متعلق الْاِیْمَانَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زَیَّنَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ فِیْ قُلُوْبِکُمْ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ کَرَّہَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلَیْکُمْ جار با مجرور متعلق الْکُفْرَ وَ الْفُسُوْقَ وَ الْعِصْیَانَ معطوف علیہ با معطوفین خبر، لٰکِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اُولٰٓئِکَ مبتدا، هُمُ ضمیر فصل الرّٰشِدُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ نِعْمَةً ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝۸

آیت نمبر ۸: فَضْلًا موصوف مِنَ اللّٰهِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نِعْمَةً معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول لہ ہوا حَبَّبَ کا، واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ دو خبر، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِیْ تَبْغِیْ حَتّٰى تَفِیْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَ اَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ۝۹

آیت نمبر ۴۹: واؤ عاطفہ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ جار با مجرور متعلق مقدم خَلَقْنَا فعل نا ضمیر فاعل زَوْجَيْنِ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ لَعَلَّ حرف ترجّی كُمْ ضمیر اس کا اسم تَذَكَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، حرف ترجّی با اسم و خبر جملہ انشائیہ معللہ ہوا۔

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا عَلِمْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ اَحَدٌ، فِرُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلَى اللّٰهِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر اس کا اسم لَكُمْ جار با مجرور نَذِيْرٌ کا متعلق اوّل مِنْهُ جار با مجرور متعلق ثانی، نَذِيْرٌ صیغہ صفت بِهُوَ مستتر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر موصوف مُّبِيْنٌ صفت، موصوف با صفت خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۱

آیت نمبر ۵۱: واؤ عاطفہ لَا تَجْعَلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل مَعَ اللّٰهِ مرکب اضافی کَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر مفعول بہ ثانی اِلٰهًا اٰخَرَ مرکب توصیفی مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ کی ترکیب ابھی اوپر گزری ہے۔

كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: كَذٰلِكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے اَلْاَمْرُ مبتدا محذوف کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ مَا نافیہ اَتَى فعل الَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف هِمْ ضمیر ذوالحال اِلَّا حرف استثناء قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ معطوف علیہ باعطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول باعقولہ حال، ذوالحال باحال قَبْلِ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مجرور، جار باجرور تَوَاصَوْا کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ مقدم، مِنْ جارہ زائدہ رَّسُوْلٍ محلاً مرفوع فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳: هَمزہ استفہامیہ تَوَاصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ طَاغُوْنَ موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَاۤ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ هٰذَا شَاْنَهُمْ، تَوَلَّ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَا حجازیہ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بَاء زائدہ مَلُوْمٍ محلاً منصوب خبر، مَا باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵: واؤ عاطفہ ذَكِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق الذِّكْرٰى منصوب تقدیراً اِنَّ کا اسم تَنْفَعُ فعل هِیَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶: واؤ استینافیہ مَا نافیہ خَلَقْتُ فعل تَاء مضمومہ ضمیر فاعل الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ معطوف علیہ باعطوف مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغواً مر جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَعْبُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر متکلم مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

مَاۤ اُرِیْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّ مَاۤ اُرِیْدُ اَنْ یُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾

آیت نمبر ۵۷: مَا نافیہ اُرِیْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل مِنْهُمْ جار باجرور متعلق مِنْ جارہ زائدہ رِزْقٍ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اُرِیْدُ فعل اَنَا مستتر فاعل اَنْ ناصبہ یُطْعِمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یاء ضمیر متکلم

محذوف مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۸:اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل الرَّزَّاقُ خبر اوّل،ذُو الْقُوَّةِ مرکب اضافی خبر دوم الْمَتِيْنُ خبر ثالث،اِنَّ باسم واخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾

آیت نمبر ۵۹:فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا عَرَفْتَ حَالَ الْكُفَّارِ،اِنَّ حرف تحقیق لَام جارہ اَلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم ذَنُوْبًا موصوف مِثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ مرکب اضافی صفت،موصوف باصفت اسم مؤخر،اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَاكَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ،یا اِنْ اَخَّرْتُ عَذَابَهُمْ، لَايَسْتَعْجِلُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا،یَاء ضمیر متکلم مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ جزاء،شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾

آیت نمبر ۶۰:فَاء تعلیلیہ وَيْلٌ مبتدا،لَام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ،موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر،مِنْ جارہ يَوْمِهِمُ مرکب اضافی موصوف اَلَّذِيْ اسم موصول يُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل سے مل کر صلہ،موصول باصلہ صفت،موصوف باصفت مجرور،جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر وَيْلٌ کی صفت ہے،وَيْلٌ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الطُّوْرِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ الطُّوْرِ ۝۱ وَ كِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝۲ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝۳ وَّ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝۴ وَ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝۵ وَ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۝۶ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝۷ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝۸ وَّ تَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۝۹

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴،۵،۶،۷،۹،۱۰: واؤ قسمیہ جارہ الطُّوْرِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كِتٰبٍ موصوف مَسْطُوْرٍ اسم مفعول هُوَ مستتر نائب فاعل فِيْ جارہ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ مرکب توصیفی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ مرکب توصیفی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ الْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ مرکب توصیفی معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف أُقْسِمُ کا، أُقْسِمُ فعل أَنَا ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق عَذَابَ رَبِّكَ مرکب اضافی اسم لام مذحلقہ وَاقِعٌ صیغہ اسم فاعل هُوَ مستتر اس کا فاعل يَوْمَ مضاف تَمُوْرُ فعل السَّمَآءُ فاعل مَوْرًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَسِيْرُ فعل الْجِبَالُ فاعل سَيْرًا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ وَاقِعٌ کا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۝۸

آیت نمبر ۸: مَا نافیہ لَهٗ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ جارہ زائدہ دَافِعٍ مجرور لفظاً مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۱،۱۲: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ مَا ذُكِرَ، وَيْلٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر وَيْلٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا، لام جارہ الْمُكَذِّبِيْنَ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، يَلْعَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ خَوْضٍ متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر وَيْلٌ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: يَوْمَ مضاف يُدَعُّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ متعلق دَعًّا مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ يَوْمَ تَمُوْرُ... الخ کا بدل ہے یا يَوْمَئِذٍ کا بدل ہے۔

هٰذِهِ النَّارُ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: هٰذِهِ مبتدا، النَّارُ موصوف الَّتِیْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ اَلنَّارُ کی صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یُقَالُ لَهُمْ قول محذوف کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ لِلْوَحْیِ هٰذَا سِحْرٌ، یہ قول با مقولہ معطوف علیہ، سِحْرٌ خبر مقدم هٰذَا مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ اَنْتُمْ مبتدا، لَا تُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف علیہ اوّل کا معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَیْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: اِصْلَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِصْبِرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، اَوْ عاطفہ لَا تَصْبِرُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ سَوَآءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلَیْكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا محذوف ہے اَلْاَمْرَانِ (کشاف) اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ تُجْزَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّ نَعِیْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِیْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِیْنَ اِنَّ کا اسم فِیْ جارہ جَنّٰتٍ وَّ نَعِیْمٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنُوْنَ کے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر ذوالحال فٰكِهِیْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ اٰتٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَقٰى فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل عَذَابَ الْجَحِیْمِ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور اسم فاعل کے متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال كَائِنُوْنَ کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِیْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: كُلُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِشْرَبُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هَنِیْٓـًٔا بواسطہ موصوف محذوف شُرْبًا کے مفعول مطلق، بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ

خبر یہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبر یہ صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور کُلُوْا یا اِشْرَبُوْا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول مطلق و متعلق جملہ انشائیہ امر یہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہوا یُقَالُ لَهُمْ قول محذوف کا، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: مُتَّكِـِٕيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر فاعل عَلٰى جارہ سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر کُلُوْا کی ضمیر فاعل سے حال ہے یا فِیْ جَنّٰتٍ کے متعلق ہو کر کَائِنُوْنَ کی هُمْ ضمیر فاعل سے حال ہے، واؤ عاطفہ زَوَّجْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء جارہ حُوْرٍ عِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور زَوَّجْنَا کے متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبر یہ وَقٰىهُمْ پر معطوف ہوا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲: واؤ استینافیہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّبَعَتْ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ ذُرِّيَّتُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال بِاِيْمَانٍ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اَلْحَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے، ذُرِّيَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَلَتْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، مِنْ عَمَلِهِمْ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ جارہ زائدہ شَيْءٍ محلًا منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبر یہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَمْدَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ فَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ معطوف علیہ با معطوف موصوف مِنْ جارہ مَا يَشْتَهُوْنَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور اَمْدَدْنَا کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبر یہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین مبتدا کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔ كُلُّ امْرِئٍۢ مرکب اضافی مبتدا، رَهِيْنٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا كَسَبَ موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، صیغہ صفت با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ مستانفہ ہوا۔

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: يَتَنَازَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا اس کے متعلق كَاْسًا موصوف لَا زائدہ لَغْوٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ تَاْثِيْمٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا، فِيْهَا جار با مجرور كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبر یہ ہو کر كَاْسًا کی صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبر یہ مستانفہ ہوا۔

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾

14

آیت نمبر ۲۴: واؤ عاطفہ یَطُوْفُ فعل عَلَیْهِمْ اس کے متعلق غِلْمَانٌ موصوف لَهُمْ کَاَنَّهُمْ کے متعلق ہو کر پہلی صفت، کَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم لُؤْلُؤٌ مَکْنُوْنٌ مرکب توصیفی خبر، کَاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر دوسری صفت، موصوف با صفتین فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اَقْبَلَ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی فاعل عَلٰی جارہ بَعْضٍ ذوالحال یَتَسَآءَلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل حال، ذوالحال باحال مجرور، جار با مجرور اَقْبَلَ کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

قَالُوْۤا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِیْۤ اَهْلِنَا مُشْفِقِیْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر ذوالحال قَبْلُ کَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال کُنَّا کا اسم مُشْفِقِیْنَ اسم فاعل با نَحْنُ مستتر فاعل فِیْ اَهْلِنَا متعلق مقدم سے مل کر کُنَّا کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فَاء عاطفہ مَنَّ فعل اَللّٰهُ فاعل عَلَیْنَا متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ وَقٰی فعل هُوَ ضمیر فاعل نَا ضمیر پہلا مفعول بہ عَذَابَ السَّمُوْمِ مرکب اضافی دوسرا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر ذوالحال مِنْ قَبْلُ جار با مجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فعل ناقص کا اسم، نَدْعُوْا فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هٗ ضمیر اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل اَلْبَرُّ الرَّحِیْمُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

فَذَكِّرْ فَمَاۤ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّ لَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ، یا اِنْ وَصَفَکَ الْکَافِرُوْنَ بِالْجُنُوْنِ وَغَیْرِهٖ، ذَکِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ کَاهِنٍ اسم فاعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ مَجْنُوْنٍ اسم مفعول هُوَ مستتر ذوالحال بِنِعْمَتِ رَبِّکَ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، اسم مفعول با نائب فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ

خبریہ معطّلہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: اَمْ عاطفہ منقطعہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، شَاعِرٌ موصوف نَتَرَبَّصُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ متعلق رَيْبَ الْمَنُوْنِ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت خبر مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، تَرَبَّصُوْا فعل امر با واؤ ضمیر فاعل جملہ انشائیہ امریہ معلّل، فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق یَاء ضمیر ذوالحال مَعَكُمْ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال اِنَّ کا اسم مِنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معلّل، معلّل با معلّل مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: اَمْ منقطعہ تَاْمُرُ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اَحْلَامُهُمْ مرکب اضافی فاعل بِهٰذَا متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، قَوْمٌ طَاغُوْنَ مرکب توصیفی خبر، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: اَمْ منقطعہ يَقُوْلُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، تَقَوَّلَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ قَالُوْا تَقَوَّلَهٗ، لْيَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ حَدِيْثٍ موصوف مِثْلِهٖ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار با مجرور لْيَاْتُوْا کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء ہوئی شرط محذوف کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: اَمْ منقطعہ خُلِقُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ هُمْ مبتدا، اَلْخٰلِقُوْنَ خبر، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: اَمْ عاطفہ خَلَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ

جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ لَا یُوْقِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: اَمْ عاطفہ عِنْدَهُمْ مرکب اضافی كَائِنَةٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ رَبِّكَ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ هُمُ ضمیر مبتدا، الْمُصَيْطِرُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: اَمْ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سُلَّمٌ موصوف يَسْتَمِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنِ ادَّعُوْا ذٰلِكَ، لِيَاْتِ فعل امر مُسْتَمِعُهُمْ مرکب اضافی فاعل بَاء جار و سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: اَمْ عاطفہ لَهُ جار با مجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْبَنٰتُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَكُمُ جار با مجرور كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْبَنُوْنَ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: اَمْ عاطفہ تَسْـَٔلُ فعل اَنْتَ مستتر اس کا فاعل هُمْ ضمیر پہلا مفعول بہ اَجْرًا دوسرا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، مُثْقَلُوْنَ اسم مفعول هُمْ ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل مِنْ مَّغْرَمٍ متعلق مقدم با اسم مفعول با نائب فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۴۱: اَمْ عاطفہ عِنْدَهُمْ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم الْغَيْبُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، يَكْتُبُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: اَمْ عاطفہ يُرِيْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَيْدًا مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، فَاء استینافیہ الَّذِيْنَ

كَفَرُوْا موصول باصلہ مبتدا، هُمُ ضمیر مبتدا، الْمَكِيْدُوْنَ خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: اَمْ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اِلٰهٌ موصوف غَيْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سُبْحٰنَ مصدر مضاف اللّٰهِ مضاف الیہ عَنْ جارہ مَا يُشْرِكُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے سُبْحٰنَ مصدر کے مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مفعول مطلق ہوا فعل محذوف سَبَّحْتُ کا، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: واؤ استینافیہ اِنْ شرطیہ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كِسْفًا موصوف مِنَ السَّمَآءِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولی، سَاقِطًا صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَقُوْلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: فاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا تَبَيَّنَ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ عَنِ الْكُفْرِ، ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يُلٰقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل يَوْمَهُمْ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْ اسم موصول يُصْعَقُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْهِ متعلق مقدم سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت يُلٰقُوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: يَوْمَ مضاف لَا يُغْنِيْ فعل عَنْهُمْ متعلق كَيْدُهُمْ مرکب اضافی فاعل شَيْئًا مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ هُمْ مبتدا، يُنْصَرُوْنَ فعل مجہول باواؤ ضمیر نائب فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ يَوْمَهُمْ سے بدل ہے۔

وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: واؤ استینافیہ اِنَّ حرف تحقیق لام جارہ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابًا موصوف دُوْنَ ذٰلِكَ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک اَكْثَرَهُمْ مرکب اضافی اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لٰكِنَّ با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینافیہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِحُكْمِ رَبِّكَ متعلق سے مل کر مطل، فَاء تعلیلیہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم بِاَعْيُنِنَا كَاۗىِٕنٌ کے متعلق ہو کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر مطل، مطل با معطل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال بِحَمْدِ رَبِّكَ مُتَلَبِّسًا کے متعلق ہو کر حال ہذوالحال باحال فاعل، حِيْنَ مضاف تَقُوْمُ فعل با اَنْتَ مستتر فاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ سَبِّحْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝

آیت نمبر ۴۹: واؤ عاطفہ مِنَ الَّيْلِ جار با مجرور متعلق مقدم فَاء زائدہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ بواسطہ عطف کے مفعول فیہ ہے۔

تركيب سُوْرَةُ النَّجْمِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝۱ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝۲ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝۳

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: واؤ قسمیہ جارہ النَّجْمِ مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، اِذَا مضاف هَوٰى فعل باهُوَ مستتر فاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا، مَا نافیہ ضَلَّ فعل صَاحِبُكُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ غَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَنْطِقُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنِ الْهَوٰى متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝۴ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝۵ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۝۶ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝۷

آیت نمبر ۴، ۵، ۶، ۷: اِنْ نافیہ هُوَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء وَحْيٌ موصوف يُّوْحٰى فعل مجہول با هُوَ ضمیر نائب فاعل صفت اولی، عَلَّمَ فعل هٗ ضمیر مفعول بہ شَدِيْدُ الْقُوٰى مرکب اضافی موصوف ذُوْ مِرَّةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مبتدا، بَاء جارہ اَلْاُفُقِ الْاَعْلٰى مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ذوالحال باحال اِسْتَوٰى کا فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف وَحْيٌ کی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝۸

آیت نمبر ۸: ثُمَّ عاطفہ دَنَا فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَدَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۝۹

آیت نمبر ۹: فَاء عاطفہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم قَابَ قَوْسَيْنِ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَدْنٰى معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: فَاء عاطفہ اَوْحٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى عَبْدِهٖ متعلق مَا موصولہ اَوْحٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول

باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی پر۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: مَا نافیہ كَذَبَ فعل الْفُؤَادُ فاعل مَا اسم موصول رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تُنْكِرُوْنَ قَوْلَ مُحَمَّدٍ تُمٰرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جارہ مَا اسم موصول يَرٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ﴿۱۳﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿۱۴﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر مفعول بہ نَزْلَةً اُخْرٰى مرکب توصیفی مفعول فیہ اوّل، اصل میں وَقْتَ نَزْلَةٍ اُخْرٰى ہے (مظہری) عِنْدَ مضاف سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى مرکب اضافی ذوالحال عِنْدَهَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَنَّةُ الْمَاْوٰى مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال عِنْدَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ رَاٰى کا مفعول فیہ ثانی، اِذْ مضاف يَغْشَى فعل السِّدْرَةَ مفعول بہ مَا موصولہ يَغْشٰى فعل باهُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ رَاٰى کا مفعول فیہ ثالث، فعل بافاعل و مفاعیل اربعہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: مَا نافیہ زَاغَ فعل الْبَصَرُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ طَغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، رَاٰى فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جارہ اٰيٰتِ رَبِّهِ مرکب اضافی موصوف الْكُبْرٰى صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نَظَرْتُمْ مَا تَعْبُدُوْنَهٗ (مظہری) رَءَيْتُمْ فعل تُمْ

ضمیر فاعل اَللّٰتَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْعُزّٰی منصوب تقدیراً معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَنٰوةَ موصوف الثَّالِثَةَ صفت اولیٰ، الْاُخْرٰی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین مفعول بہ اوّل، مفعول بہ ثانی محذوف ہے قَادِرَةً، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: هَمزہ استفہامیہ لَكُمُ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الذَّكَرُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْاُنْثٰی مبتدا موخر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: تِلْكَ اسم اشارہ مبتدا، قِسْمَةٌ مصدر اِذًا مفعول فیہ مقدم سے مل کر موصوف ضِيْزٰى مرفوع تقدیراً صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنْ نافیہ هِيَ ضمیر مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو اَسْمَآءٌ موصوف سَمَّيْتُمُوْهَا فعل تُمْ ضمیر مؤکد اَنْتُمْ ضمیر تاکید، مؤکد با تاکید معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰبَآؤُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ باعطوف فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ اَسْمَآءٌ کی پہلی صفت، مَا نافیہ اَنْزَلَ فعل اَللّٰهُ فاعل بِهَا جار بامجرور متعلق مِنْ زائدہ سُلْطٰنٍ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ثانی، موصوف باصفتین مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنْ نافیہ يَتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء الظَّنَّ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ تَهْوَى فعل الْاَنْفُسُ فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ رَّبِّهِمُ جار بامجرور متعلق الْهُدٰى مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ مستانفہ ہوا اگر واؤ اعتراضیہ ہو تو پھر یہ جملہ معترضہ ہوگا۔

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اَمْ عاطفہ منقطعہ لِلْاِنْسَانِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا اسم موصول تَمَنّٰى فعل بافاعل ھُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: فَاء تعلیلیہ لِلّٰهِ كَائِنَتَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى معطوف علیہ باعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف جملہ معلّلہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینافیہ کَمْ خبریہ ممیز مِنْ جارہ مَلَكٍ موصوف فِي جارہ السَّمٰوٰتِ مجرور، جار ہا مجرور کَائِنٍ کے متعلق ہو کر مَلَكٍ کی صفت، موصوف ہا صفت مجرور، جار ہا مجرور محلًا منصوب تمیز، ممیز ہا تمیز مبتدا، لَا تُغْنِيْ فعل شَفَاعَتُهُمْ مرکب اضافی فاعل شَيْـًٔا مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف اَنْ ناصبہ يَّاْذَنَ فعل اللّٰهُ فاعل لام جارہ مَنْ اسم موصول يَّشَآءُ فعل ہاھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَرْضٰى فعل ہاھُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف صلہ، موصول ہا صلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے يَّاْذَنَ کے، فعل ہا فاعل و متعلق بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف ہا مضاف الیہ مجرور، جار ہا مجرور لَا تُغْنِيْ کے متعلق ہوئے، فعل ہا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا ہا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِيْنَ اسم موصول لَا يُؤْمِنُوْنَ فعل ہا واؤ ضمیر فاعل بِالْاٰخِرَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول ہا صلہ اِنَّ کا اسم لام مذحلقہ يُسَمُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَلٰٓئِكَةَ مفعول بہ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر خبر، اِنَّ ہا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: واؤ حالیہ مَا نافیہ لَهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم بِهٖ جار ہا مجرور متعلق مقدم مِنْ جارہ زائدہ عِلْمٍ مصدر اپنے متعلق مقدم سے مل کر محلًا مرفوع مبتدا مؤخر، مبتدا ہا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر يُسَمُّوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے، اِنْ نافیہ يَّتَّبِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو الظَّنَّ ذوالحال، واؤ حالیہ اِنَّ حرف تحقیق الظَّنَّ اس کا اسم لَا يُغْنِيْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ الْحَقِّ متعلق شَيْـًٔا مفعول بہ سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ ہا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال ہا حال يَّتَّبِعُوْنَ کا مفعول بہ، فعل ہا فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ كَانُوْا يَتَّبِعُوْنَ الظَّنَّ وَهُوَ غَيْرُ الْحَقِّ، اَعْرِضْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل عَنْ جارہ مَنْ اسم موصول تَوَلّٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل عَنْ ذِكْرِنَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ يُرِدْ فعل ھُوَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف صلہ، موصول ہا صلہ مجرور، جار ہا مجرور اَعْرِضْ کے متعلق، فعل ہا فاعل و متعلق جزاء، شرط محذوف ہا جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ

بِمَنِ اهْتَدٰی ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۰: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، مَبْلَغُهُمْ مصدر مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ معنًی فاعل مِنَ الْعِلْمِ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، مصدر مضاف ہا مضاف الیہ و متعلق خبر، مبتدا ہا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَنْ اسم موصول ضَلَّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَنْ سَبِيْلِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول ہا صلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل ہا فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا ہا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَنْ اسم موصول اِهْتَدٰی فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول ہا صلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق، اسم تفضیل ہا فاعل و متعلق خبر، مبتدا ہا خبر معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ ہا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ۙ لِیَجْزِیَ الَّذِیْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَ یَجْزِیَ الَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰی ﴿۳۱﴾ اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ الْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَ اِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ فَلَا تُزَكُّوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۱، ۳۲: واؤ استینافیہ لِلّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَا فِی السَّمٰوٰتِ موصول ہا صلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا فِی الْاَرْضِ موصول ہا صلہ معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا ہا خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لام جارہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے یَجْزِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّذِیْنَ اَسَآءُوْا موصول ہا صلہ مفعول بہ، بَاء جارہ مَا عَمِلُوْا موصول ہا صلہ مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل ہا فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَجْزِیَ فعل هُوَ مستتر فاعل بِالْحُسْنٰی جار ہا مجرور متعلق ہوئے، الَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا موصول ہا صلہ مبدل منہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَجْتَنِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْفَوَاحِشَ معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء اللَّمَمَ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ ہا مستثنیٰ یَجْتَنِبُوْنَ کا مفعول بہ، فعل ہا فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول ہا صلہ بدل، مبدل منہ ہا بدل یَجْزِیَ کا مفعول بہ، فعل ہا فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ ہا معطوف بتاویل مصدر مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوا فعل محذوف خَلَقَ اللّٰهُ الْعَالَمَ کے، فعل ہا فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ مرکب اضافی خبر اِنَّ ہا اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ هُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل بِكُمْ جار ہا مجرور متعلق ہوئے اِذْ مضاف اَنْشَاَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَرْضِ جار ہا مجرور متعلق سے مل کر مضاف الیہ، مضاف ہا مضاف الیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذْ مضاف اَنْتُمْ مبتدا، اَجِنَّةٌ موصوف فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف ہا صفت خبر، مبتدا ہا خبر مضاف الیہ، مضاف ہا مضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ

بامعطوف اَعْلَمُ کا مفعول فیہ، اسم تفضیل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ فَلَا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ کَانَ ھٰذَا اَمْرَکُمْ، لَاتُزَکُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اَنْفُسَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ نہیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَنِ اتَّقٰی موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

رکوع نمبر ۳

اَفَرَءَیْتَ الَّذِیْ تَوَلّٰی ﴿۳۳﴾ وَاَعْطٰی قَلِیْلًا وَّاَکْدٰی ﴿۳۴﴾ اَعِنْدَہٗ عِلْمُ الْغَیْبِ فَھُوَ یَرٰی ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۳، ۳۴، ۳۵: ھَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ رَءَیْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل الَّذِیْ اسم موصول تَوَلّٰی فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْطٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل قَلِیْلًا مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَکْدٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مفعول اوّل، ھَمزہ استفہامیہ عِنْدَہٗ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم عِلْمُ الْغَیْبِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یَرٰی فعل باھُوَ مستتر فاعل خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف رَءَیْتَ کا مفعول ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف تَاَمَّلْتَ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اَمْ لَمْ یُنَبَّاْ بِمَا فِیْ صُحُفِ مُوْسٰی ﴿۳۶﴾ وَاِبْرٰھِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰٓی ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: اَمْ منقطعہ لَمْ یُنَبَّاْ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ فِیْ جارہ صُحُفِ مضاف مُوْسٰی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْرٰھِیْمَ موصوف الَّذِیْ اسم موصول وَفّٰی فعل باھُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صُحُفِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار باجرور ظرف مستقر فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور لَمْ یُنَبَّاْ کے متعلق ہوئے فعل مجہول کے، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ﴿۳۸﴾ وَاَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْیَہٗ سَوْفَ یُرٰی ﴿۴۰﴾ ثُمَّ یُجْزٰىہُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ اِلٰی رَبِّکَ الْمُنْتَھٰی ﴿۴۲﴾ وَاَنَّہٗ ھُوَ اَضْحَکَ وَاَبْکٰی ﴿۴۳﴾ وَاَنَّہٗ ھُوَ اَمَاتَ وَاَحْیَا ﴿۴۴﴾ وَاَنَّہٗ خَلَقَ الزَّوْجَیْنِ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی ﴿۴۵﴾ مِنْ نُّطْفَۃٍ اِذَا تُمْنٰی ﴿۴۶﴾ وَاَنَّ عَلَیْہِ النَّشْاَۃَ الْاُخْرٰی ﴿۴۷﴾ وَاَنَّہٗ ھُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی ﴿۴۸﴾ وَاَنَّہٗ ھُوَ رَبُّ الشِّعْرٰی ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱، ۴۲، ۴۳، ۴۴، ۴۵، ۴۶، ۴۷، ۴۸، ۴۹: اَنْ مخففہ من المثقلہ ہٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَا تَزِرُ فعل وَازِرَۃٌ فاعل وِزْرَ اُخْرٰی مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، اَنْ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْ مخففہ من المثقلہ ہٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَیْسَ فعل ناقص لِلْاِنْسَانِ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم اِلَّا حرف استثناء لغو مَا اسم موصول سَعٰی فعل باھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، لَیْسَ باسم و خبر اَنْ کی خبر، اَنْ باسم و خبر جملہ اسمیہ

خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق سَعْيَهٗ مرکب اضافی اس کا اسم سَوْفَ علامت فعل، يُرٰى فعل مجہول باھُوَ مستتر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يُجْزٰى فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق اِلٰى رَبِّكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمُنْتَهٰى منصوب تقدیراً اسم مؤخر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، اَضْحَكَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْكٰى فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف رابع، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، اَمَاتَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَحْيَا فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم خَلَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل الزَّوْجَيْنِ مبدل منہ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى معطوف علیہ بامعطوف بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، مِنْ جارہ نُطْفَةٍ مجرور، جار بامجرور خَلَقَ کے متعلق، اِذَا مضاف تُمْنٰى فعل مجہول باھِیَ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق عَلَيْهِ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر اَنَّ کی خبر مقدم النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى مرکب توصیفی اسم مؤخر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف سابع، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا، اَغْنٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْنٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثامن، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا رَبُّ الشِّعْرٰى مرکب اضافی ھُوَ کی خبر، مبتدا باخبر اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف تاسع، معطوف علیہ بامعطوفات تسعہ بدل ہے مَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى سے۔

وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا ِۨ الْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾ وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾

آیت نمبر ۵۰،۵۱: واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم اَهْلَكَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَادَا ِۨ الْاُوْلٰى مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ثَمُوْدَا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَهْلَكَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ مَا نافیہ اَبْقٰى فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿۵۲﴾

آیت نمبر ۵۲: واؤ عاطفہ قَوْمَ نُوْحٍ مرکب اضافی ذوالحال مِّنْ قَبْلُ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال بواسطہ عطف کے مفعول بہ ہوا اَهْلَكَ کا، اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم هُمْ ضمیر فصل اَظْلَمَ اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَطْغٰى اسم تفضیل هُمْ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا

وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿۵۳﴾

آیت نمبر ۵۳:واؤ عاطفہ اَلْمُؤْتَفِكَةَ مفعول بہ مقدم اَهْوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾

آیت نمبر ۵۴:فَاء عاطفہ غَشّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا اسم موصول غَشّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾

آیت نمبر ۵۵:فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذَا كُلَّهٗ، بِاَء جارہ اَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق مقدم ہوئے تَتَمَارٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ استفہامیہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هٰذَا نَذِیْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾

آیت نمبر ۵۶:هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، نَذِیْرٌ موصوف مِنْ حرف جار النُّذُرِ موصوف الْاُوْلٰى صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾

آیت نمبر ۵۷،۵۸:اَزِفَتْ فعل الْاٰزِفَةُ ذوالحال لَیْسَ فعل ناقص لَهَا ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم كَاشِفَةٌ ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال لَیْسَ کا اسم، لَیْسَ باسم وخبر حال، ذوالحال باحال فاعل، اَزِفَتْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾

آیت نمبر ۵۹،۶۰،۶۱:هَمزہ استفہامیہ فَاء استینافیہ مِنْ جارہ هٰذَا الْحَدِیْثِ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور متعلق مقدم، تَعْجَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَضْحَكُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا تَبْكُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ اَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾

آیت نمبر ۶۲:فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اَرَدْتُّمُ الْخَلَاصَ مِنَ الْعَذَابِ، اُسْجُدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِلّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُعْبُدُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء ہوئی شرط محذوف کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْقَمَرِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ①

آیت نمبر ۱: اِقْتَرَبَتِ فعل السَّاعَةُ فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْشَقَّ فعل الْقَمَرُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ ابتدائیہ ہوا۔

وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ② وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③

آیت نمبر ۲،۳: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ يَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اٰيَةً مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، يُعْرِضُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل قول، سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِتَّبَعُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اَهْوَآءَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ كُلُّ اَمْرٍ مرکب اضافی مبتدا، مُّسْتَقِرٌّ اسم فاعل باھُوَ مستتر فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ④

آیت نمبر ۴: واؤ استینافیہ لَامٌ موطئہ لقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، جَآءَ فعل هُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الْاَنْۢبَآءِ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مَا اسم موصول فِيْهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُزْدَجَرٌ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال موخر، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ⑤

آیت نمبر ۵: حِكْمَةٌ موصوف بَالِغَةٌ صفت، موصوف باصفت خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَا نافیہ تُغْنِ فعل النُّذُرُ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑥

آیت نمبر ۶: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، تَوَلَّ فعل اَنْتَ مستتر فاعل عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ يَوْمَ مضاف يَدْعُ فعل الدَّاعِ فاعل اِلٰى جارہ شَيْءٍ نُّكُرٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، اُذْكُرْ فعل امر بااَنْتَ مستتر فاعل ومفعول بہ

جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝

آیت نمبر ۷،۸: خُشَّعًا اسم فاعل اَبْصَارُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر یَخْرُجُوْنَ کے فاعل کا حال اولی مقدم، یَخْرُجُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، کَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ مرکب توصیفی خبر، کَاَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم، مُّهْطِعِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر فاعل اِلَى الدَّاعِ متعلق سے مل کر حال ثالثہ، ذوالحال باحوال ثلاثہ یَخْرُجُوْنَ کا فاعل مِنَ الْاَجْدَاثِ جار ہا مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یَقُوْلُ فعل الْكٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر قول، هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، يَوْمٌ عَسِرٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور بعض حضرات اس کو یَخْرُجُوْنَ کے فاعل سے حال رابعہ بناتے ہیں۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝

آیت نمبر ۹: كَذَّبَتْ فعل قَبْلَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ قَوْمُ نُوْحٍ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَبْدَنَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، مَجْنُوْنٌ خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُزْدُجِرَ فعل مجہول با هُوَ مستتر نائب فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

آیت نمبر ۷۰: لَوْ شرطیہ نَشَآءُ فعل بانَحْنُ مستتر فاعل شرط، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجَاجًا مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَوْلَا حرف تحضیض تَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿۷۲﴾

آیت نمبر ۷۱،۷۲: ہمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے نظرتم، رَءَيْتُمُ فعل تُمْ ضمیر فاعل النَّارَ موصوف الَّتِیْ اسم موصول تُوْرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ اوّل، ہمزہ استفہامیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، اَنْشَاْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل شَجَرَتَهَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف رَءَيْتُمُ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿۷۳﴾

آیت نمبر ۷۳: نَحْنُ مبتدا، جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اوّل تَذْكِرَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَتَاعًا مصدر لِلْمُقْوِيْنَ جار بامجرور مصدر کے متعلق، مصدر بامتعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾

آیت نمبر ۷۴: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ النِّعَمَ الْعَظِيْمَةَ، یا اِنْ كَانَتْ قُدْرَةُ اللّٰهِ كَمَا ذُكِرَ، سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بباء جارہ اِسْمِ رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الْعَظِيْمِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾

آیت نمبر ۷۵،۷۶،۷۷،۷۸،۷۹،۸۰: فَاء استینافیہ لَا زائدہ اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل بباء جارہ مَوٰقِعِ النُّجُوْمِ مرکب

اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق قسم اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مذحلقہ قُرْاٰنٌ موصوف، کَرِیْمٌ صفت اولیٰ، فِیْ جارہ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، لَا یَمَسُّ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو اَلْمُطَهَّرُوْنَ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثالثہ، تَنْزِیْلٌ مصدر موصوف مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت قُرْاٰنٌ کی صفت رابعہ، موصوف باصفات اربعہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اس کا اسم لَام مذحلقہ قَسَمٌ موصوف عَظِیْمٌ صفت، موصوف باصفت خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ لَوْ شرطیہ تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل شرط، جزاء محذوف ہے لَعَلِمْتُمْ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معترضہ ہوا۔

اَفَبِهٰذَا الْحَدِیْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾

آیت نمبر ۸۱: هَمزہ استفہامیہ فَاء استینافیہ بِاء جارہ هٰذَا الْحَدِیْثِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور مُدْهِنُوْنَ کا متعلق مقدم، اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، مُدْهِنُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾

آیت نمبر ۸۲: واؤ عاطفہ تَجْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل رِزْقَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اوّل، اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر اس کا اسم تُكَذِّبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، اَنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مُدْهِنُوْنَ پر معطوف ہوا۔

فَلَوْلَاۤ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾

آیت نمبر ۸۳: فَاء استینافیہ لَوْلَا حرف تحضیض اِذَا ظرف زمان مضاف بَلَغَتْ فعل هِیَ مستتر فاعل الْحُلْقُوْمَ مفعول بہ سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف تَرْجِعُوْنَهَا کا، تَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَاَنْتُمْ حِیْنَىِٕذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾

آیت نمبر ۸۴: واؤ حالیہ اَنْتُمْ ضمیر مبتدا، حِیْنَىِٕذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تَنْظُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل مفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ تَرْجِعُوْنَ کے فاعل سے حال اولیٰ ہے۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

آیت نمبر ۸۵: واؤ حالیہ نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَقْرَبُ اسم تفضیل نَحْنُ مستتر فاعل اِلَیْهِ متعلق اوّل، مِنْكُمْ متعلق ثانی سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لٰكِنْ حرف استدراک مہملہ لَا تُبْصِرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَرْجِعُوْنَ کے فاعل سے حال ثانیہ ہے۔

فَلَوْ لَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸۶،۸۷: فَاء عاطفہ لَوْلَا تخصیر اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط اوّل، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰدِقِيْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط دوم، تَرْجِعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر دونوں کی جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸۸: فَاء استینافیہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دلالت کر رہا ہے۔

فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ ۙ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۸۹: فَاء جوابیہ رَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ وَّ جَنَّتُ نَعِيْمٍ معطوف علیہ ہا معطوفین مبتداء، اور اس کی خبر محذوف ہے لَهٗ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اَمَّا کا جواب ہے۔

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝

آیت نمبر ۹۰: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفسیر اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دلالت کر رہا ہے۔

فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝

آیت نمبر ۹۱: فَاء جوابیہ سَلٰمٌ مبتداء، لام جارہ كاف ضمیر ذوالحال مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب اَمَّا ہے

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۝

آیت نمبر ۹۲: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم مِنْ حرف جار الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے جس پر بعد والا جملہ دال ہے۔

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ وَّ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝

آیت نمبر ۹۳،۹۴: فَاء جوابیہ نُزُلٌ موصوف مِنْ حَمِيْمٍ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ

عاطفہ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا، اوراس کی خبر محذوف ہے لَهٗ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جوابِ اَمَّا ہے۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾

آیت نمبر ۹۵: اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اس کا اسم ہے لَامزحلقہ هُوَ ضمیر فصل حَقُّ الْيَقِيْنِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

آیت نمبر ۹۶: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ النِّعْمَ الْعَظِيْمَةَ، یا اِنْ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ فِی الثَّوَابِ وَالْعِقَابِ كَمَا ذُكِرَ، سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر ذوالحال بَاء جارہ اِسْمِ رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الْعَظِيْمِ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار ہامجرور مُتَبَرِّكًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْحَدِیْدِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ①

آیت نمبر ۱: سَبَّحَ فعل لِلّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ فِی جارہ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور فعل محذوف ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ هُوَ ضمیر مبتدا الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ اس کی دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ②

آیت نمبر ۲: لَهٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْكُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یُحْیٖ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُمِیْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ جار بامجرور متعلق مقدم قَدِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ③

آیت نمبر ۳: هُوَ ضمیر مبتدا، اَلْاَوَّلُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ تین معطوف ہیں، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر مبتدا، بِكُلِّ شَیْءٍ جار بامجرور متعلق مقدم عَلِیْمٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ④

آیت نمبر ۴: هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول خَلَقَ فعل هُوَ مستتر فاعل السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ فِیْ حرف جار سِتَّةِ اَیَّامٍ ممیز باتمیز مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اسْتَوٰى فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَى الْعَرْشِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا اسم موصول یَلِجُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِی الْاَرْضِ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یَخْرُجُ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْهَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ

یَنْزِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنَ السَّمَآءِ متعلق سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول یَعْرُجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ یَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہے۔ یا اسْتَوٰی کے فاعل سے حال ہے۔ واؤ عاطفہ ھُوَ مبتدا، مَعَکُمْ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر دال بر جزاء، اَیْنَمَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُنْتُمْ فعل تامہ تُمْ ضمیر فاعل سے مل کر شرط مؤخر، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، بَاء جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم بَصِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

آیت نمبر ۵: لَہٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُلْکُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تُرْجَعُ فعل مجہول الْاُمُوْرُ نائب فاعل اِلَی اللّٰہِ متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ؕ وَ هُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

آیت نمبر ۶: یُوْلِجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل الَّیْلَ مفعول بہ فِی النَّھَارِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُوْلِجُ فعل ھُوَ مستتر فاعل النَّھَارَ مفعول بہ فِی الَّیْلِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال ہے لفظ اللّٰہ سے۔ واؤ عاطفہ ھُوَ ضمیر مبتدا، عَلِیْمٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِذَاتِ الصُّدُوْرِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ اَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۷: اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ جَعَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل مُسْتَخْلَفِیْنَ اسم مفعول ھُمْ مستتر نائب فاعل فِیْہِ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْکُمْ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْفَقُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا، لَھُمْ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجْرٌ کَبِیْرٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَ قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸

آیت نمبر ۸: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ لَامر جارہ كُمْ ضمیر مجرور ذوالحال لَا تُؤْمِنُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، واؤ حالیہ اَلرَّسُوْلُ مبتدا يَدْعُوْ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ لَام جارہ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِرَبِّكُمْ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور يَدْعُوْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال لَا تُؤْمِنُوْنَ کا فاعل بِاللّٰهِ جار بامجرور لَا تُؤْمِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل اَخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل مِيْثَاقَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر يَدْعُوْ کے فاعل یا مفعول بہ سے حال ہے۔ اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم مُّؤْمِنِيْنَ خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، جزاء محذوف ہے فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (مظہری) شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۹

آیت نمبر ۹: هُوَ ضمیر مبتدا، اَلَّذِيْ اسم موصول يُنَزِّلُ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى عَبْدِهٖ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ لَام جارہ تعلیلیہ يُخْرِجَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ مِنَ الظُّلُمٰتِ متعلق اوّل اِلَى النُّوْرِ متعلق ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور يُنَزِّلُ کے متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اللّٰهَ اس کا اسم لَام مدخلہ رَءُوْفٌ صیغہ مبالغہ هُوَ مستتر فاعل بِكُمْ متعلق مقدم سے مل کر خبر اوّل، رَحِيْمٌ خبر ثانی، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، لَام جارہ كُمْ ضمیر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنٌ کا، اَنْ ناصبہ لَا تُنْفِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اصل میں فِيْ اَنْ ہے، جار بامجرور كَائِنٌ کا متعلق دوم، اسم فاعل بافاعل ومتعلقین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مِيْرَاثُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ

اسمیہ خبریہ ہو کر کَائِنٌ کے فاعل سے حال ہے۔ لَا یَسْتَوِیْ فعل مِنْکُمْ جار باجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم مَنْ اسم موصول اَنْفَقَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَاتَلَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ باامعطوف صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال لَا یَسْتَوِیْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَعْظَمُ اسم تفضیل ھُمْ مستتر فاعل دَرَجَۃً تمیز مِنَ جارہ الَّذِیْنَ اسم موصول اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ بَعْدُ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قٰتَلُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور اَعْظَمُ کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل و تمیز و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ کُلًّا وَعَدَ کا مفعول بہ اوّل مقدم، وَعَدَ فعل لفظ اللّٰہُ فاعل الْحُسْنٰی منصوب تقدیرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، بَاء جارہ مَا تَعْمَلُوْنَ موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق مقدم خَبِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَہٗ لَہٗ وَلَہٗٓ اَجْرٌ کَرِیْمٌ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: مَنْ استفہامیہ مبتدا، ذَا اسم اشارہ موصوف الَّذِیْ اسم موصول یُقْرِضُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے کیونکہ یہ استفہام کے جواب میں ہے یُضٰعِفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، لَام جارہ ہٗ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَہٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجْرٌ کَرِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور یُضٰعِفَ کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف، اس آیت کی تقدیر عبارت اس طرح ہوگی اَیُقْرِضُ اللّٰہَ اَحَدٌ فَیُضٰعِفَہٗ۔

یَوْمَ تَرَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ یَسْعٰی نُوْرُھُمْ بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَبِاَیْمَانِھِمْ بُشْرٰىکُمُ الْیَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا ؕ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: یَوْمَ مضاف تَرَی فعل اَنْتَ مستتر فاعل الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ معطوف علیہ باامعطوف ذوالحال یَسْعٰی فعل نُوْرُھُمْ مرکب اضافی فاعل بَیْنَ مضاف اَیْدِیْھِمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بِاَیْمَانِھِمْ جار باجرور معطوف، معطوف علیہ باامعطوف مضاف الیہ، مضاف باامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف باامضاف الیہ مفعول بہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، بُشْرٰىکُمُ مرکب اضافی مبتدا، جَنّٰتٌ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِھَا متعلق الْاَنْھٰرُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق صفت اولیٰ، خٰلِدِیْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل فِیْھَا متعلق سے مل کر حال ہے تَدْخُلُوْنَھَا فعل محذوف کی واؤ ضمیر سے پھر یہ جملہ صفت ثانیہ ہے، موصوف باصفتین بُشْرٰی کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ ہوا قول محذوف یُقَالُ لَھُمْ کا، اَلْیَوْمَ مفعول فیہ ہے بُشْرٰی کا، ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، ھُوَ ضمیر فصل الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا

باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝

آیت نمبر ۱۳: يَوْمَ مضاف يَقُوْلُ فعل الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور يَقُوْلُ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قول، انْظُرُوْنَا فعل واؤ ضمیر فاعل نَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل ہوا يَوْمَ تَرَی میں لفظ يَوْمَ سے۔ نَقْتَبِسْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ نُّوْرِكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَنْظُرُوْنَ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر قول، ارْجِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل وَرَآءَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اِلْتَمِسُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نُوْرًا مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاء عاطفہ ضُرِبَ فعل مجہول بَيْنَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ بَاء جارہ زائدہ سُوْرٍ موصوف لَّهٗ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم بَابٌ موصوف بَاطِنُهٗ مرکب اضافی مبتدا، فِيْهِ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلرَّحْمَةُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ بَاطِنُهٗ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ظَاهِرُهٗ مرکب اضافی مبتدا، مِنْ قِبَلِهِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَلْعَذَابُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ظَاهِرُهٗ کی خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بَابٌ کی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر سُوْرٍ کی صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع ضُرِبَ کا نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَاۗءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝

آیت نمبر ۱۴: يُنَادُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر مفسر، هَمزہ استفہامیہ لَمْ نَكُنْ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مَّعَكُمْ مرکب اضافی کَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، بَلٰى مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے قَدْ كُنْتُمْ مَعَنَا، لٰكِنَّ حرف استدراک كُمْ ضمیر اس کا اسم فَتَنْتُمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل اَنْفُسَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَبَّصْتُمْ فعل بافاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِرْتَبْتُمْ فعل بافاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ غَرَّتْ فعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْاَمَانِيُّ فاعل حَتّٰى حرف جار جَاۗءَ فعل اَمْرُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور غَرَّتْ کے متعلق

فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ۭ هِىَ مَوْلٰىكُمْ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

لغت لغوی فدیۃ: فدیہ، بدلہ، مأوی: ٹھکانہ، مولی: مددگار، مصیر: لوٹنے کی جگہ

ترجمہ پس آج نہ تم سے فدیہ قبول کیا جائے گا اور نہ ان سے جنہوں نے کفر کیا تمہارا ٹھکانہ آگ ہے وہی تمہاری مدد کرنے والی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانہ ہے۔

اعراب فالیوم: ف استئنافیہ، الیوم ظرف زمان منصوب متعلق بمحذوف خبر مقدم لا یؤخذ: فعل مضارع مبنی علی الفتح فعل مجہول منکم: جار مجرور متعلق بیؤخذ فدیۃ: نائب فاعل مرفوع ولا: واؤ عاطفہ لا زائدہ من الذین: جار مجرور متعلق بمحذوف حال کفروا: ماضی مبنی علی الضم فعل مع فاعل صلہ موصول اسمی مبنی علی السکون فاعل مرفوع صلہ موصول اسمی معطوف علیہ معطوف فدیۃ: نائب فاعل مرفوع ماوی: مبتدا مرفوع کم: ضمیر مبنی علی السکون مضاف الیہ مجرور النار: خبر مرفوع جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہو: ضمیر مبنی علی الفتح مبتدا مولی: خبر مرفوع کم: ضمیر مبنی علی السکون مضاف الیہ مجرور وبئس: واؤ استئنافیہ بئس: فعل ماضی جامد المصیر: فاعل مرفوع مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے ای ھی۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہو

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝

لغت لغوی یأن: وقت آنا، خشوع: عاجزی، نزل: اترا، امد: مدت، قست: سخت ہوگئے، فاسقون: نافرمان

ترجمہ کیا ابھی وقت نہیں آیا ایمان والوں کے لئے کہ ان کے دل اللہ کی یاد اور جو حق اترا ہے اس کے لئے عاجزی کریں اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہوں جنہیں پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر لمبی مدت گزر گئی تو ان کے دل سخت ہوگئے اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیں۔

اعراب الم: ہمزہ استفہام انکاری لم: حرف جازم یأن: فعل مضارع مجزوم للذین: جار مجرور متعلق بالفعل قبلہ آمنوا: ماضی مبنی علی الضم فعل مع فاعل صلہ موصول اسمی ان تخشع: ان مصدریہ تخشع فعل مضارع منصوب قلوبہم: فاعل مرفوع مضاف الیہ مجرور لذکر: جار مجرور متعلق بتخشع اللہ: لفظ جلالہ مضاف الیہ مجرور وما: واؤ عاطفہ ما موصولہ نزل: ماضی مبنی علی الفتح فعل من الحق: جار مجرور متعلق بمحذوف حال ما موصولہ معطوف علیہ معطوف ولا: واؤ عاطفہ لا زائدہ یکونوا: فعل مضارع ناقص مجزوم واؤ اسم یکونوا کالذین: جار مجرور متعلق بمحذوف خبر یکونوا الذین: اسم موصول اوتوا: ماضی مبنی علی الضم فعل مع فاعل صلہ موصول اسمی الکتب: مفعول من قبل: جار مجرور متعلق بمحذوف حال فطال: ف عاطفہ طال فعل ماضی علیہم: جار مجرور متعلق بطال الامد: فاعل مرفوع فقست: ف عاطفہ قست فعل ماضی قلوبہم: فاعل مرفوع وکثیر: واؤ عاطفہ کثیر مبتدا منہم: جار مجرور متعلق بمحذوف صفت فاسقون: خبر مرفوع جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ معطوف یکونوا: فعل مضارع ناقص مجزوم واؤ اسم یکونوا کالذین: جار مجرور متعلق بمحذوف خبر یکونوا الذین: اسم موصول اوتوا: ماضی مبنی علی الضم فعل مع فاعل صلہ موصول اسمی الکتب: مفعول من قبل: جار مجرور متعلق بمحذوف حال فطال: ف عاطفہ طال فعل ماضی علیہم: جار مجرور متعلق بطال الامد: فاعل مرفوع فقست: ف عاطفہ قست فعل ماضی قلوبہم: فاعل مرفوع وکثیر: واؤ عاطفہ کثیر مبتدا منہم: جار مجرور متعلق بمحذوف صفت فاسقون: خبر مرفوع جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ معطوف

اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

لغت لغوی یحیی: زندہ کرتا ہے، موتہا: اس کا مرنا، بینا: ہم نے واضح کر دیں، تعقلون: تم سمجھو

ترجمہ جان لو کہ اللہ زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے ہم نے تمہارے لئے نشانیاں واضح کر دی ہیں تاکہ تم سمجھو۔

اعراب اعلموا: فعل امر فاعل مفعول ان: حرف مشبہ بالفعل اللہ: لفظ جلالہ اسم ان یحیی: فعل مضارع مرفوع الارض: مفعول بہ منصوب بعد: ظرف زمان منصوب متعلق بیحیی موتہا: مضاف الیہ مجرور قد: حرف تحقیق بینا: فعل ماضی مبنی علی السکون فاعل لکم: جار مجرور متعلق ببینا الآیات: مفعول بہ منصوب لعلکم: لعل حرف مشبہ بالفعل کم: ضمیر مبنی علی السکون اسم لعل تعقلون: فعل مضارع مرفوع واؤ فاعل نون اعراب

ضمیر اس کا اسم تَعْقِلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر جملہ انشائیہ ترجیہ معللہ ہوا۔

اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَ الْمُصَّدِّقٰتِ وَ اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِیْمٌ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: اِنَّ حرف تحقیق الْمُصَّدِّقِیْنَ وَ الْمُصَّدِّقٰتِ دراصل اَلَّذِیْنَ تَصَدَّقُوْا وَاللَّاتِیْ تَصَدَّقْنَ کے معنی میں ہے، اَلَّذِیْنَ تَصَدَّقُوْا موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اللَّاتِیْ تَصَدَّقْنَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کا اسم، واؤ عاطفہ اَقْرَضُوا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعولین تَصَدَّقُوْا پر معطوف ہے۔ یُضٰعَفُ فعل مجہول هُوَ مستتر (راجع ہے ثَوَابَ التَّصَدُّقِ کی طرف) نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَجْرٌ كَرِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ ۖ وَ الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَ نُوْرُهُمْ ؕ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ استینافیہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاللّٰهِ جارہ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا اوّل، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی، هُمُ ضمیر فصل الصِّدِّیْقُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الشُّهَدَآءُ ذوالحال عِنْدَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی كَائِنِیْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مبتدا، لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم اَجْرُهُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُوْرُهُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَذَّبُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا اوّل، اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا ثانی، اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۳ ❁

اِعْلَمُوْۤا اَنَّمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ وَّ زِیْنَةٌ وَّ تَفَاخُرٌۢ بَیْنَكُمْ وَ تَكَاثُرٌ فِی الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَیْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ یَهِیْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ۙ وَّ مَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانٌ ؕ وَ مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾

17

آیت نمبر ۲۰ : اِعْلَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مبتدا لَعِبٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَهْوٌ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ زِيْنَةٌ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَفَاخُرٌ موصوف بَيْنَكُمْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف ثالث، واؤ عاطفہ تَكَاثُرٌ موصوف فِي جارہ الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ معطوف علیہ باالمعطوف مجرور، جار باالمجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف رابع، معطوف علیہ باالمعطوفات اربعہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِعْلَمُوْا کے دو مفعول کے قائم مقام ہے۔ کاف حرف جار مَثَلِ مضاف غَيْثٍ موصوف اَعْجَبَ فعل الْكُفَّارَ مفعول بہ مقدم نَبَاتُهٗ مرکب اضافی فاعل مؤخر سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يَهِيْجُ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف اوّل، فَاء عاطفہ تَرٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب ذوالحال مُصْفَرًّا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف ثانی، ثُمَّ عاطفہ يَكُوْنُ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم حُطَامًا خبر، فعل ناقص باسم وخبر معطوف ثالث، معطوف علیہ باالمعطوفات ثلاثہ غَيْثٍ کی صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف باالمضاف الیہ مجرور، جار باالمجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر ہے مبتدا محذوف مَثَلُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا کی (املاء ما مَنَّ بِهِ الرَّحْمٰنُ) مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

واؤ عاطفہ فِي الْاٰخِرَةِ ظرف مستقر کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ شَدِيْدٌ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَغْفِرَةٌ موصوف مِنَ اللّٰهِ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رِضْوَانٌ معطوف ثانی، معطوف علیہ باالمعطوفین مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مرکب توصیفی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء مَتَاعُ الْغُرُوْرِ مرکب اضافی مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: سَابِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ مَغْفِرَةٍ موصوف مِنْ رَّبِّكُمْ كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَنَّةٍ موصوف عَرْضُهَا مرکب اضافی مبتدا، کاف جارہ عَرْضِ مضاف السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ معطوف علیہ باالمعطوف مضاف الیہ، مضاف باالمضاف الیہ مجرور، جار باالمجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جَنَّةٍ کی صفت اولیٰ، اُعِدَّتْ فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاء جارہ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ معطوف علیہ باالمعطوف مجرور، جار باالمجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باالمجرور اُعِدَّتْ کے متعلق ہوئے، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف، معطوف علیہ باالمعطوف اِلٰى کا مجرور، جار باالمجرور سَابِقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، فَضْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال يُؤْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٖ ضمیر مفعول بہ اوّل، مَنْ يَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، ذُو مضاف الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف باالمضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ۱۷/۱۷
ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: مَا نافیہ اَصَابَ فعل مِنْ جارہ مُصِیْبَةٍ موصوف فِی الْاَرْضِ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت محلاً مرفوع ذوالحال اِلَّا حرف استثناء فِیْ كِتٰبٍ ظرف مستقر ثَابِتَةً کے متعلق اوّل، مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ نَبْرَاَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف لغو ثَابِتَةً کے متعلق ہوئے، ثَابِتَةً اسم فاعل باهِیَ مستتر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اَصَابَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ذٰلِكَ اس کا اسم یَسِیْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل عَلَى اللّٰهِ متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِكَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: لَامر جارہ كَیْ حرف مصدری ناصبہ (اور یہ كَیْ تعلیل کیلئے نہیں ہے کیونکہ اگر یہ برائے تعلیل ہوتا تو اس پر دوسرا حرف تعلیل لَامر جارہ داخل نہ ہوتا) لَا تَاْسَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى جارہ مَا موصولہ فَاتَ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَفْرَحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ اٰتٰى فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور لَا تَفْرَحُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف كَتَبَ اللّٰهُ فِیْ كِتَابٍ کے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا یُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل كُلَّ مضاف مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَ یَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَ مَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ
الْحَمِیْدُ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: اَلَّذِیْنَ اسم موصول یَبْخَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَاْمُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل النَّاسَ مفعول بہ بِالْبُخْلِ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ سے بدل ہے یہ مبتدا ہے اور مُعَذَّبُوْنَ خبر محذوف ہے۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَتَوَلَّ فعل باهُوَ مستتر فاعل شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم هُوَ ضمیر فصل الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ دو خبر، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَ اَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ
بِالْقِسْطِ ۚ وَ اَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَ لِیَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ

يَنْصُرُهٗ وَ رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل رُسُلَنَا مرکب اضافی ذوالحال بِالْبَيِّنٰتِ مُتَلَبِّسِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ہذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل مَعَهُمُ مرکب اضافی كِتٰبَ کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم اَلْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ معطوف علیہ باعطف ذوالحال مؤخر ہذوالحال باحال مفعول بہ، لام جارہ تعلیلیہ اس کے بعد اَنْ مقدر ہے يَقُوْمَ فعل النَّاسُ ذوالحال بِالْقِسْطِ عٰدِلِيْنَ کے متعلق ہو کر حال ہذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور اَنْزَلْنَا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْحَدِيْدَ ذوالحال فِيْهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بَاْسٌ شَدِيْدٌ مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنَافِعُ موصوف لِلنَّاسِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ باعطف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال ہذوالحال باحال اَنْزَلْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لام جارہ تعلیلیہ يَعْلَمَ فعل اَللّٰهُ فاعل مَنْ اسم موصول يَنْصُرُهٗ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رُسُلَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ باعطف مفعول بہ بِالْغَيْبِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ہے يَنْصُرُ کی ضمیر فاعل سے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ يَعْلَمَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور معطوف، اور معطوف علیہ محذوف ہے لِتُقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، معطوف علیہ باعطف متعلق ہوئے اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ میں اَنْزَلْنَا کے۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم قَوِيٌّ عَزِيْزٌ دو خبر، اِنَّ باسم وخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۴ ❁

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَ الْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ استینا فیہ لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ حرف تحقیق اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل نُوْحًا وَّ اِبْرٰهِيْمَ معطوف علیہ باعطف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ جارہ ذُرِّيَّتِهِمَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، اَلنُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ معطوف علیہ باعطف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فاء تفریعیہ مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مُهْتَدٍ مرفوع تقدیراً خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَثِيْرٌ موصوف مِنْهُمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، فٰسِقُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ معطوفہ ہوا۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَ جَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّ رَحْمَةً ؕ وَ رَهْبَانِيَّةَ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا

عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: ثُمَّ عاطفہ قَفَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ جار بامجرور متعلق اوّل ہوئے، بِرُسُلِنَا جار بامجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَفَّيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل بِاٰبْنِ جارہ عِيْسَى مجرور تقدیراً مبدل منہ، ابْنِ مَرْيَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اوّل، الْاِنْجِيْلَ مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل فِيْ جارہ قُلُوْبِ مضاف الَّذِيْنَ اسم موصول اتَّبَعُوْهُ فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور جَعَلْنَا کے مفعول ثانی کی جگہ میں ہے، رَاْفَةً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَحْمَةً معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَهْبَانِيَّةً موصوف اِبْتَدَعُوْهَا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ، مَا نافیہ كَتَبْنَاهَا فعل نَا ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جَعَلْنَا کا مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

اِلَّا حرف استثناء اِبْتِغَآءَ مضاف رِضْوَانِ اللّٰهِ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ عندالبعض مستثنیٰ متصل ہے اب تقدیر عبارت ہوگی مَا كَتَبْنَاهَا شَيْئًا مِنْ خَصَائِلِ الرَّهْبَانِيَّةِ... الخ اور عندالبعض مستثنیٰ منقطع ہے اور اب تقدیر عبارت ہوگی وَلٰكِنْ كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمِ ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ، فَاء عاطفہ مَا نافیہ رَعَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ حَقَّ رِعَايَتِهَا مرکب اضافی مفعول مطلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اٰتَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ اٰتَيْنَا کا مفعول بہ اوّل، اَجْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ کی ترکیب آیت نمبر ۲۶ میں گزر چکی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے اتَّقُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اللّٰهَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمِنُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِرَسُوْلِهٖ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ يُؤْتِ فعل هُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل كِفْلَيْنِ موصوف مِنْ رَّحْمَتِهٖ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ يَجْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے نُوْرًا موصوف تَمْشُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ

یَغْفِرْ فعل هُوَ مستتر فاعل لَكُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء ہے شرط محذوف اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دو خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِئَلَّا یَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا یَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَیْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: لَام جارہ تعلیلیہ اَنْ ناصبہ لَا زائدہ یَعْلَمَ فعل اَهْلُ الْكِتٰبِ مرکب اضافی فاعل اَنْ مخففہ من المشددہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَا یَقْدِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى جارہ شَیْءٍ موصوف مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ کَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اَنْ کی خبر اَنْ باسم و خبر بتاویل مفرد معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَّ حرف تحقیق الْفَضْلَ اس کا اسم بَاء جارہ یَدِ اللّٰهِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اَنَّ کی خبر اول، یُؤْتِیْهِ فعل هُوَ مستتر فاعل هٖ ضمیر مفعول بہ اول، مَنْ یَّشَآءُ موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر ثانی، اَنَّ باسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَعْلَمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے یُؤْتِ کے یا یَجْعَلْ کے یا یَغْفِرْ کے۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، ذُو مضاف الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

بِحَمْدِہٖ تعالیٰ بتاریخ ۵,۹,۱۴۳۴ بوقت ۴:۹ بجے بعد نماز ظہر تکمیل ہوئی

ترکیب سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَ اللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ①

آیت نمبر ۱: قَدْ علامت فعل، سَمِعَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل قَوْلَ مضاف الَّتِيْ اسم موصول تُجَادِلُ فعل هِيَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ فِيْ جارہ زَوْجِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَشْتَكِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل اِلَى اللّٰهِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ قَوْلَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ (کمالین) لفظ اَللّٰهُ مبتدا، يَسْمَعُ فعل هُوَ مستتر فاعل تَحَاوُرَكُمَا مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهُ اسم اور سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ دو خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۗـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ②

آیت نمبر ۲: اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُظٰهِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْكُمْ کائنین کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل مِنْ جارہ نِّسَاۗىِٕهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، مَا مشابہ "بہ لَيْسَ هُنَّ ضمیر منفصل اسم اُمَّهٰتِهِمْ مرکب اضافی منصوب بالکسرہ خبر، مَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنْ نافیہ اُمَّهٰتُهُمْ مرکب اضافی مبتدا، اِلَّا حرف استثناء الّٰۗـِٔيْ اسم موصول وَلَدْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر متصل فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اسم لام تاکیدیہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مُنْكَرًا موصوف مِنَ الْقَوْلِ کائنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ زُوْرًا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اسم لام تاکیدیہ اور عَفُوٌّ غَفُوْرٌ دو خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ③

آیت نمبر ۳: واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول يُظٰهِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ يَعُوْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لام حرف جار مَا موصولہ قَالُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق

ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ مرکب اضافی ذوالحال مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ یَتَمَآسَّا فعل باالف ضمیر فاعل بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے عَلَیْہِ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ذٰلِکُمْ مبتدا، تُوْعَظُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اور بِہٖ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لفظ اللّٰہُ مبتدا، بَاء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم خَبِیْرٌ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝۴

آیت نمبر ۴: فَاء استینافیہ مَنْ اسم موصول لَمْ یَجِدْ فعل باھُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ صِیَامُ مضاف شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا" صِیَامُ کے متعلق ہے پھر یہ سب مل کر مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے عَلَیْہِ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَنْ اسم موصول لَمْ یَسْتَطِعْ فعل باھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ اِطْعَامُ مضاف سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ممیز باتمیز مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، اور اس کی خبر محذوف ہے عَلَیْہِ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، لَام جارہ تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق ذٰلِکَ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ تِلْکَ محلاً مرفوع مبتدا، حُدُوْدُ اللّٰہِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لِلْکٰفِرِیْنَ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ اَلِیْمٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ قَدْ اَنْزَلْنَآ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۝۵

آیت نمبر ۵: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول یُحَآدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم کُبِتُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل کاف جارہ مَا مصدریہ کُبِتَ فعل مجہول اَلَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ قَبْلِھِمْ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف اِسْتَقَرُّوْا کے، اِسْتَقَرُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل و متعلق صلہ،

موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر کُبِتُوْا موصوف محذوف کے واسطہ سے کُبِتُوْا کا مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، اَنْزَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اور اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر حال ہے کُبِتُوْا کی واؤ ضمیر نائب فاعل سے (کمالین) واؤ عاطفہ لِلْکٰفِرِیْنَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم عَذَابٌ مُّهِیْنٌ مرکب توصیفی مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یَوْمَ یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَ نَسُوْهُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۝۶

آیت نمبر ۶: یَوْمَ مضاف یَبْعَثُ فعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال جَمِیْعًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ یُنَبِّئُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بَاء جارہ مَا اسم موصول عَمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ باعطوف مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول فیہ ہوا مُهِیْنٌ اسم فاعل کا، یا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اَحْصٰی فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل هُ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ نَسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لفظ اَللّٰهُ مبتدا، عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ جار باجرور متعلق مقدم ہوئے شَهِیْدٌ صیغہ صفت باهُوَ مستتر فاعل ومتعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَا یَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَ لَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَ لَاۤ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَیْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ یُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝۷

آیت نمبر ۴: قَدْ علامت فعل، كَانَتْ فعل ناقص لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر مقدم اُسْوَةٌ موصوف حَسَنَةٌ صفت اولیٰ، فِيْ جارہ اِبْرٰهِيْمَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول مَعَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اٰمَنُوْا کا، فعل باواؤ ضمیر فاعل ومفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مستثنیٰ منہ، اِلَّا حرف استثناء قَوْلَ مصدر مضاف اِبْرٰهِيْمَ

مضاف الیہ معنیٰ فاعل لِاَبِیْهِ متعلق، مصدر مضاف بامضاف الیہ معنیٰ فاعل و متعلق سے مل کر قول، لَاَ مر موطئہ لقسم یہاں قسم محذوف ہے وَاللّٰهِ ، اَسْتَغْفِرَنَّ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ اَمْلِكُ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكَ جار بامجرور متعلق ہوئے مِنَ اللّٰهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم مِنْ زائدہ شَیْءٍ محلاً منصوب ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم مقولہ، قول بامقولہ مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت دوم، موصوف باصفتین اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذْ ظرف زمان مضاف قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِقَوْمِهِمْ متعلق سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم بُرَءٰٓؤُا صیغہ صفت نَحْنُ مستتر فاعل مِنْكُمْ ظرف لغو معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ مَا موصولہ تَعْبُدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بُرَءٰٓؤُا کے متعلق، صیغہ صفت بافاعل و متعلق خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ ہوا اِذْ کا، مضاف بامضاف الیہ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ کا بدل الاشتمال ہوا۔ كَفَرْنَا فعل نَا ضمیر متصل فاعل بِكُمْ ظرف لغو متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَدَا فعل بَيْنَنَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَيْنَكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول فیہ، الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل اَبَدًا مفعول فیہ ثانی حَتّٰى جارہ اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے تُؤْمِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ اَللّٰهِ ذوالحال وَحْدَهٗ مرکب اضافی مُتَوَحِّدًا کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور تُؤْمِنُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے بَدَا کے، فعل بافاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال ہوا بُرَءٰٓؤُا کی ضمیر فاعل سے۔

رَبَّنَا دراصل یَا رَبَّنَا ہے یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، رَبَّنَا مفعول بہ سے مل کر نداء، تَوَكَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَيْكَ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَنَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَيْكَ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَيْكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمَصِيْرُ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ ہو کر اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ کے قول کے مقولہ کا تتمہ ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

آیت نمبر ۵: رَبَّنَا دراصل یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے لَا تَجْعَلْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل فِتْنَةً موصوف لام جارہ اَلَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت دونوں مل کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَبَّنَا دراصل یَا رَبَّنَا ہے اور یہ نداء ہے اِغْفِرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَنَا متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ جواب نداء، نداء باجواب نداء معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ قول کے تتمہ میں سے ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم اَنْتَ ضمیر مبتدا، اَلْعَزِيْزُ خبر اوّل اور اَلْحَكِيْمُ خبر

ثانی سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ الْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَ مَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶

آیت نمبر ۶: لَامْ موطئہ للقسم یہاں وَاللّٰہ، قسم مقدر ہے قَدْ علامت فعل، کَانَ فعل ناقص لَکُمْ جار با مجرور مبدل منہ لام جارہ مَنْ موصولہ کَانَ ناقصہ ھُوَ مستتر اس کا اسم یَرْجُوا فعل ھُوَ مستتر فاعل اَللّٰہَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْیَوْمَ الْاٰخِرَ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور بدل البعض، مبدل منہ بابدل ظرف مستقر کَائِنَةٌ کے متعلق ہوئے، فِیْھِمْ ظرف لغو کَائِنَةٌ کے متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلقین خبر مقدم، اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ مرکب توصیفی اسم مؤخر ہوا، فعل ناقص با اسم و خبر جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَتَوَلَّ فعل با ھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَاِنَّ وَبَالَ تَوَلِّیْہِ کَائِنٌ عَلٰی نَفْسِہٖ، شرط با جزاء خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اس کا اسم ھُوَ ضمیر مبتدا اَلْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَ اللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷

آیت نمبر ۷: عَسٰی فعل مقارب اَللّٰہُ اس کا اسم اَنْ ناصبہ یَجْعَلَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَیْنَکُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَیْنَ مضاف اَلَّذِیْنَ اسم موصول عَادَیْتُمْ فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ ذوالحال مِنْھُمْ ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف یَجْعَلَ کے مفعول ثانی کی جگہ میں ہے مَوَدَّةً مفعول اوّل، فعل با فاعل و مفعولین بتاویل مصدر خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ اَللّٰہُ مبتدا، قَدِیْرٌ خبر سے مل کر مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ لَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَ تُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸

آیت نمبر ۸: لَا یَنْھٰی فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل عَنْ جار ما اَلَّذِیْنَ اسم موصول لَمْ یُقَاتِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الدِّیْنِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ یُخْرِجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ دِیَارِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَبَرُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُقْسِطُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَیْھِمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف

بتاویل مصدر محلاً مجرور بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار باجرور لَا یَنْھٰی کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم یُحِبُّ فعل ھُوَ مستتر فاعل الْمُقْسِطِیْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔

اِنَّمَا یَنْھٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِی الدِّیْنِ وَ اَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِیَارِكُمْ وَ ظٰهَرُوْا عَلٰۤى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَ مَنْ یَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹

آیت نمبر ۹: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ یَنْھٰی فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰہُ فاعل عَنِ جارہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول قَاتَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ فِی الدِّیْنِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخْرَجُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ دِیَارِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظَاھَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰٓی اِخْرَاجِکُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ اَنْ ناصبہ تَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر محلاً مجرور بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار باجرور یَنْھٰی کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، یَتَوَلَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِکَ مبتدا، ھُمْ ضمیر فصل الظّٰلِمُوْنَ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِیْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَ لَا هُمْ یَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَ اٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَ لَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَ لَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَ سْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَ لْیَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ یَحْكُمُ بَیْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا کی ترکیب بہت مرتبہ گذر چکی ہے اور یہ نداء ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْمُؤْمِنٰتُ مُھٰجِرٰتٍ ذوالحال باحال فاعل سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ اِمْتَحِنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اَللّٰہُ مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل بِاِیْمَانِھِنَّ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطلہ ہوا۔ فَاء تفصیلیہ اِنْ شرطیہ عَلِمْتُمُوْا فعل بافاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل مُؤْمِنٰتٍ مفعول بہ ثانی سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ لَا تَرْجِعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُنَّ ضمیر مفعول بہ اِلَی الْکُفَّارِ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ لَا نافیہ ھُنَّ ضمیر منفصل مبتدا، حِلٌّ مصدر لَھُمْ اپنے متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ ھُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، یَحِلُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لَھُنَّ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطلہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اٰتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل مَا موصولہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ

ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

واؤ عاطفہ لَا نفی جنس جُنَاحَ مصدر اَنْ ناصبہ تَنْكِحُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر منصوب بنزع الخافض اس کی اصل فِیْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ ہے، جار بامجرور جُنَاحَ کے متعلق ہے، جُنَاحَ متعلق سے مل کر لَا کا اسم، عَلَيْكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، لَا باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ دال بر جزاء یا جزاء مقدم، اِذَا شرطیہ اٰتَيْتُمُوْا فعل بافاعل هُنَّ ضمیر مفعول بہ اوّل، اُجُوْرَهُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی سے مل کر شرط، شرط دال بر جزاء مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لَا تُمْسِكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء جارہ عِصَمِ الْكَوَافِرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ نہیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْئَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ اَنْفَقْتُمْ فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لِيَسْئَلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، حُكْمُ اللّٰهِ مرکب اضافی ذوالحال يَحْكُمُ فعل هُوَ مستتر فاعل بَيْنَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌ خبر اوّل حَكِيْمٌ خبر ثانی سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِنْ فَاتَكُمْ شَیْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ فَاتَ فعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ شَیْءٌ فاعل مِنْ جارہ اَزْوَاجِكُمْ مرکب اضافی ذوالحال اِلَى الْكُفَّارِ ظرف مستقر ذَاهِبَاتٍ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ عَاقَبْتُمْ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ اٰتُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول ذَهَبَتْ فعل اَزْوَاجُهُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ اوّل، مِثْلَ مضاف مَا موصولہ اَنْفَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَللّٰهَ موصوف الَّذِیْ اسم موصول اَنْتُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، مُؤْمِنُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ وَ لَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا يَعْصِيْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: یٰاَیُّھَا حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ النَّبِیُّ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کَ ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْمُؤْمِنٰتُ ذوالحال یُبَایِعْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ عَلٰی حرف جار اَنْ ناصبہ لَا یُشْرِکْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل بِاللّٰہِ متعلق اور شَیْئًا بواسطہ موصوف محذوف اِشْرَاکًا کے مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَسْرِقْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا یَزْنِیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا یَقْتُلْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل اَوْلَادَھُنَّ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ لَا یَاْتِیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل بَاء جارہ بُھْتَانٍ موصوف یَفْتَرِیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ بَیْنَ مضاف اَیْدِیْھِنَّ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَرْجُلِھِنَّ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعولین صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور لَا یَاْتِیْنَ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق معطوف رابع، واؤ عاطفہ لَا یَعْصِیْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ فِیْ مَعْرُوْفٍ متعلق سے مل کر معطوف خامس، معطوف علیہ با معطوفات خمسہ بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے یُبَایِعْنَ کے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فَاء جزائیہ بَایِعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَھُنَّ متعلق اَللّٰہَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰہَ اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّلہ ہوا۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ قَدْ یَىِٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا یَىِٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ۠ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تَتَوَلَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَوْمًا موصوف غَضِبَ فعل اَللّٰہُ فاعل عَلَیْھِمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ، قَدْ علامت فعل، یَئِسُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنَ الْاٰخِرَۃِ جار بامجرور متعلق ہوئے کاف جارہ مَا مصدریہ یَئِسَ فعل الْکُفَّارُ فاعل مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف یَئْسًا کے یَئِسُوْا کا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین لَا تَتَوَلَّوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ ندائیہ ہوا۔

بوقت ۷:۲۰ بتاریخ ۱۸,۷,۱۴۳۴ بمطابق ۲۹,۵,۲۰۱۳ بروز بدھ کو تکمیل ہوئی

ترکیب سُوْرَۃُ الصَّفِّ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

آیت نمبر ۱: سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ کی ترکیب سورۃ الحشر کی ابتدا میں گزر چکی ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ②

آیت نمبر ۲: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لِمَ دراصل لِمَا ہے، جار بامجرور متعلق مقدم تَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ لَا تَفْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ تَقُوْلُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق مقدم جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③

آیت نمبر ۳: كَبُرَ فعل مَقْتًا تمیز از نسبت الی الفاعل عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا، اَنْ ناصبہ تَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصولہ لَا تَفْعَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ بتاویل مصدر فاعل، فعل بافاعل وتمیز جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④

آیت نمبر ۴: اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اسم يُحِبُّ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّذِيْنَ اسم موصول يُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال صَفًّا بمعنی صَآفِّيْنَ حال اولی، كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر منصوب اسم بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ مرکب توصیفی خبر، كَاَنَّ باسم وخبر حال دوم، ذوالحال باحالین فاعل فِيْ سَبِيْلِهٖ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ يُحِبُّ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَ قَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

آیت نمبر ۵: واؤ استینافیہ اِذْ مضاف قَالَ فعل مُوْسٰى فاعل لِقَوْمِهٖ متعلق سے مل کر قول ہوا، يٰقَوْمِ دراصل يَا قَوْمِيْ ہے، يَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، قَوْمِيْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً مفعول بہ سے مل کر نداء، لِمَ دراصل لِمَا ہے، جار بامجرور متعلق مقدم ہوئے تُؤْذُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَنَّ حرف تحقیق يَاء ضمیر منصوب اس کا اسم رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلٌ اسم مفعول مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ اور اِلَيْكُمْ متعلق سے مل کر خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ

اسمیہ خبریہ تَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل باقاعل و مفعولین حال ذوالحال باحال تَعْلَمُوْنَ کا فاعل نون وقایہ کا یاء ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل باقاعل و مفعول بہ و متعلق مقدم جملہ استفہامیہ انشائیہ جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل باآنتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ ہوا فَاء استینافیہ لَمَّا جازمہ شرطیہ زَاغُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر شرط، اَزَاغَ فعل اَللّٰهُ فاعل قُلُوْبَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذْ قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ مُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

آیت نمبر ۶: واؤ استینافیہ اِذْ ظرف زمان مضاف قَالَ فعل عِیْسَى مبدل منہ ابْنُ مَرْیَمَ مرکب اضافی بدل، مبدل منہ بدل فاعل، فعل باقاعل قول ہوا، یاء حرف ندا اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر ندا، اِنِّیْ حرف تحقیق یاء ضمیر اس کا اسم رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلُ، مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ اِلَیْكُمْ متعلق، مضاف باضاف الیہ و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جواب ندا، ندا باجواب ندا مقولہ، قول بامقولہ اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف باضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْکُرْ کا، اُذْکُرْ فعل باآنتَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

مُّصَدِّقًا اسم فاعل آنتَ مستتر فاعل لامر جادہ مَا موصولہ بَیْنَ یَدَیَّ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کے، فعل باقاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال، مِنَ التَّوْرٰىةِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور متعلق ہو کے مُصَدِّقًا کے، اسم فاعل باقاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُبَشِّرًا اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل بَاء جادہ رَسُوْلٍ موصوف یَّاْتِیْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْۢ بَعْدِی متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولیٰ بِاسْمُهٗ مرکب اضافی مبتدا، اَحْمَدُ خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ موصوف باصفتین مجرور، جار باجرور مُبَشِّرًا کے متعلق، اسم فاعل باقاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ باعطف حال ہو رَسُوْلُ بمعنی مُرْسَلُ میں هُوَ ضمیر پر شیدہ سے فَاء استینافیہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بِالْبَیِّنٰتِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول هٰذَا اسم مرفوع مبتدا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ مرکب توصیفی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَ هُوَ یُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا اَظْلَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جادہ مَنْ موصولہ اِفْتَرٰی فعل هُوَ مستتر

ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یُدْعٰی فعل مجہول ھُوَ ضمیر نائب فاعل اِلَی الْاِسْلَامِ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اِفْتَرٰی کا فاعل عَلَی اللّٰہِ جار باجرور متعلق ہوئے الْکَذِبَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، لَایَھْدِی فعل ھُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاھِھِمْ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ ۸

آیت نمبر ۸: یُرِیْدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل لام زائدہ یہاں اَنْ مقدر ہے یُطْفِـُٔوْا فعل واؤ ضمیر فاعل نُوْرَ اللّٰہِ مرکب اضافی ذوالحال واؤ حالیہ اَللّٰہُ مبتدا، مُتِمُّ نُوْرِہٖ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر حال اولی، واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ کَرِہَ فعل الْکٰفِرُوْنَ فاعل سے مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اَللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر حال دوم، ذوالحال باحالین یُطْفِـُٔوْا کا مفعول بہ بِاَفْوَاھِھِمْ جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر یُرِیْدُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ھُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ ۹

آیت نمبر ۹: ھُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول اَرْسَلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل رَسُوْلَہٗ مرکب اضافی مفعول بہ، بِاَء جارہ الْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ معطوف علیہ ومعطوف مجرور، جار باجرور مُتَلَبِّسًا متعلق ہو کر اَرْسَلَ کے فاعل یا مفعول بہ سے حال ہے۔ لَامِ جارہ تعلیلیہ یُظْھِرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَی جارہ الدِّیْنِ کُلِّہٖ مؤکد باتاکید مجرور، جار باجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور متعلق، اَرْسَلَ فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ کَرِہَ فعل الْمُشْرِکُوْنَ فاعل سے مل کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اَظْھَرَ اللّٰہُ الدِّیْنَ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر لِیُظْھِرَ کے مفعول بہ سے حال ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی تِجَارَۃٍ تُنْجِیْکُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ۱۰

آیت نمبر ۱۰: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب، بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ ندا ہے ھَلْ استفہامیہ اَدُلُّ فعل اَنَا مستتر فاعل، کُمْ ضمیر مفعول بہ عَلٰی جارہ تِجَارَۃٍ موصوف تُنْجِیْ فعل ھِیَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ عَذَابٍ اَلِیْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے اَدُلُّ کے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ انشائیہ جواب ندا، ندا باجواب ندا جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ ؕ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۱۱

آیت نمبر ۱۱: تُؤْمِنُوْنَ فعل مضارع بمعنی امر واؤ ضمیر فاعل بآء جارہ اَللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُجَاهِدُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ جارہ سَبِیْلِ اللّٰہِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، بآء جارہ اَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ ذٰلِکُمْ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَّکُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اور جزاء محذوف ہے اِفْعَلُوْہُ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑫

آیت نمبر ۱۲: یَغْفِرْ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَّکُمْ متعلق ذُنُوْبَکُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یُدْخِلْ فعل ھُوَ مستتر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ جَنّٰتٍ موصوف تَجْرِیْ فعل مِنْ تَحْتِهَا متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل سے مل کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَسٰكِنَ موصوف طَيِّبَةً صفت اولیٰ، فِیْ جارہ جَنّٰتِ عَدْنٍ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور کَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین معطوف، معطوف علیہ با معطوف یُدْخِلْ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء ہوئی شرط محذوف اِنْ تُؤْمِنُوْا وَتُجَاهِدُوْا... الخ کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ ذٰلِکَ اسم اشارہ مبتدا، اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ مرکب توصیفی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑬

آیت نمبر ۱۳: واؤ عاطفہ اُخْرٰی موصوف تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا، اور خبر محذوف ہے لَکُمْ، یا منصوب تقدیراً فعل محذوف یُؤْتِ کا مفعول بہ ہے اور وہ یَغْفِرْ پر معطوف ہے۔ نَصْرٌ موصوف مِنَ اللّٰہِ کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فَتْحٌ قَرِیْبٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر ہے مبتدا محذوف تِلْکَ النِّعْمَةُ الْاُخْرٰی کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ بَشِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اَلْمُؤْمِنِیْنَ مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰي عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ⑭

آیت نمبر ۱۴ : یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے کُوْنُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم اَنْصَارَ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر نداء کا جواب، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ کَمَا قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ... الخ کی ترکیب اس کے معنی کے اعتبار سے ہوگی نہ کہ اس کے لفظ کے اعتبار سے اور اس کا معنی ہے کَمَا کَانَ الْحَوَارِیُّوْنَ اَنْصَارَ عِیْسٰی حِیْنَ قَالَ لَهُمْ مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰهِ، ک جارہ مَا مصدریہ کَانَ ناقصہ الْحَوَارِیُّوْنَ اس کا اسم اَنْصَارَ عِیْسٰی مرکب اضافی خبر حِیْنَ مضاف قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، اَنْصَارِیْ مرکب اضافی ذوالحال اِلَی اللّٰهِ مُتَوَجِّهِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اَنْصَارَ کا، فعل ناقص با اسم و خبر بتا ویل مصدر مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ موصوف محذوف کَوْنًا کے مفعول مطلق ہوا فعل امر کُوْنُوْا کا.....الخ

قَالَ فعل الْحَوَارِیُّوْنَ فاعل سے مل کر قول ہوا، نَحْنُ ضمیر مبتدا، اَنْصَارُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فَاٰمَنَتْ فعل طَّآئِفَةٌ موصوف مِّنْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ کَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفَرَتْ فعل طَّآئِفَةٌ فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف ہوا معطوف علیہ محذوف فَلَمَّا رُفِعَ عِیْسٰی اِلَی السَّمَآءِ اِفْتَرَقَ النَّاسُ فِیْهِ فِرْقَتَیْنِ کا، فاء عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے فَاَیَّدْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلٰی عَدُوِّهِمْ، اَیَّدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ عَلٰی عَدُوِّهِمْ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف اوّل، فاء عاطفہ اَصْبَحُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم ظٰهِرِیْنَ خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

بروز جمعہ بوقت ۱۰:۴۵ بعد العشاء بتاریخ ۲۰، ۷، ۱۴۳۴ھ بمطابق ۳۱,۵,۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی

ترکیب سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

آیت نمبر ۱: يُسَبِّحُ فعل لام جار مَا اللّٰهِ موصوف الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ صفات اربعہ سے مل کر مجرور، جار مجرور متعلق ہوئے مَا موصولہ فِي السَّمٰوٰتِ ظرف مستقر ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ فِي الْاَرْضِ ثَبَتَ کے متعلق ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۗ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ② وَّ اٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③

آیت نمبر ۲، ۳: هُوَ مبتدا الَّذِيْ اسم موصول بَعَثَ فعل هُوَ مستتر فاعل فِي جارہ الْاُمِّيّٖنَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰخَرِيْنَ موصوف مِنْهُمْ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، لَمَّا جازمہ يَلْحَقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِهِمْ ظرف لغو متعلق سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور بَعَثَ کے متعلق ہوئے، رَسُوْلًا موصوف مِنْهُمْ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، يَتْلُوْا فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق اٰيٰتِهٖ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُزَكِّيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يُعَلِّمُ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ اِنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم مِنْ قَبْلُ ظرف مستقر حال ہے۔ لَامِ فارقہ فِيْ جارہ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر حال، ذوالحال باحال يُعَلِّمُ کا مفعول بہ اوّل، الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَسُوْلًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بَعَثَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ هُوَ کی خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ یا استینا فیہ هُوَ مبتدا، الْعَزِيْزُ خبر اوّل، الْحَكِيْمُ خبر ثانی سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ هُوَ الَّذِيْ پر معطوف ہے یا بَعَثَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے ہوا۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ④

آیت نمبر ۴: ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، فَضْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر اوّل، يُؤْتِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل هِ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل بامُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر ثانی، مبتدا بخبرین

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔واؤ عاطفہ اَللّٰہُ مبتدا، ذُو مضاف الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ مرکب توصیفی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

مَثَلُ الَّذِیْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ یَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝۵

آیت نمبر ۵: مَثَلُ مضاف الَّذِیْنَ اسم موصول حُمِّلُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل التَّوْرٰىةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَمْ یَحْمِلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مَثَلُ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبتدا، کاف حرف جار مَثَلِ مضاف الْحِمَارِ موصوف یَحْمِلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَسْفَارًا مفعول بہ سے مل کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار باجرور ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: الْحِمَارِ معرف باللام ہے تو یَحْمِلُ فعلیہ خبریہ کیسے صفت واقع ہو سکتا ہے؟

جواب: الْحِمَارِ کا الف ولام جنسی ہے لہذا یہ نکرہ کے حکم میں ہے۔

بِئْسَ فعل ذم مَثَلُ مضاف الْقَوْمِ موصوف الَّذِیْنَ اسم موصول كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بِئْسَ کا فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم، اور مخصوص بالذم مبتدا محذوف ہے هٰذَا الْمَثَلُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔واؤ استینافیہ اَللّٰہُ مبتدا، لَا یَهْدِی فعل هُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِیَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول، یَاء حرف نداء اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، اَیُّ موصوف هَا برائے تنبیہ الَّذِیْنَ اسم موصول هَادُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ صفت، موصوف باصفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، اِنْ شرطیہ زَعَمْتُمْ فعل بافاعل اَنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اَوْلِیَآءُ موصوف لِلّٰهِ ظرف مستقر کَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال مِنْ جارہ دُوْنِ النَّاسِ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال خبر، اَنَّ باسم وخبر زَعَمْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ تَمَنَّوُا فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَوْتَ مفعول بہ سے مل کر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم صٰدِقِیْنَ خبر سے مل کر شرط مؤخر، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۷: واؤ استینافیہ لَا يَتَمَنَّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَبَدًا مفعول فیہ بناء جاء ہما موصولہ قَدَّمَتْ فعل اَيْدِيْهِمْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، عَلِيْمٌۢ صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل بِالظّٰلِمِيْنَ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، اِنَّ حرف تحقیق الْمَوْتَ موصوف الَّذِيْ اسم موصول تَفِرُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اور مِنْهُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ الْمَوْتَ کی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کا اسم مضمن معنی شرط، فاء جوابیہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم مُلٰقِيْكُمْ مرکب اضافی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ ثُمَّ عاطفہ تُرَدُّوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلٰى جارہ عٰلِمِ صیغہ صفت مضاف الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ فَيُنَبِّئُكُمْ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، بناء جارہ ما اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور يُنَبِّئُ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر معطوف ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ منادیٰ ہے اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نُوْدِيَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لِلصَّلٰوةِ جار با مجرور متعلق اول، مِنْ حرف جار بمعنی فِيْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فاء جزائیہ اِسْعَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَرُوا فعل امر واؤ ضمیر فاعل الْبَيْعَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جواب منادیٰ با جواب منادیٰ جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ ذٰلِكُمْ اسم اشارہ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل ھُوَ مستتر فاعل لَّكُمْ متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا با خبر دال بر جزاء اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل

ناقص باسم وخبر شرط، شرط دال بر جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَ ابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قُضِيَتِ فعل مجہول الصَّلٰوةُ نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنْتَشِرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْاَرْضِ متعلق سے مل کر جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِبْتَغُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اذْكُرُوا فعل امر واؤ ضمیر ذوالحال لَعَلَّ حرف ترجّی كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم تُفْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لَعَلَّ باسم وخبر جملہ انشائیہ رَاجِيًا الْفَلَاحَ کی تاویل میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، لفظ اَللّٰهَ مفعول بہ كَثِيْرًا بواسطہ موصوف محذوف ذِكْرًا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔

وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا نِ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ شرط، اِنْفَضُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَيْهَا متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَرَكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، کاف ضمیر منصوب ذوالحال قَآئِمًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل سے مل کر قول، مَا اسم موصول عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل هُوَ مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللَّهْوِ جار باجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنَ التِّجَارَةِ جار باجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق ہوئے، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ واؤ استینافیہ اَللّٰهُ مبتدا، خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْمُنَافِقُوْنِ

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝۱

آیت نمبر ۱: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَلْمُنٰفِقُوْنَ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، نَشْهَدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اس کا اسم لام تاکید یہ رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ مقولہ، قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ اعتراضیہ اَللّٰهُ مبتدا، يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم لام تاکید یہ رَسُوْلُهٗ مرکب اضافی خبر، اِنَّ با اسم و خبر يَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، يَشْهَدُ فعل هُوَ مستتر فاعل اِنَّ حرف تحقیق اَلْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لام تاکید یہ لَكٰذِبُوْنَ خبر، اِنَّ با اسم و خبر يَشْهَدُ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲

آیت نمبر ۲: اِتَّخَذُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اَيْمَانَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول جُنَّةً مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم سَآءَ فعل ذم، مَا اسم موصول كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل ذم با فاعل خبر، اور مبتدا محذوف ہے عَمَلُهُمْ، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۳

آیت نمبر ۳: ذٰلِكَ مبتدا، بَاء جارہ اَنَّ حرف تحقیق هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر بتاویل مفرد مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر ذٰلِكَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، طُبِعَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل عَلٰى قُلُوْبِهِمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هُمْ ضمیر مبتدا، لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ

مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۴

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَیْتَ فعل تاء ضمیر مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، تُعْجِبُ فعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اَجْسَامُھُمْ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ یَقُوْلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، تَسْمَعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل لِقَوْلِھِمْ متعلق سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ کَاَنَّ حرف تشبیہ ھُمْ ضمیر منصوب اسم خُشُبٌ موصوف مُّسَنَّدَةٌ صفت سے مل کر خبر، کَاَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ یہ مبتدا محذوف ھُمْ کی خبر ہو یا قَوْلِھِمْ کی ضمیر سے حال ہو۔ یَحْسَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کُلَّ صَيْحَةٍ مفعول بہ اوّل، عَلَيْهِمْ وَاقِعَةً کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ مستانفہ ہوا۔ ھُمُ الْعَدُوُّ مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ صِفَتَھُمْ اِحْذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ قٰتَلَ فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَللّٰهُ فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ اَنّٰى استفہامیہ مفعول فیہ ہوا کَائِنِيْنَ کا، کَائِنِيْنَ اسم فاعل ھُمْ مستتر فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر حال مقدم يُؤْفَكُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۵

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لَھُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، تَعَالَوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ شرط، لَوَّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رُءُوْسَھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ معطوفہ ہوا۔ يَسْتَغْفِرْ فعل لَكُمْ متعلق رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جزاء، اس کی شرط محذوف ہے اِنْ تَعَالَوْا، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ رَاَيْتَ فعل تاء مفتوحہ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر ذوالحال يَصُدُّوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُمْ مبتدا، مُّسْتَكْبِرُوْنَ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال رَاَيْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۶

آیت نمبر ۶: سَوَآءٌ بمعنی مُسْتَوٍ اسم فاعل عَلَيْهِمْ اس کے متعلق پھر یہ خبر مقدم، اَسْتَغْفَرْتَ لَھُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَھُمْ یہ اِسْتِغْفَارُکَ وَعَدَمُ اِسْتِغْفَارِکَ کی تاویل میں ہو کر مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ لَنْ يَّغْفِرَ فعل اَللّٰهُ فاعل لَھُمْ متعلق کے ساتھ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق اَللّٰهَ اس کا اسم لَا يَهْدِى فعل ھُوَ مستتر فاعل الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ مرکب توصیفی

مفعول بہ سے مل کر خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝

آیت نمبر ۷: هُمُ ضمیر مبتدا، اَلَّذِيْنَ اسم موصول يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَا تُنْفِقُوْا فعل نہی واؤ ضمیر فاعل عَلٰى جارہ مَنْ موصولہ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل ہاھُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور متعلق اوّل، حَتّٰى حرف جار يَنْفَضُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین مقولہ، قول با مقولہ صلہ، موصول باصلہ هُمُ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم خَزَآئِنُ مضاف السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا يَنْفَضُّوْا کی واؤ ضمیر سے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک الْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَا يَفْقَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۸: يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول، لَامِ موطئہ للقسم اور یہاں قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ رَجَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلَى الْمَدِيْنَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط لَيُخْرِجَنَّ فعل الْاَعَزُّ فاعل مِنْهَا متعلق الْاَذَلَّ مفعول بہ سے مل کر جواب قسم، قسم با جواب قسم مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا، اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔ واؤ حالیہ لِلّٰهِ جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِرَسُوْلِهٖ جار با مجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لِلْمُؤْمِنِيْنَ جار با مجرور معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، اَلْعِزَّةُ مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ہوا الْاَذَلَّ سے۔ واؤ عاطفہ لٰكِنَّ حرف استدراک الْمُنٰفِقِيْنَ اس کا اسم لَا يَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، لٰكِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۹: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے لَا تُلْهِ فعل نہی كُمْ ضمیر فاعل اَمْوَالُكُمْ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَوْلَادُكُمْ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔ واؤ استینا فیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يَفْعَلْ فعل هُوَ مستتر فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اُولٰٓئِكَ مبتدا، هُمُ ضمیر برائے فصل الْخٰسِرُوْنَ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ

خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْ لَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَ اَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ اَنْفِقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ رَزَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق اوّل، مِنْ جارہ قَبْلِ مضاف اَنْ ناصبہ يَاْتِيَ فعل اَحَدَ كُمُ مرکب اضافی مفعول بہ الْمَوْتُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار باجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ يَقُوْلَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر قول، رَبِّ اصل میں يَا رَبِّي ہے اور اس کی ترکیب بہت مرتبہ گزر چکی ہے اور یہ نداء ہے، لَوْلَا حرف تحضیض اَخَّرْتَ فعل تَاء مفتوحہ فاعل نون وقایہ کا، يَاء ضمیر منصوب مفعول بہ اِلٰى جارہ اَجَلٍ قَرِيْبٍ مرکب توصیفی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اور اس کے بعد اَنْ مصدریہ ناصبہ مقدر ہے کیونکہ یہ جواب تحضیض میں واقع ہے اَصَّدَّقَ فعل اَنَا مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل اور تقدیر عبارت لَوْلَا كَانَ مِنْكَ تَاْخِيْرِيْ فِي الدُّنْيَا فَتَصَدُّقِيْ ہے، واؤ عاطفہ اَكُنْ فعل ناقص اَنَا مستتر اس کا اسم مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَ لَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ اَنَا کا معطوف علیہ محذوف ہے فَلَا يُؤَخِّرُ هٰذَا الْمُتَمَنِّيْ، لَنْ يُّؤَخِّرَ فعل اَللّٰهُ فاعل نَفْسًا مفعول بہ سے مل کر دال بر جزاء، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل اَجَلُهَا مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط اپنے دال بر جزاء سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا، اور اگر واؤ حالیہ ہو تو پھر یہ جملہ يَقُوْلَ کی ضمیر سے حال ہوگا (مظہری) واؤ عاطفہ اَللّٰهُ مبتدا، خَبِيْرٌ صیغہ صفت هُوَ مستتر اس کا فاعل بَاء جارہ مَا اسم موصول تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے، صیغہ صفت بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

رکوع نمبر ۱

آیت نمبر ۱۰: واؤ عاطفہ قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول لَوْ شرطیہ كُنَّا فعل ناقص نا ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم نَسْمَعُ فعل با نَحْنُ مستتر فاعل معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ نَعْقِلُ فعل با نَحْنُ مستتر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط مَا نافیہ كُنَّا فعل ناقص نا ضمیر اس کا اسم فِيْ جارہ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنِيْنَ کے كَائِنِيْنَ اسم فاعل با نَحْنُ مستتر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جزء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ قول کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝

آیت نمبر ۱۱: فَاء استینافیہ اِعْتَرَفُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر ذَنْۢبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء عاطفہ سُحْقًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف سَحَقَ کا اصل عبارت ہوگی اَسْحَقَهُمُ اللّٰهُ سُحْقًا، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لِاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ جار با مجرور بیان ہے اور بیّن محذوف ہے سوال مقدر ہوا ,, مَنْ اَسْحَقَ اللّٰهُ ,, تو اس کا جواب دیا سَحَقَ اللّٰهُ لِاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

آیت نمبر ۱۲: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الَّذِیْنَ اسم موصول یَخْشَوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال بِالْغَیْبِ کَائِنِیْنَ کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل رَبَّھُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لَھُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنَانِ کے، کَائِنَانِ اسم فاعل باھُمَا ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم، مَغْفِرَۃٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَجْرٌ کَبِیْرٌ مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: واؤ استینافیہ اَسِرُّوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل قَوْلَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اِجْهَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل بِہٖ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم عَلِیْمٌ صفت مشبہ بَاء حرف جر ذَاتِ الصُّدُوْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے عَلِیْمٌ کے، صفت مشبہ باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: ھَمزہ استفہامیہ لَا یَعْلَمُ فعل مَنْ موصولہ خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال، واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، اَللَّطِیْفُ خبر اول، اَلْخَبِیْرُ خبر ثانی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال خَلَقَ کا فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ لَا یَعْلَمُ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِیْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: ھُوَ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول جَعَلَ بمعنی خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لَكُمْ جار بامجرور متعلق اَلْاَرْضَ ذوالحال ذَلُوْلًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتُمْ ذٰلِکَ، اِمْشُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جر مَنَاكِبِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل مِنْ حرف جر رِزْقِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِلَيْهِ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم النُّشُوْرُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِیَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: ھَمزہ برائے استفہام انکاری اَمِنْتُمْ فعل بافاعل مَنْ اسم موصول فِی السَّمَآءِ ظرف مستقر ثَبَتَ محذوف کے متعلق، ثَبَتَ فعل باھُوَ مستتر فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَنْ ناصبہ یَخْسِفَ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِكُمُ ظرف لغو متعلق

21

ہوئے الْاَرْضَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاِذَا عاطفہ اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ مقدم ھِیَ ضمیر منفصل مبتدا تَمُوْرُ فعل بافاعل مستتر فاعل و مفعول فیہ مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَیْفَ نَذِیْرِ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: اَمْ عاطفہ اَمِنْتُمْ فعل بافاعل مَنْ اسم موصول فِی السَّمَآءِ ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ، اَنْ ناصبہ یُرْسِلَ فعل ھُوَ مستتر فاعل عَلَیْكُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے، حَاصِبًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر ہو کر بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل اَمِنْتُمْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا رَاَیْتُمُ الْمُنْذَرَ بِہٖ (جب تم اس چیز کو دیکھ لو گے جس کے ساتھ تم ڈرائے گئے ہو) سین علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كَیْفَ مفعول فیہ ہوا كَانَ نَذِیْرِ کا كَانَ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ خبر مقدم نَذِیْرِ دراصل نَذِیْرِیْ ہے، نَذِیْرِیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ تَعْلَمُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ لَام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے قَدْ علامت فعل، كَذَّبَ فعل الَّذِیْنَ اسم موصول مِنْ جارہ قَبْلِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے فعل محذوف كَانُوْا کے كَانُوْا فعل تام باواؤ ضمیر فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جواب قسم برائے قسم محذوف، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ كَیْفَ كَانَ نَكِیْرِ کا مفعول فیہ ہو کر كَانَ کی خبر مقدم، كَانَ فعل ناقص نَكِیْرِ دراصل نَكِیْرِیْ ہے، نَكِیْرِیْ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً اسم موخر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَى الطَّیْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ ۛ مَا یُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: هَمزہ برائے استفہام انکاری واؤ عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے غَفَلُوْا اَلَمْ یَرَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَى حرف جر الطَّیْرِ ذوالحال صٰٓفّٰتٍ اسم فاعل ھُنَّ پوشیدہ فاعل فَوْقَهُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَقْبِضْنَ فعل نون مفتوحہ ضمیر متصل فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور لَمْ یَرَوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ انشائیہ ہوا۔ مَا نافیہ یُمْسِكُ فعل ھُنَّ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء الرَّحْمٰنُ مستثنیٰ مفرغ ہو کر فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم بَاء حرف جر كُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم بَصِیْرٌ صفت

مشبہ باھُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر اِنِ کی خبر، اِنِ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ یَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: اَمْ منقطعہ حرف عطف مَنْ استفہامیہ مبتدا، هٰذَا اسم اشارہ موصوف الَّذِیْ اسم موصول هُوَ ضمیر مبتدا، جُنْدٌ موصوف لَّكُمْ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، یَنْصُرُ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال مِنْ حرف جر دُوْنِ الرَّحْمٰنِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اِنِ نافیہ الْكٰفِرُوْنَ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء فِیْ غُرُوْرٍ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ؕ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: اَمْ عاطفہ مَنْ اسم موصول مبتدا، هٰذَا اسم اشارہ موصوف الَّذِیْ اسم موصول یَرْزُقُ فعل با هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و كُمْ ضمیر مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر دال بر جزاء اِنْ شرطیہ اَمْسَكَ فعل با هُوَ مستتر فاعل رِزْقَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے فَلَا رَازِقَ لَكُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ بَلْ عاطفہ لَجُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْ حرف جر عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ معطوف علیہ با معطوف مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خود جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: هَمزہ استفہامیہ فَاء زائدہ (مظہری) مَنْ اسم موصول یَمْشِیْ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال مُكِبًّا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی حرف جر وَجْهِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اسم فاعل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال یَمْشِیْ کا فاعل، فعل با فاعل صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اَهْدٰی اسم تفضیل با هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف علیہ، اَمْ عاطفہ مَنْ اسم موصول یَمْشِیْ فعل هُوَ مستتر ذوالحال سَوِیًّا حال، ذوالحال با حال فاعل، عَلٰی جارہ صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور یَمْشِیْ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول با صلہ مبتدا، اس کی خبر اَهْدٰی محذوف ہے، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: قُلْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول اَنْشَاَ فعل با هُوَ مستتر فاعل و كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَكُمْ جار با مجرور متعلق ہوئے السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ قَلِیْلًا دراصل شُكْرًا قَلِیْلًا

ہے موصوف باصفت مفعول مطلق مَا لَہٗ تَشْكُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہوا لَكُمْ کی ضمیر ذوالحال کا، یا جملہ مستانفہ ہو۔

قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: قُلْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، هُوَ ضمیر مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول ذَرَاَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِی الْاَرْضِ جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تُحْشَرُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَیْهِ جار با مجرور اس کے متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ هُوَ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ استینافیہ یَقُوْلُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَتٰی ظرف زمان اسم استفہام مفعول فیہ كَائِنٌ کا، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ خبر مقدم هٰذَا الْوَعْدُ موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جزاء مقدم اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر متصل اس کا اسم صٰدِقِیْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط مؤخر، شرط با جزاء مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ شرط کی جزاء محذوف ہے فَبَیِّنُوْا یا عَیِّنُوْا وَقْتَ الْقِیَامَةِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول، اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ الْعِلْمُ مبتدا، عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی مفعول فیہ كَائِنٌ کا، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ مستتر فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنَا ضمیر منفصل مبتدا، نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ موصوف باصفت خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَقِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: فَاء فصیحہ یہاں دو جملے مقدر ہیں قَدْ اَتٰی مَا وُعِدُوْا بِهٖ فَرَاَوْهُ، لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب ذوالحال زُلْفَةً حال، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ شرط، سِیْٓـَٔتْ فعل مجہول وُجُوْهُ مضاف الَّذِیْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قِیْلَ فعل مجہول هُوَ ضمیر مستتر نائب فاعل، دونوں مل کر قول ہوا، هٰذَا مبتدا، الَّذِیْ اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر متصل اسم تَدَّعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِهٖ جار با مجرور متعلق مقدم، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول با صلہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: قُلْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل قول ہوا، ھَمزہ برائے استفہام انکاری اَرَءَيْتُمْ فعل با فاعل اِنْ شرطیہ اَهْلَكَ فعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر متکلم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول مَعِيَ مرکب اضافی مفعول فیہ فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول با صلہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ لفظ اَللّٰهُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ اَوْ عاطفہ رَحِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف شرط، جزاء محذوف ہے فَلَا فَائِدَةَ لَكُمْ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر اَرَءَيْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، يُجِيْرُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل الْكٰفِرِيْنَ مفعول بہ مِنْ جارہ عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ مُعَلِّلہ ہوا۔

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل قول، هُوَ ضمیر منفصل مبتدا، الرَّحْمٰنُ خبر اول، اٰمَنَّا بِهٖ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَلَيْهِ ظرف لغو متعلق مقدم تَوَكَّلْنَا فعل با فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر دوم، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اٰمَنَّا بِالرَّحْمٰنِ، یا اِنْ جَآءَكُمُ الْعَذَابُ، سِین علامت فعل، تَعْلَمُوْنَ فعل با فاعل مَنْ استفہامیہ مبتدا، هُوَ ضمیر فصل فِيْ حرف جر ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر تَعْلَمُوْنَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: قُلْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، ھَمزہ برائے استفہام انکاری اَرَءَيْتُمْ فعل با فاعل اِنْ شرطیہ اَصْبَحَ فعل ناقص مَآؤُكُمْ مرکب اضافی اس کا اسم غَوْرًا خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ مَنْ استفہامیہ مبتدا، يَاْتِيْ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء حرف جر مَآءٍ مَّعِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر جزاء، شرط با جزاء اَرَءَيْتُمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ امریہ ہوا۔

(بروز بدھ بوقت ۹:۴۵ بعد العشاء بتاریخ ۲۶، ۶، ۱۴۳۴ھ بمطابق ۸،۵،۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی)

تركيب سُوْرَةُ الْقَلَمِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ نٓ وَ الْقَلَمِ وَ مَا يَسْطُرُوْنَ ۙ○ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۚ○ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ○ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: نٓ حروف مقطعات میں سے ہے واؤ قسمیہ جارہ اَلْقَلَمِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یَسْطُرُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل باانَا ضمیر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، مَا مشابہ "بہ لَیْسَ اَنْتَ ضمیر اس کا اسم بباء زائدہ مَجْنُوْنٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مَا کی خبر، مَا اپنے اسم اور خبر سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق لَكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم لَام تاکیدیہ اَجْرًا موصوف غَيْرَ مَمْنُوْنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کا اسم مؤخر، اِنَّ باسم و خبر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اس کا اسم لَام تاکیدیہ عَلٰى حرف جر خُلُقٍ عَظِيْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ بَاء حرف جر برائے تعلیل نِعْمَةِ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا فعل اِنْتَفٰى کا، تقدیری عبارت ہوگی اِنْتَفٰى عَنْكَ الْجُنُوْنُ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ، اَلْجُنُوْنُ اِنْتَفٰى کا فاعل ہے، فعل بافاعل و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ۙ○ بِاَيِّيْكُمُ الْمَفْتُوْنُ ○

آیت نمبر ۵، ۶: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ، سِین علامت فعل، تُبْصِرُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُبْصِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء زائدہ اَيِّكُمْ مرکب اضافی مبتدا، اَلْمَفْتُوْنُ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○

آیت نمبر ۷: اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اس کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل بَاء حرف جر مَنْ اسم موصول ضَلَّ فعل باهُوَ ضمیر فاعل اور عَنْ سَبِيْلِهٖ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور اَعْلَمُ کے متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هُوَ ضمیر منفصل مبتدا، اَعْلَمُ اسم تفضیل باهُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور بِالْمُهْتَدِيْنَ متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ○ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ○

آیت نمبر ۹،۸: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا ظَهَرَ اَنَّكَ عَلَى الْحَقِّ (مظہری) لَاتُطِعِ فعل نہی اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الْمُكَذِّبِيْنَ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول یہ جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ وَدُّوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لَوْ مصدریہ بمعنی اَنْ ناصبہ (جلالین) تُدْهِنُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ يُدْهِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر وَدُّوْا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۰،۱۱،۱۲،۱۳: واؤ عاطفہ لَاتُطِعْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل كُلَّ مضاف حَلَّافٍ موصوف مَهِيْنٍ صفت اولی، هَمَّازٍ صفت ثانیہ، مَشَّآءٍ صیغہ مبالغہ باهُوَ ضمیر فاعل اور بِنَمِيْمٍ متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت ثالثہ، مَنَّاعٍ صیغہ مبالغہ باهُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور لِلْخَيْرِ متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت رابعہ، مُعْتَدٍ صفت خامسہ اَثِيْمٍ صفت سادسہ، عُتُلٍّ صفت سابعہ، زَنِيْمٍ باهُوَ ضمیر فاعل اور بَعْدَ ذٰلِكَ مفعول فیہ صفت ثامنہ، موصوف باتمام صفات كُلَّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ لَاتُطِعْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہوا۔

اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: اَنْ مصدریہ كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا اسم ذَا مضاف مَالٍ وَّبَنِيْنَ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ كَانَ کی خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول لہ ہوا فعل محذوف كَذَّبَ کا، فعل باهُوَ ضمیر فاعل ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵،۱۶: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم تُتْلٰى فعل مجہول عَلَيْهِ جار بامجرور اس کے متعلق ہوئے اٰيٰتُنَا مرکب اضافی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، قَالَ فعل باهُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ مرکب اضافی خبر ہے مبتدا محذوف هِيَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ سِين علامت فعل، نَسِمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَى الْخُرْطُوْمِ جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم بَلَوْنَا فعل بافاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ کاف حرف جر مَا مصدریہ بَلَوْنَا فعل بافاعل اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ مرکب اضافی مفعول بہ اِذْ ظرف زمان مضاف اَقْسَمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قسم، لَيَصْرِمُنَّ فعل واؤ مقدرہ ذوالحال مُصْبِحِيْنَ حال، ذوالحال باحال فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم

بجواب قسم اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بَلَوْنَا کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت، موصوف محذوف بَلَاءً کی، موصوف بصفت پہلے بَلَوْنَا کا مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: واؤ استینافیہ لَا يَسْتَثْنُوْنَ فعل بافاعل ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿۲۰﴾ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵: فاء عاطفہ طَافَ فعل عَلَيْهَا جار بامجرور متعلق ہو کے طَآئِفٌ موصوف مِّنْ حرف جر رَّبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف بصفت ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ مبتدا نَآئِمُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال طَافَ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَصْبَحَتْ فعل ناقص هِيَ مستتر اس کا اسم كَالصَّرِيْمِ جار بامجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اول، فاء عاطفہ تَنَادَوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُصْبِحِيْنَ حال، ذوالحال باحال مفسر، اَنِ حرف تفسیر اُغْدُوْا فعل امر ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَلٰى جارہ حَرْثِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ انشائیہ امریہ ہو کر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم صٰرِمِيْنَ اسم فاعل بانْتُمْ مستتر فاعل خبر، فعل ناقص باسم و خبر شرط ہو کر آخر بادال بر جزاء سے مل کر مفسر، مفسر بامفسر معطوف بنی فاء عاطفہ اِنْطَلَقُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ ضمیر فصل مبتدا يَتَخَافَتُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال اِنْطَلَقُوْا کا فاعل، اَنْ مصدریہ لَا يَدْخُلَنَّ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ الْيَوْمَ مفعول فیہ عَلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق بِمِسْكِيْنٌ فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر منصوب بنزع الخافض اصل میں بِاَنْ تھا، جار بامجرور متعلق ہوا يَتَخَافَتُوْنَ کا، اِنْطَلَقُوْا فعل بافاعل معطوف ثالث، واؤ عاطفہ غَدَوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم عَلٰى حَرْدٍ جار بامجرور متعلق مقدم ہوا قٰدِرِيْنَ کا، قٰدِرِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جملہ معطوفہ ہوا۔

فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷: فاء عاطفہ لَمَّا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط قَالُوْا فعل بافاعل ضمیر فاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم لَامِ تاکید یہ ضَآلُّوْنَ اسم فاعل با نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ نَحْنُ مبتدا مَحْرُوْمُوْنَ خبر، مبتدا بخبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ

قول با مقولہ جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: قَالَ فعل اَوْسَطُهُمْ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، ھمزہ استفہامیہ لَمْ اَقُلْ فعل اَنَا مستتر فاعل لَكُمْ جار با مجرور اس کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ قول اور اس کا مقولہ محذوف ہے اِجْتَنِبُوْا عَنِ الْمَعْصِيَةِ، لَوْلَا حرف تحضیض تُسَبِّحُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل قول اوّل کا مقولہ، قول با مقولہ پھر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل قول، سُبْحٰنَ مضاف رَبِّنَا مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول مطلق فعل محذوف نُسَبِّحُ کا، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر مرفوع اس کا اسم ظٰلِمِيْنَ خبر، فعل ناقص با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: فَاء استینافیہ اَقْبَلَ فعل بَعْضُهُمْ مرکب اضافی ذوالحال يَتَلَاوَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال اَقْبَلَ کا فاعل عَلٰى بَعْضٍ ظرف لغو اس کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۳۱: قَالُوْا فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، يَا حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، وَيْلَنَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم كُنَّا طٰغِيْنَ فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب نداء، پھر نداء با جواب نداء قول کا مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: عَسٰى فعل مقارب رَبُّنَا مرکب اضافی اس کا اسم اَنْ ناصبہ يُبْدِلَ فعل هُوَ مستتر نَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل خَيْرًا اسم تفضیل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْهَا اس کے متعلق، اسم تفضیل با فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر عَسٰى کی خبر، فعل مقارب با اسم و خبر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم اِلٰى جارہ رَبِّنَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم رٰغِبُوْنَ کا، رٰغِبُوْنَ اسم فاعل با نَحْنُ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: كَذٰلِكَ جار ہا مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْعَذَابُ مبتدا مؤخر دونوں مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام تاکید یہ عَذَابُ الْاٰخِرَةِ مرکب اضافی مبتدا اَكْبَرُ اسم تفضیل ہٗ ضمیر فاعل خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا لَوْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يَعْلَمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر كَانُوْا کی خبر، كَانُوْا فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، اس کی جزاء محذوف ہے مَا فَعَلُوْا فِعْلَهُمُ الْمَذْكُوْرَ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝

آیت نمبر ۳۴: اِنَّ حرف تحقیق لِلْمُتَّقِيْنَ ظرف مستقر متعلق ہوا كَائِنَةٌ کا عِنْدَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا كَائِنَةٌ اسم فاعل ہوا ضمیر فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم جَنّٰتِ النَّعِيْمِ مرکب اضافی اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۳۵: ھمزہ برائے استفہام انکاری فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے تقدیر عبارت ہے اَلَا نُفَضِّلُ الْمُطِيْعِيْنَ عَلَى الْمُجْرِمِيْنَ (مظہری) نَجْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُسْلِمِيْنَ مفعول بہ كَالْمُجْرِمِيْنَ جار ہا مجرور متعلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ انشائیہ ہوا۔

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۶: مَا استفہامیہ مبتدا لام جارہ كُمْ ضمیر ذوالحال كَيْفَ مفعول فیہ كَائِنِيْنَ کا، تَحْكُمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال، كَائِنِيْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل و مفعول فیہ حال ذوالحال با حال فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ ہو کر حال ذوالحال با حال مجرور، جار ہا مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ۝ اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ۝

آیت نمبر ۳۷،۳۸: اَمْ متعلقہ لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم كِتٰبٌ موصوف تَدْرُسُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهِ متعلق اِنَّ حرف تحقیق لَكُمْ جار ہا مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لام تاکید یہ مَا موصولہ تَخَيَّرُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول بصلہ ذوالحال فِيْهِ ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ذوالحال باحال اِنَّ کا اسم، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر تَدْرُسُوْنَ کا مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق كِتٰبٌ کی صفت، موصوف با صفت مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ۝ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ

بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۳۹،۴۰: اَمْ منقطعہ لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةٌ کے متعلق، اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ظرف لغو كَائِنَةٌ کے متعلق، كَائِنَةٌ اسم فاعل ہاءِ ضمیر فاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم اَيْمَانٌ موصوف عَلَيْنَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، بَالِغَةٌ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ ہو کر معنیٰ قسم، اِنَّ حرف تحقیق لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم لام تاکید یہ مَا اسم موصول تَحْكُمُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم، اِنَّ با اسم و خبر جواب قسم، سَلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل اَيُّهُمْ مرکب اضافی مبتدا، زَعِيْمٌ صیغہ صفت هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل بِذٰلِكَ متعلق سے مل کر سَلْ کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۱: اَمْ منقطعہ لَهُمْ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم شُرَكَآءُ مبتدا موخر، مبتدا با خبر جملہ معطوفہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ كَانَ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ (اگر وہ اسی طرح ہے) لِيَاْتُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِشُرَكَآئِهِمْ متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر دال بر جزاء، اِنْ شرطیہ كَانُوْا فعل ناقص با واؤ ضمیر اسم اور صٰدِقِيْنَ خبر جملہ فعلیہ خبریہ شرط مؤخر، شرط دال بر جزاء سے مل کر جزاء شرط محذوف کی، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۲،۴۳: يَوْمَ مضاف يُكْشَفُ فعل مجہول عَنْ سَاقٍ جار با مجرور نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال خَاشِعَةً اسم فاعل با اَبْصَارُهُمْ مرکب اضافی فاعل شبہ جملہ حال اولیٰ، تَرْهَقُ فعل هُمْ ضمیر منصوب ذوالحال واؤ حالیہ قَدْ علامت فعل، كَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم يُدْعَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ هُمْ سٰلِمُوْنَ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال يُدْعَوْنَ کا نائب فاعل اِلَى السُّجُوْدِ ظرف لغو يُدْعَوْنَ کے متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق كَانُوْا کی خبر، كَانُوْا با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال تَرْهَقُ کا مفعول بہ ذِلَّةٌ فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ حال ثانیہ، ذوالحال با حالین يُدْعَوْنَ کا نائب فاعل اِلَى السُّجُوْدِ ظرف لغو متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق پھر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف، معطوف علیہ با معطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ فعل محذوف اُذْكُرْ کا مفعول فیہ، فعل با اَنْتَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

آیت نمبر ۴۴: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَتْ اَحْوَالُهُمْ كَذٰلِكَ، ذَرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ اسم موصول يُكَذِّبُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل با ءِ جارہ هٰذَا اسم اشارہ موصوف الْحَدِيْثِ

صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ذَرْ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ سِین علامت فعل، نَسْتَدْرِجُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جارہ حَیْثُ مضاف لَا یَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَ اُمْلِیْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَیْدِیْ مَتِیْنٌ ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: واؤ عاطفہ اُمْلِیْ فعل اَنَا مستتر فاعل لَھُمْ ظرف لغو متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق کَیْدِیْ مرکب اضافی منصوب تقدیراً اس کا اسم مَتِیْنٌ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: اَمْ منقطعہ تَسْئَلُ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، اَجْرًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء تعلیلیہ ھُمْ ضمیر منفصل مبتدا، مُثْقَلُوْنَ اسم مفعول باھُمْ ضمیر نائب فاعل وِمِنْ مَّغْرَمٍ متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَیْبُ فَهُمْ یَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: اَمْ منقطعہ عِنْدَھُمْ مرکب اضافی کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم اَلْغَیْبُ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ ہوا۔ فَاء عاطفہ ھُمْ ضمیر مرفوع مبتدا، یَکْتُبُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَ لَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَ هُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ اَصَابَکَ مِنْ قَوْمِکَ مَایُؤْذِیْکَ، یا اِنْ وَقَعْتَ فِیْ ضِیْقٍ، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَامر جارہ حُکْمِ رَبِّکَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتَکُنْ فعل ناقص اَنْتَ ضمیر پوشیدہ اس کا اسم کاف جارہ صَاحِبِ الْحُوْتِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ انشائیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِذْ مضاف نَادٰی فعل ھُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، مَکْظُوْمٌ خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال نَادٰی کا فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اُذْکُرْ فعل محذوف کا، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

لَوْ لَاۤ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَ هُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: لَوْ لَا حرف امتناع اَنْ مصدریہ تَدٰرَکَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ نِعْمَۃٌ موصوف مِنْ جارہ رَبِّہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مبتدا، مَوْجُوْدٌ خبر محذوف ہے، مبتدا باخبر شرط، لَام جوابیہ نُبِذَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ مَذْمُوْمٌ مبتدا باخبر

جملہ اسمیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل بِالْعَرَآءِ ظرف لغو متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاجْتَبٰىهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۵۰

آیت نمبر ۵۰: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ مقدر ہے اَدْرَكَتْهُ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ اِجْتَبٰى فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ جار باجرور مفعول ثانی کی جگہ میں ہے، فعل بافاعل و مفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ محذوف کا معطوف ہوا۔

وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝۵۱ وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۵۲

آیت نمبر ۵۱، ۵۲: واؤ استینافیہ اِنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم، يَكَادُ فعل مقارب الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ اس کا اسم لام فارقہ (بین اِنْ النافیہ و بین اِنْ مخففہ من الثقلہ) يُزْلِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل كاف ضمیر منصوب مفعول بہ بَاء حرف جر اَبْصَارِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے فعل کے، لَمَّا حینیہ مضاف سَمِعُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الذِّكْرَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ يُزْلِقُوْنَ کا، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا نافیہ هُوَ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء ذِكْرٌ موصوف لِلْعٰلَمِيْنَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال يَقُوْلُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل قول، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم لام تاکید یہ مَجْنُوْنٌ خبر، اِنَّ باسم و خبر مقولہ، قول بامقولہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَكَادُ کی خبر، فعل مقارب باسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲۹ جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ بمطابق ۱۰ مئی ۲۰۱۳ء بعد نماز مغرب ۸ بجے ترکیب ختم ہوئی)



ترکیب سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَآقَّةُ ۝ مَا الْحَآقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ۝

آیت نمبر ۱،۲،۳: اَلْحَآقَّةُ مبتدا اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا ثانی، اَلْحَآقَّةُ خبر، مبتدا ثانی خبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا ثانی خبر جملہ اسمیہ خبریہ ابتدائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتدا اَدْرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، اَلْحَآقَّةُ خبر، مبتدا ثانی خبر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ ہو کر خبر، مبتدا ثانی خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ○

آیت نمبر ۴: كَذَّبَتْ فعل ثَمُوْدُ وَعَادٌ معطوف علیہ با معطوف فاعل بِالْقَارِعَةِ ظرف لغو متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ○ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ○ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّ ثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ○

آیت نمبر ۵،۶،۷: فَاء عاطفہ تفریعیہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل ثَمُوْدُ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ اُهْلِكُوْا فعل مجہول، واؤ ضمیر نائب فاعل اور بِالطَّاغِيَةِ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا، خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل عَادٌ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ اُهْلِكُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل بباء جار رِيْحٍ موصوف صَرْصَرٍ صفت اولیٰ، عَاتِيَةٍ صفت ثانیہ، سَخَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ عَلَيْهِمْ ظرف لغو متعلق ہوئے فعل کے، سَبْعَ لَيَالٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف موصوف حُسُوْمًا صفت، موصوف بصفت مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ رِيْحٍ کی صفت ثالثہ، موصوف بصفات ثلاثہ مجرور، جار با مجرور اُهْلِكُوْا کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق خبر قائم مقام جزاء، مبتدا خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ فاء عاطفہ تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل الْقَوْمَ ذوالحال صَرْعٰى حال اولیٰ كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اس کا اسم اَعْجَازُ مضاف نَخْلٍ خَاوِيَةٍ مرکب توصیفی مضاف با مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ كَاَنَّ کی خبر، كَاَنَّ با اسم و خبر حال ثانیہ ذوالحال با حالین تَرَى کا مفعول بہ فِيْهَا جار با مجرور تَرَى کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ معطوفہ ہوا۔

فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ○

آیت نمبر ۸: فَاء عاطفہ هَلْ استفہامیہ تَرَى فعل اَنْتَ مستتر فاعل لَهُمْ ظرف لغو متعلق ہوئے مِنْ جار و زائد بَاقِيَةٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَ جَآءَ فِرْعَوْنُ وَ مَنْ قَبْلَهٗ وَ الْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝۹

آیت نمبر ۹: واؤ استینافیہ جَآءَ فعل فِرْعَوْنُ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ قَبْلَهٗ موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْمُؤْتَفِكٰتُ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین فاعل بِالْخَاطِئَةِ ظرف لغو فعل کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ مستانفہ ہوا۔

فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: فَاء عاطفہ عَصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل رَسُوْلَ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مفعول بہ پھر یہ معطوف علیہ ہوا، فَاء عاطفہ اَخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اَخْذَةً رَّابِيَةً مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝۱۱ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّ تَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝۱۲

آیت نمبر ۱۱، ۱۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم لَمَّا جازمہ مفعول فیہ مقدم فعل جزاء کا طَغَى فعل الْمَآءُ فاعل، فعل بافاعل شرط، حَمَلْنَا فعل بافاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِي الْجَارِيَةِ ظرف لغو فعل کے متعلق ہوئے، لام جارہ برائے تعلیل نَجْعَلَ فعل بوجہ اَنْ مقدرہ کے منصوب ہے نَحْنُ مستتر فاعل هَا ضمیر منصوب ذوالحال لَكُمْ ظرف مستقر كَائِنَةً کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ اوّل، تَذْكِرَةً مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَعِيَ فعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ مرکب توصیفی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی حَمَلْنَا کا، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلقین جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳ وَّ حُمِلَتِ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝۱۴ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝۱۵ وَ انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝۱۶

آیت نمبر ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نُفِخَ فعل مجہول فِي الصُّوْرِ ظرف لغو متعلق ہوئے نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ مرکب توصیفی نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُمِلَتْ فعل مجہول الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ معطوف علیہ بامعطوف نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل پھر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ دُكَّتَا فعل مجہول الف ضمیر نائب فاعل دَكَّةً وَّاحِدَةً مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط ہوا، فَاء جزائیہ وَقَعَتْ فعل الْوَاقِعَةُ فاعل يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنْشَقَّتِ السَّمَآءُ فعل بافاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هِيَ ضمیر مرفوع مبتدا، وَاهِيَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ خبر، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَ الْمَلَكُ عَلٰۤى اَرْجَآئِهَا ؕ وَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝۱۷

آیت نمبر ۱۷: واؤ عاطفہ اَلْمَلَكُ مبتدا، عَلٰى جانبہ اَرْجَآئِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَآئِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ يَحْمِلُ فعل ثَمٰنِيَةٌ فاعل يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ عَرْشَ رَبِّكَ مرکب اضافی ذوالحال فَوْقَهُمْ مرکب اضافی كَآئِنَةً کا مفعول فیہ ہو کر حال مذوالحال بامحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝

آیت نمبر ۱۸: يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم تُعْرَضُوْنَ کا، تُعْرَضُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر ذوالحال لَا تَخْفٰى فعل مِنْكُمْ ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر حال مقدم، خَافِيَةٌ ذوالحال مؤخر ذوالحال بامحال فاعل، فعل بافاعل واؤ ضمیر کا حال مذوالحال بامحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝

آیت نمبر ۱۹: فاء استینا فیہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل مَنْ موصولہ اُوْتِيَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل كِتٰبَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ ثانی باء حرف جر بِيَمِيْنِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق و مفعول بہ صلہ ہوا، موصول بامصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ يَقُوْلُ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل قول هَآؤُمُ اسم فعل بمعنی خُذُوْا واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل مقولہ اولیٰ اقْرَءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل كِتٰبِيَهْ مرکب اضافی مفعول بہ (اور ھا برائے سکتہ ہے) فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مقولہ ثانیہ قول باعتولین خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝

آیت نمبر ۲۰: اِنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم ظَنَنْتُ فعل بافاعل اَنَّ حرف تحقیق یاء ضمیر منصوب اس کا اسم مُلٰقٍ اسم فاعل اَنَا مستتر فاعل حِسَابِيَ مرکب اضافی مفعول بہ (اور ھا برائے سکتہ ہے) اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ اَنَّ کی خبر مَانَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ فعل قلب کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا منطقہ ہوا۔

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝

آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳: فاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ، هُوَ ضمیر مبتدا فِيْ جارہ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور مبدل منہ فِيْ جارہ جَنَّةٍ موصوف عَالِيَةٍ صفت ہوا، قُطُوْفُهَا مرکب اضافی مبتدا دَانِيَةٌ اسم فاعل بامحل مستتر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل ظرف مستقر كَآئِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝

آیت نمبر ۲۴: كُلُوْا فعل بافاعل ضمیر فاعل جملہ انشائیہ معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ اشْرَبُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال هَنِيْٓـًٔا بمعنی مُتَهَنِّئِيْنَ (حالین) کا حال مذوالحال بامحال فاعل بِمَآ باء حرف جر مَا مصدریہ اَسْلَفْتُمْ فعل بافاعل فِي جارہ الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور

اَسْلَفْتُمْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول مقدر یُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَیَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِیَهْ ﴿۲۵﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِیَهْ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۵، ۲۶: واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل مَنْ موصولہ اُوْتِیَ فعل مجہول باھُوَ ضمیر نائب فاعل اور كِتٰبَهٗ مفعول بہ اور بِشِمَالِهٖ متعلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ یَقُوْلُ فعل باھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، یٰاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل، قَوْمِیْ منادیٰ محذوف مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہو کر نداء، لَیْتَ حرف تمنی نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب اس کا اسم لَمْ اُوْتَ فعل مجہول اَنَا ضمیر نائب فاعل كِتٰبِیَ مرکب اضافی مفعول بہ (هَا برائے سکتہ ہے) فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ اَدْرِ فعل اَنَا مستتر فاعل مَا استفہامیہ مبتدا، حِسَابِیَ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ قائم مقام مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ با اسم و خبر جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

یٰلَیْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِیَةَ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا مستتر فاعل، قَوْمِیْ منادیٰ محذوف مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نداء ہوا، لَیْتَ حرف تمنی هَا ضمیر اس کا اسم كَانَتْ فعل ناقص هِیَ مستتر اس کا اسم اَلْقَاضِیَةَ خبر، فعل ناقص باسم و خبر لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ باسم و خبر جواب نداء، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

مَاۤ اَغْنٰی عَنِّیْ مَالِیَهْ ﴿۲۸﴾ هَلَكَ عَنِّیْ سُلْطٰنِیَهْ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۸، ۲۹: مَا نافیہ اَغْنٰی فعل عَنِّیْ ظرف لغو اس کے متعلق مَالِیَ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً فاعل (هَا برائے سکتہ ہے) فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔ هَلَكَ فعل عَنِّیْ ظرف لغو اس کے متعلق سُلْطٰنِیَ مرکب اضافی فاعل (هَا برائے سکتہ ہے) فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْهُ ﴿۳۱﴾ ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۰، ۳۱، ۳۲: خُذُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ غُلُّوْهُ فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ اَلْجَحِیْمَ مفعول بہ فعل محذوف صَلُّوْا کا، صَلُّوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ مفسّر، صَلُّوْهُ فعل بافاعل و مفعول بہ مفسِّر، مفسّر بامفسِّر معطوف ثانی، ثُمَّ عاطفہ فِیْ جارہ سِلْسِلَةٍ موصوف ذَرْعُهَا مرکب اضافی مبتدا، سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا ممیز باتمیز خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، فَاء زائدہ (مظہری) اُسْلُكُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق معطوف ثالث، معطوف علیہ باتمام معطوفات مقولہ ہوا قول مقدر یُقَالُ فِیْهِمْ کا، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

22

اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۳، ۳۴: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم لَا يُؤْمِنُ فعل هُوَ مستتر فاعل بِاللّٰهِ جارہ الْعَظِيْمِ مرکب توصیفی مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَحُضُّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَانَ کی خبر، كَانَ با اسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿۳۵﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿۳۶﴾ لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۵، ۳۶، ۳۷: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، یا اِنْ كَانَتْ هٰذِهٖ حَالَهٗ فِي الدُّنْيَا، لَيْسَ فعل ناقص لَهُ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، الْيَوْمَ مفعول فیہ اوّل هٰهُنَا مفعول فیہ ثانی، كَائِنٌ اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ خبر مقدم، حَمِيْمٌ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ طَعَامٌ موصوف اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ غِسْلِيْنٍ موصوف لَا يَاْكُلُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو الْخَاطِـُٔوْنَ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مِنْ کا مجرور، جار ہا مجرور ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر طَعَامٌ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر، لَيْسَ با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

آیت نمبر ۵: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم، سِین علامت فعل، نُلْقِیْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلَیْكَ متعلق قَوْلًا ثَقِیْلًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۭ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: اِنَّ حرف تحقیق نَاشِئَةَ الَّیْلِ مرکب اضافی اسم هِیَ ضمیر فصل اَشَدُّ اسم تفضیل هِیَ مستتر فاعل وَطْاً تمیز سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقْوَمُ اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل قِیْلًا تمیز سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعلّلہ ہوا۔

www.kitabosunnat.com

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۭ﴿۷﴾

آیت نمبر ۷: اِنَّ حرف تحقیق لَكَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم سَبْحًا طَوِیْلًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر فِی النَّهَارِ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، ذوالحال باحال اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۭ﴿۸﴾

آیت نمبر ۸: واؤ استینا فیہ اُذْکُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِسْمَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَبَتَّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِلَیْهِ متعلق تَبْتِیْلًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝﴿۹﴾

آیت نمبر ۹: رَبُّ مضاف الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ خبر اوّل ہے مبتدا محذوف ھُوَ کی، لَا نفی جنس اِلٰهَ اس کا اسم اِلَّا حرف استثناء ھُوَ ضمیر بدل ہے لَا کے اسم سے، اور لَا کی خبر محذوف ہے لَنَا، لَنَا ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر لَا کی خبر، لَا اپنے اسم و خبر سے مل کر مبتدا محذوف کی خبر دوم، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ ذٰلِکَ، اِتَّخِذْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ اوّل وَکِیْلًا مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۰،۱۱: واؤ عاطفہ اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل عَلٰی جارہ مَا موصولہ یَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار با مجرور اِصْبِرْ کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُهْجُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر مفعول بہ هَجْرًا جَمِيْلًا مرکب توصیفی مفعول مطلق سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر منصوب معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُكَذِّبِيْنَ موصوف اُولِي النَّعْمَةِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مَهِّلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ قَلِيْلًا بواسطہ موصوف محذوف اِمْهَالًا کے مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۲،۱۳،۱۴: اِنَّ حرف تحقیق اَنْكَالًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَحِيْمًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ طَعَامًا موصوف ذَا غُصَّةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ عَذَابًا اَلِيْمًا مرکب توصیفی معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ اِنَّ کا اسم لَدَيْنَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا کَائِنَةً کا کَائِنَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل يَوْمَ مضاف تَرْجُفُ فعل الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ كَانَتْ فعل ناقص الْجِبَالُ اسم كَثِيْبًا مَّهِيْلًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ كَائِنَةً کا مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول فیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَرْسَلْنَا فعل با فاعل اِلَيْكُمْ ظرف لغو متعلق ہو کے رَسُوْلًا موصوف شَاهِدًا اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ کاف جارہ مَا مصدریہ اَرْسَلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اِلٰی

فِرْعَوْنَ متعلق رَسُوْلًا مفعول بہ سے مل کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور اِرْسَالًا مصدر مقدر کے متعلق ہو کر اَرْسَلْنَا کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ و مفعول مطلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: فَاء عاطفہ عَصٰى فعل فِرْعَوْنُ فاعل الرَّسُوْلَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَخَذْنَا فعل با فاعل اَخْذًا وَّبِيْلًا مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: فَاء فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ جَحَدْتُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، تَتَّقُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال كَيْفَ كَائِنِيْنَ کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال با حال فاعل يَوْمًا موصوف يَجْعَلُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْوِلْدَانَ مفعول بہ اوّل شِيْبًا مفعول بہ ثانی سے مل کر صفت اولیٰ، السَّمَآءُ مبتدا، مُنْفَطِرٌ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ صفت ثانیہ، كَانَ فعل ناقص وَعْدُهٗ مرکب اضافی اسم مَفْعُوْلًا خبر سے مل کر صفت ثالثہ (مظہری) موصوف باصفات ثلاثہ مضاف الیہ، يَوْمَ مضاف با مضاف الیہ تَتَّقُوْنَ کا مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعول فیہ شرط دال بر جزاء "جزاء، اِنْ شرطیہ كَفَرْتُمْ فعل با فاعل شرط، اس کی جزاء محذوف ہے فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ... الخ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: اِنَّ حرف تحقیق هٰذِهٖ محلاً منصوب اس کا اسم تَذْكِرَةٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَنْ شرطیہ مبتدا، شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل سَبِيْلًا ذوالحال مؤخر، اِلٰى رَبِّهٖ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جزاء، شرط با جزاء مَنْ کی خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۟ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آیت نمبر ۲۰ اِنَّ حرف تحقیق رَبَّكَ مرکب اضافی اسم یَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر منصوب اسم تَقُوْمُ فعل اَنْتَ مستتر معطوف علیہ بواؤ عاطفہ طَآىِٕفَةٌ موصوف مِنَ جار وَالَّذِيْنَ اسم موصول مَعَكَ مرکب اضافی مضاف الیہ ہوا فعل محذوف اٰمَنُوْا کا، فعل باواؤ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور كَآىِٕنَةٌ کے متعلق ہو کر طَآىِٕفَةٌ کی صفت، موصوف بصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف تَقُوْمُ کا فاعل اَدْنٰى اسم تفضیل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جار ثُلُثَيِ الَّيْلِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل و متعلق صفت وَقْتًا موصوف محذوف کی، موصوف بصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نِصْفَهٗ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ثُلُثَهٗ مرکب اضافی معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین تَقُوْمُ کا مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ خبر اَنَّ باسم و خبر یَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین اِنَّ کی خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

واؤ استینافیہ لفظ اللّٰهُ مبتدا، يُقَدِّرُ فعل هُوَ مستتر فاعل الَّيْلَ وَالنَّهَارَ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَّنْ تُحْصُوْهُ فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر خبر اَنَّ باسم و خبر عَلِمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، فَتَابَ عاطفہ تَابَ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلَيْكُمْ متعلق سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ يُقَدِّرُ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا۔ فَاقْرَءُوْا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ رَّطِبْتُمْ فِي الثَّوَابِ، اِقْرَءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مَا موصول تَيَسَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْقُرْاٰنِ جار بامجرور ظرف مستقر كَآىِٕنًا کے متعلق ہو کر حال ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

عَلِمَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم سِيْنَ علامت فعل، يَكُوْنُ فعل ناقص مِنْكُمْ كَآىِٕنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّرْضٰى معطوف علیہ بواؤ عاطفہ اُخَرُوْنَ موصوف يَضْرِبُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال يَبْتَغُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال ذوالحال باحال يَضْرِبُوْنَ کا فاعل فِي الْاَرْضِ جار بامجرور اس کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق اُخَرُوْنَ کی صفت، موصوف بصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اُخَرُوْنَ موصوف يُقَاتِلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ متعلق سے مل کر صفت، موصوف بصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین يَكُوْنُ کا اسم مؤخر، يَكُوْنُ باسم و خبر اَنْ کی خبر، اَنْ باسم و خبر عَلِمَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَاقْرَءُوْا فصیحہ اور شرط محذوف ہے اِنْ طَلَبْتُمْ رِضَى اللّٰهِ تَعَالٰى اِقْرَءُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار بامجرور كَآىِٕنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم، مَا موصولہ تَيَسَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مؤخر ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اٰتُوا الزَّكٰوةَ فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف بعلی، واؤ عاطفہ اَقْرِضُوا فعل واؤ ضمیر فاعل لفظ اللّٰهَ مفعول بہ قَرْضًا حَسَنًا مرکب توصیفی بمعنی مال مقروض ہو کر مفعول بہ بعلی سے مل کر

معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ معطل، اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اسم غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ دونوں خبروں سے مل کر معلِل، معلل بامعلِل معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

واؤ اعتراضیہ مَا اسم شرط، ذوالحال مِنْ خَیْرٍ ظرف مستقر کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ مقدم تُقَدِّمُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل لِاَنْفُسِکُمْ متعلق اور مفعول بہ مقدم سے مل کر شرط، تَجِدُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل ھُوَ ضمیر فصل عِنْدَ اللّٰہِ مرکب اضافی مفعول فیہ خَیْرًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْظَمَ مُمَیَّز، اَجْرًا تمیز، مُمَیَّز باتمیز معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفاعیل ثلاثہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

(بروز ہفتہ بوقت ۱۰:۴ بتاریخ ۷,۷,۱۴۳۴ بمطابق ۱۸,۵,۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ الْمُدَّثِّر

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝۱ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝۲ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝۳ وَ ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝۴ وَ الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝۵ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝۶ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝۷

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷: يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ کی ترکیب يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ کی مثل ہے اور یہ نداء ہے، قُمْ فعل با اَنْتَ مستتر فاعل معطوف علیہ، فاء عاطفہ اَنْذِرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَبَّكَ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم فاء زائدہ ہے (قالہ ابو الفتح موصلی بحوالہ تفسیر کبیر وقال ایضاً ابن الحنبلی بحوالہ اعراب القرآن للدرویش) كَبِّرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ معطوف دوم، واؤ عاطفہ ثِيَابَكَ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم فاء زائدہ طَهِّرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ الرُّجْزَ مفعول بہ مقدم فاء زائدہ اُهْجُرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل و مفعول بہ معطوف رابع، واؤ عاطفہ لَا تَمْنُنْ فعل نہی با اَنْتَ مستتر و الحال تَسْتَكْثِرُ فعل با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال ذو الحال بحال فاعل، فعل با فاعل معطوف خامس، واؤ عاطفہ لِرَبِّكَ جار با مجرور متعلق مقدم فاء زائدہ اِصْبِرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق معطوف سادس، معطوف علیہ با معطوفات ستہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۝۸ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۝۹ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۝۱۰

آیت نمبر ۸، ۹، ۱۰: فاء تعلیلیہ اور معلل مقدر ہے اِصْبِرْ عَلٰی اَذَاهُمْ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم نُقِرَ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل فِي النَّاقُوْرِ متعلق ہوئے، فعل مجہول با نائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ شرط، فاء جزائیہ ذٰلِكَ مبتدا يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی اِذَا سے بدل ہے يَوْمٌ موصوف عَسِيْرٌ صفت ھُوَ مستتر فاعل اور عَلَى الْكٰفِرِيْنَ متعلق سے مل کر صفت، اولیٰ غَيْرُ يَسِيْرٍ مرکب اضافی صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، مبتدا با خبر جزاء، شرط با جزاء، جملہ شرطیہ معطلہ ہوا۔

ذَرْنِيْ وَ مَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝۱۱ وَّ جَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝۱۲ وَّ بَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝۱۳ وَّ مَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝۱۴ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۝۱۵

آیت نمبر ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵: ذَرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل نون وقایہ کا یَاء ضمیر منصوب مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ " مَنْ اسم موصول خَلَقْتُ فعل تَاء ضمیر مضموم ذو الحال وَحِيْدًا حال ذو الحال بحال فاعل، فعل با فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْتُ فعل با فاعل لَهٗ مفعول ثانی کی جگہ ہے مَّالًا مَّمْدُوْدًا مرکب توصیفی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بَنِيْنَ شُهُوْدًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و مفعولین معطوف اوّل سے واؤ عاطفہ مَهَّدْتُّ فعل تَاء ضمیر مضموم فاعل لَهٗ متعلق تَمْهِيْدًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف علی، ثُمَّ عاطفہ يَطْمَعُ فعل ھُوَ مستتر فاعل اَنْ ناصبہ اَزِيْدَ فعل با اَنَا ضمیر مستتر مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول بہ، فعل با فاعل

ومفعول بہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ ذَرْ کا مفعول معہ، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿۱۶﴾ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۶،۱۷: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم لِاٰيٰتِنَا جار ومجرور متعلق مقدم عَنِيْدًا صیغہ صفت باھُوَ مستتر فاعل ومتعلق خبر فعل ناقص باسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔ سین علامت فعل، اُرْهِقُ فعل اَنَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، صَعُوْدًا مفعول بہ ثانی، کیونکہ اُرْهِقُ اَکْلِفُ کے معنی کو متضمن ہے، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّهٗ فَكَّرَ وَ قَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَ بَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَ اسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۱۸،۱۹،۲۰،۲۱،۲۲،۲۳: اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم فَكَّرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَدَّرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف اوّل، فاء عاطفہ قُتِلَ فعل مجہول ھُوَ مستتر ذوالحال قَدَّرَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال كَيْفَ كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول باتائب فاعل معطوف ثانی، ثُمَّ عاطفہ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ کی ترکیب واضح ہے یہ معطوف ثالث، ثُمَّ عاطفہ نَظَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف رابع، ثُمَّ عاطفہ عَبَسَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف خامس، واؤ عاطفہ بَسَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف سادس، ثُمَّ عاطفہ اَدْبَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف سابع، واؤ عاطفہ اِسْتَكْبَرَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف ثامن، معطوف علیہ بامعطوفات ثمانیہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فَاء عاطفہ قَالَ فعل باھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اِنْ نافیہ ھٰذَا مبتدا، اِلَّا حرف استثناء لغو سِحْرٌ موصوف يُّؤْثَرُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۵،۲۶،۲۷: اِنْ نافیہ ھٰذَا اسم اشارہ مبتدا، اِلَّا حرف استثناء قَوْلُ الْبَشَرِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ سین علامت فعل، اُصْلِيْهِ سَقَرَ فعل باانَا ضمیر فاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا کا بدل ہے۔ واؤ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا سَقَرُ مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

لَا تُبْقِيْ وَ لَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۸،۲۹،۳۰: لَا تُبْقِیْ فعل بافاعل ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَذَرُ فعل بافاعل ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف سَقَرُ کا حال اولی، لَوَّاحَةٌ صیغہ مبالغہ بافاعل ضمیر فاعل اور لِلْبَشَرِ متعلق سے مل کر خبر مبتدا محذوف ہی کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ حال دوم، عَلَيْهَا كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم تِسْعَةَ عَشَرَ مرکب بنائی مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر حال ثالثہ، باقی ظاہر ہے۔

وَ مَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّ مَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ يَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّ لَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَ لِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ الْكٰفِرُوْنَ مَا ذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ مَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝

آیت نمبر ۳۱: واؤ استینا فیہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل بنا ضمیر فاعل اَصْحٰبَ النَّارِ مرکب اضافی مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء مَلٰٓئِكَةً مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ جَعَلْنَا فعل بافاعل عِدَّتَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ اول، اِلَّا حرف استثناء فِتْنَةً موصوف لام جارہ الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

لام جارہ يَسْتَيْقِنَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْكِتٰبَ مفعول بہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَزْدَادَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْٓا فعل باواؤ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل اِيْمَانًا نسبت فعل سے تمیز، فعل بافاعل وتمیز معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا يَرْتَابَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْكِتٰبَ مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُؤْمِنُوْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَا يَرْتَابَ کا فاعل، فعل بافاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین بتاویل مصدر مجرور، جار باجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ يَقُوْلَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول فِيْ قُلُوْبِهِمْ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم مَّرَضٌ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْكٰفِرُوْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ يَقُوْلَ کا فاعل، فعل بافاعل قول، مَاذَا اسم استفہام مفعول بہ مقدم اَرَادَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل بباء جارہ هٰذَا ذوالحال مَثَلًا حال، ذوالحال باحال مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے اَرَادَ کے، فعل بافاعل ومفعول بہ متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقول، قول بامقولہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار باجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ظرف مستقر متعلق ہوئے نَبَّئْنَا بِعَدَدِهِمْ کے (ہم نے آپ کو فرشتوں کی تعداد کی خبر دی) اور یہ بھی جائز ہے کہ دوسرے جَعَلْنَا کے متعلق ہو۔

يُضِلُّ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ كَذٰلِكَ جار باجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر بواسطہ اِضْلَالًا موصوف محذوف کے مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ،

واؤ عاطفہ یَھْدِیْ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول یَشَآءُ فعل باھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ استینا نیہ مَا نافیہ یَعْلَمُ فعل جُنُوْدَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء لغو ھُوَ مستثنیٰ مفرغ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ مستانفہ ہوا۔ واؤ عاطفہ مَا نافیہ ھِیَ ضمیر مبتدا اِلَّا حرف استثناء لغو ذِكْرٰى مصدر لِلْبَشَرِ جار بامجرور متعلق، مصدر بامتعلق مستثنیٰ مفرغ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

كَلَّا وَ الْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَ الَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ وَ الصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۲، ۳۳، ۳۴، ۳۵، ۳۶، ۳۷: كَلَّا حرف ردع واؤ قسمیہ جارہ الْقَمَرِ مجرور، جار بامجرور متعلق فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل بااَنَا مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، وَالَّيْلِ کا عطف الْقَمَرِ پر ہے، اِذْ مضاف اَدْبَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ فعل محذوف اُقْسِمُ کا، وَ الصُّبْحِ کا عطف الْقَمَرِ پر ہے اِذَا مضاف اَسْفَرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اِنَّ حرف تحقیق ھَا ضمیر منصوب اس کا اسم لام تاکیدیہ اِحْدَى الْكُبَرِ مرکب اضافی ذوالحال نَذِيْرًا صیغہ صفت ھُوَ مستتر فاعل لِلْبَشَرِ مبدل منہ لام جارہ مَنْ موصولہ شَآءَ فعل ھُوَ مستتر ذوالحال مِنْكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل اَنْ ناصبہ يَتَقَدَّمَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ يَتَاَخَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف بتاویل مصدر شَآءَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل نَذِيْرًا کے متعلق، صیغہ صفت بافاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: كُلُّ نَفْسٍ مرکب اضافی مبتدا، رَهِيْنَةٌ مصدر (اعراب القرآن) بَاء جارہ مَا اسم موصول كَسَبَتْ فعل ھِیَ مستتر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے رَهِيْنَةٌ کے، مصدر اپنے متعلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۳۹، ۴۰، ۴۱: اِلَّا حرف استثناء اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ مرکب اضافی مستثنیٰ متصل ہے كُلُّ نَفْسٍ سے، فِيْ جَنّٰتٍ ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہو کر خبر اوّل ہے مبتدا محذوف ھُمْ کی، يَتَسَآءَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ متعلق سے مل کر خبر ثانی ہے ھُمْ مبتدا محذوف کی، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: مَا استفہامیہ مبتدا، سَلَكَ فعل ھُوَ مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ فِيْ سَقَرَ متعلق سے مل کر خبر، مبتدا

باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ ہوا قَائِلِيْنَ مقدر کا، قَائِلِيْنَ اسم فاعل ھُمْ ضمیر قول ہوا، قول با مقولہ يَتَسَآءَلُوْنَ کی واؤ ضمیر فاعل سے حال ہوا۔

قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۳، ۴۴: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر قول ہوا لَمْ نَكُ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم مِنَ الْمُصَلِّيْنَ كَائِنِيْنَ کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ نَكُ فعل ناقص نَحْنُ مستتر اس کا اسم نُطْعِمُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمِسْكِيْنَ مفعول بہ سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۵: واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اسم نَخُوْضُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مَعَ الْخَآئِضِيْنَ مرکب اضافی مفعول فیہ سے مل کر خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ۝

آیت نمبر ۴۶، ۴۷: واؤ عاطفہ كُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم نُكَذِّبُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِيَوْمِ الدِّيْنِ ظرف لغو متعلق اول ہوئے حَتّٰى حرف جر اَتٰىنَا فعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ الْيَقِيْنُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی ہوئے، فعل با فاعل و متعلقین خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا۔

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ۝

آیت نمبر ۴۸: فَاء عاطفہ مَا نافیہ تَنْفَعُ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ مرکب اضافی فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اس کا عطف كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ پر ہے یا قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ پر ہے (مظہری)

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۝ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۝

آیت نمبر ۴۹، ۵۰، ۵۱: فَاء استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا لام جارہ هُمْ ضمیر ذوالحال عَنِ التَّذْكِرَةِ ظرف لغو مُعْرِضِيْنَ کے متعلق مقدم، مُعْرِضِيْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم حُمُرٌ موصوف مُّسْتَنْفِرَةٌ صفت، اولیٰ فَرَّتْ فعل ہی ضمیر فاعل مِنْ قَسْوَرَةٍ متعلق سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر، كَاَنَّ با اسم و خبر حال ذوالحال ہا حال مُعْرِضِيْنَ کا فاعل با اسم فاعل و متعلق حال ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور كَاَنَّ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝

آیت نمبر ۵۲: بَلْ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لَا سَبَبَ لَهُمْ فِي الْاِعْرَاضِ، يُرِيْدُ فعل كُلُّ مضاف امْرِئٍ موصوف مِّنْهُمْ كَائِنٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ يُرِيْدُ کا فاعل اَنْ ناصبہ يُّؤْتٰى فعل مجہول ھُوَ

مستترنائب فاعل صُحُفًا مُّنَشَّرَۃً مرکب توصیفی مفعول بہ سے مل کر بتاویل مصدر یُرِیْدُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا ۭ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝

آیت نمبر ۵۳: كَلَّا حرف ردع بَلْ عاطفہ معطوف علیہ محذوف ہے لَوْاُوْتُوْا صُحُفًا مُّنَشَّرَۃً لَا یُؤْمِنُوْنَ، لَا یَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْاٰخِرَۃَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَاۗءَ ذَكَرَهٗ ۝

آیت نمبر ۵۴،۵۵: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم تَذْكِرَةٌ خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فاء استینافیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، شَاۗءَ فعل ھُوَ مستترفاعل سے مل کر شرط، ذَكَرَ فعل ھُوَ مستترفاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۭ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝

آیت نمبر ۵۶: واؤ عاطفہ مَا نافیہ يَذْكُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء اَنْ ناصبہ يَشَاۗءَ فعل لفظ اللّٰهُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا (املاء ما من بہ الرحمٰن) مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ ھُوَ ضمیر منفصل مبتدا، اَھْلُ التَّقْوٰی مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(بروز اتوار بوقت ۲۲: ابتاریخ ۸،۷،۱۴۳۴ بمطابق ۱۹،۵،۲۰۱۳ کو قبل الظہر تکمیل ہوئی)



تركيب سُوْرَةُ الْقِيَامَةِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ وَ لَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝

آیت نمبر ۱،۲: لَا زائدہ اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر فاعل بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ، مرکب توصیفی مجرور، جار مجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ با معطوف قسم، اور جواب قسم محذوف ہے لَتُبْعَثُنَّ، قسم بجواب قسم جملہ قسمیہ ہوا۔

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝

آیت نمبر ۳: هَمزہ استفہامیہ يَحْسَبُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ نَّجْمَعَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل عِظَامَهٗ مفعول بہ سے مل کر خبر مَنْ با اسم و خبر يَحْسَبُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝

آیت نمبر ۴: بَلٰى حرف ایجاب ہے یہاں نَجْمَعُ فعل مقدر ہے، نَجْمَعُ فعل نَحْنُ مستتر ذوالحال قٰدِرِيْنَ اسم فاعل نَحْنُ مستتر فاعل عَلٰى جار مَنْ مصدر نُسَوِّيَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بَنَانَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ بتاویل مصدر مجرور، جار با مجرور متعلق، اسم فاعل بافاعل و متعلق حال ذوالحال باحال نَجْمَعُ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝

آیت نمبر ۵: بَلْ عاطفہ يُرِيْدُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل لَام جار يَفْجُرَ فعل هُوَ مستتر فاعل اَمَامَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ بتاویل مصدر مجرور مع جار با مجرور يُرِيْدُ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝

آیت نمبر ۶: يَسْـَٔلُ فعل هُوَ مستتر فاعل اَيَّانَ مفعول فیہ ہو لِكَائِنٌ کا كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ مستتر فاعل و مفعول فیہ خبر مقدم يَوْمُ الْقِيٰمَةِ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ يَفْجُرَ کی هُوَ ضمیر سے حال ہے

فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝ وَ خَسَفَ الْقَمَرُ ۝ وَ جُمِعَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ ۝ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝

آیت نمبر ۷،۸،۹،۱۰: فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَرِقَ الْبَصَرُ فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَسَفَ الْقَمَرُ فعل بافاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جُمِعَ فعل مجہول الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ معطوف علیہ بامعطوف نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط، یَقُوْلُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل یَوْمَئِذٍ مفعول فیہ سے مل کر قول، اَیْنَ کَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر خبر مقدم الْمَفَرُّ مبتدا موخر، مبتدا باخبر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: كَلَّا حرف ردع لَا نفی جنس وَزَرَ اس کا اسم خبر محذوف ہے مَوْجُوْدٌ، لَا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِالْمُسْتَقَرُّ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: اِلٰى رَبِّكَ ظرف مستقر کَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم الْمُسْتَقَرُّ مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ ہے فعل مقدر یَسْتَقِرُّ کا، الْمُسْتَقَرُّ کا مفعول فیہ نہیں ہے (کمالین)

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: يُنَبَّؤُا فعل مجہول الْاِنْسَانُ نائب فاعل یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ بَاء جارہ مَا موصولہ قَدَّمَ فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخَّرَ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: بَلْ عاطفہ الْاِنْسَانُ مبتدا، عَلٰى نَفْسِهٖ ظرف لغو متعلق مقدم بَصِيْرَةٌ صیغہ صفت باھِیَ ضمیر فاعل ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵: واؤ حالیہ لَوْ شرطیہ اَلْقٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل مَعَاذِيْرَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر شرط، جزاء محذوف ہے مَاقُبِلَتْ مَعَاذِيْرَهٗ، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر بَصِيْرَةٌ کی ھِیَ ضمیر سے حال ہے۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۶: لَا تُحَرِّكْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق اوّل، لِسَانَكَ مرکب اضافی مفعول بہ لَام جارہ تَعْجَلَ فعل اَنْتَ مستتر فاعل بِهٖ متعلق سے مل کر بتاویل مصدر مجرور، جار بامجرور متعلق دوم، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلقین جملہ انشائیہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: اِنَّ حرف تحقیق عَلَيْنَا ظرف مستقر کَائِنَيْنِ کے متعلق ہو کر خبر مقدم جَمْعَهٗ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ

عاطفہ قُرْاٰنَهٗ مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مطلقہ ہوا۔

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: فَاء عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قَرَاْنَا فعل نَا ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، فاء جزائیہ اِتَّبِعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل قُرْاٰنَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق عَلَيْنَا كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، بَيَانَهٗ مرکب اضافی اسم مؤخر اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۰،۲۱: كَلَّا حرف ردع بَلْ عاطفہ برائے اضراب تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَاجِلَةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَذَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْاٰخِرَةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۲،۲۳: وُجُوْهٌ موصوف نَاضِرَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل يَوْمَئِذٍ مفعول فیہ مقدم سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا، نَاظِرَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل اِلٰى رَبِّهَا متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۴،۲۵: واؤ عاطفہ وُجُوْهٌ موصوف بَاسِرَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل يَوْمَئِذٍ مفعول فیہ مقدم سے مل کر صفت، موصوف با صفت مبتدا، تَظُنُّ فعل هِيَ مستتر فاعل اَنْ مخففہ من الثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم يُفْعَلَ فعل مجہول بِهَا متعلق فَاقِرَةٌ نائب فاعل سے مل کر خبر، اَنَّ با اسم و خبر تَظُنُّ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ سکتہ رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۶،۲۷،۲۸،۲۹: كَلَّا حرف ردع اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم بَلَغَتْ فعل هِيَ مستتر فاعل التَّرَاقِيَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قِيْلَ فعل مجہول هُوَ مستتر نائب فاعل سے مل کر قول، مَنْ استفہامیہ مبتدا، رَاقٍ خبر، مبتدا با خبر مقولہ، قول با مقولہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ ظَنَّ فعل هُوَ مستتر فاعل اَنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اس کا اسم الْفِرَاقُ خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر ظَنَّ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین معطوف دوم، واؤ عاطفہ اِلْتَفَّتْ فعل السَّاقُ فاعل بِالسَّاقِ متعلق سے مل کر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے تُسَاقُ النَّفْسُ اِلٰى حُكْمِ رَبِّهَا، جس پر اِلٰى رَبِّكَ

یَوْمَئِذِ الْمَسَاقُ دلالت کر رہا ہے، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۳۰: اِلٰى رَبِّكَ ظرف مستقر كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر مقدم، يَوْمَئِذِ "الْمَسَاقُ" کا مفعول فیہ مقدم، الْمَسَاقُ اسم مصدر اپنے مفعول فیہ سے مل کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۱، ۳۲، ۳۳: فَاء استینا فیہ لَا صَدَّقَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا صَلّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لٰكِنْ مخففہ (مہملہ عن العمل) كَذَّبَ فعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَلّٰى فعل با هُوَ مستتر فاعل معطوف ثالث، ثُمَّ عاطفہ ذَهَبَ فعل هُوَ مستتر ذوالحال يَتَمَطّٰى فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال با حال ذَهَبَ کا فاعل اِلٰٓى اَهْلِهٖ اس کے متعلق، فعل با فاعل و متعلق معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ جملہ مستانفہ ہوا۔

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۴، ۳۵: اَوْلٰى بمعنی اَلْوَيْلُ مبتدا، لَكَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف علیہ فَاء عاطفہ اَوْلٰى بمعنی اَلْوَيْلُ مبتدا، لَكَ خبر محذوف ہے، مبتدا با خبر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ اَوْلٰى مبتدا، لَكَ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا با خبر معطوف ثانی، فَاء عاطفہ اَوْلٰى مبتدا، اور خبر محذوف ہے لَكَ، مبتدا با خبر معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ اَوْلٰى اسم تفضیل ہو اور مبتدا محذوف اَلْهَلَاكُ کی خبر ہو۔

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۶: هَمزہ استفہامیہ يَحْسَبُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل اَنْ ناصبہ يُّتْرَكَ فعل مجہول هُوَ مستتر ذوالحال سُدًى حال، ذوالحال با حال نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل مصدر کے معنی میں ہو کر يَحْسَبُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ استفہامیہ ہوا۔

اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: هَمزہ استفہامیہ لَمْ يَكُ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم نُطْفَةً موصوف مِنْ جارہ مَنِيٍّ موصوف يُّمْنٰى فعل مجہول با هُوَ مستتر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر نُطْفَةً کی صفت، موصوف با صفت خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾

آیت نمبر ۳۸: ثُمَّ عاطفہ كَانَ فعل ناقص هُوَ مستتر اسم اور عَلَقَةً خبر سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ خَلَقَ فعل باهُوَ مستتر فاعل معطوف اوّل، فَاء عاطفہ سَوّٰى فعل باهُوَ مستتر فاعل معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۹: فَاء عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْهُ جار با مجرور مفعول ثانی کی جگہ میں ہے الزَّوْجَيْنِ مبدل منہ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى معطوف علیہ با معطوف بدل، مبدل منہ بابدل مفعول بہ اوّل، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: هَمزہ استفہامیہ لَيْسَ فعل ناقص ذٰلِكَ محلاً مرفوع اس کا اسم بَاء جارہ زائدہ قَادِرٍ اسم فاعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰى جارہ اَنْ ناصبہ يُحْيِۦَ فعل هُوَ مستتر فاعل الْمَوْتٰى مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار با مجرور قَادِرٍ کے متعلق ہوئے، قَادِرٍ اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر محلاً منصوب خبر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

(قبل العشاء بوقت ۸:۲۰ بروز اتوار بتاریخ ۸,۷,۱۴۳۴ بمطابق ۱۹,۵,۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ الدَّهْرِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ①

آیت نمبر ۱: هَلْ بمعنی قَدْ " اَتٰى فعل عَلَى الْاِنْسَانِ متعلق حِيْنٌ موصوف مِنَ الدَّهْرِ كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت اولی، لَمْ يَكُنْ فعل ناقص هُوَ مستتر اس کا اسم شَيْئًا مَّذْكُوْرًا مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر صفت ثانیہ، موصوف با صفتین اَتٰى کا فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور لَمْ يَكُنْ جملہ کو الْاِنْسَانِ سے حال بھی بنایا گیا ہے اور راجح یہی ترکیب ہے۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ②

آیت نمبر ۲: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم خَلَقْنَا فعل با فاعل الْاِنْسَانَ ذوالحال نَبْتَلِيْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٖ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا فعل با فاعل نَا ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، سَمِيْعًا بَصِيْرًا مفعول بہ ثانی (کیونکہ دونوں کلمے بمنزلہ ایک کلمہ کے ہیں کیونکہ دونوں تمیز اور فہم سے کنایہ ہیں) سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال خَلَقْنَا کا مفعول بہ، مِنْ جارہ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ موصوف با صفت یا مبدل منہ بابدل مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ③

آیت نمبر ۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم هَدَيْنَا فعل با فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، السَّبِيْلَ ذوالحال اِمَّا ترویدیہ شَاكِرًا معطوف علیہ، واؤ زائدہ اِمَّا عاطفہ كَفُوْرًا معطوف، معطوف علیہ با معطوف حال، ذوالحال با حال مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ④

آیت نمبر ۴: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم اَعْتَدْنَا فعل با فاعل لِلْكٰفِرِيْنَ جار با مجرور متعلق ہوئے سَلٰسِلَا۠ وَ اَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ⑤ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ⑥

آیت نمبر ۵،۶: اِنَّ حرف تحقیق الْاَبْرَارَ اسم يَشْرَبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْ جارہ كَاْسٍ موصوف كَانَ فعل ناقص مِزَاجُهَا مرکب اضافی اسم كَافُوْرًا مبدل منہ عَيْنًا موصوف يَشْرَبُ فعل بِهَا متعلق عِبَادُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل سے مل کر صفت، اولی،

یُفَجِّرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ تَفْجِیْرًا مفعول مطلق سے مل کر صفت، ثانیہ، موصوف با صفتین بدل، مبدل منہ بابدل کَانَ کی خبر، کَانَ با اسم و خبر کَأْسٍ کی صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور یَشْرَبُوْنَ کے متعلق ہوئے، فعل با فاعل و متعلق خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا ۝۷ وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا ۝۸

آیت نمبر ۷،۸: یُوْفُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل بِالنَّذْرِ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَخَافُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل یَوْمًا موصوف کَانَ فعل ناقص شَرُّهٗ مرکب اضافی اسم مُسْتَطِیْرًا خبر سے مل کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ یُطْعِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الطَّعَامَ مفعول بہ اوّل، عَلٰی حُبِّهٖ جار با مجرور متعلق ہوئے مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا معطوف علیہ با معطوفین مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و متعلق و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّمَا نُطْعِمُکُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا ۝۹

آیت نمبر ۹: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ نُطْعِمُ فعل نَحْنُ مستتر ذوالحال لَا نُرِیْدُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْکُمْ اس کے متعلق ہوئے، جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ حال، ذوالحال با حال نُطْعِمُ کا فاعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ لِوَجْهِ اللّٰهِ ظرف لغو متعلق ہوئے، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ قَائِلِیْنَ محذوف کا مقولہ ہو کر یُطْعِمُوْنَ کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔

اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اسم نَخَافُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل مِنْ رَّبِّنَا متعلق ہوئے یَوْمًا موصوف عَبُوْسًا صفت اولیٰ، قَمْطَرِیْرًا صفت، ثانیہ، موصوف با صفتین مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔ (نُطْعِمُ کی تعلیل ہے)

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِکَ الْیَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝۱۱ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِیْرًا ۝۱۲

آیت نمبر ۱۱، ۱۲: فَاء عاطفہ وَقٰی فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، لفظ اَللّٰهُ فاعل شَرَّ مضاف ذٰلِکَ الْیَوْمِ موصوف با صفت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَقّٰی فعل هُوَ مستتر فاعل نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، فعل با فاعل و مفعولین معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَزٰی فعل

هُوَ مستترفاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، بَاء جارہ مَا مصدریہ صَبَرُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جَنَّةً وَّحَرِیْرًا معطوف علیہ باعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور جَزٰی کے متعلق، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ باعطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۳، ۱۴: مُتَّكِـِٕيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر مستتر ذوالحال لَا يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا متعلق شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا معطوف علیہ باعطوف مفعول بہ سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل فِيْهَا متعلق اوّل، عَلَى الْاَرَآئِكِ متعلق دوم، اسم فاعل بافاعل ومتعلقین معطوف علیہ، واؤ عاطفہ دَانِيَةً اسم فاعل عَلَيْهِمْ اس کے متعلق ظِلٰلُهَا مرکب اضافی فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذُلِّلَتْ فعل مجہول قُطُوْفُهَا مرکب اضافی نائب فاعل تَذْلِيْلًا مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطوف مُتَّكِـِٕيْنَ کا معطوف، معطوف علیہ باعطوف جَزٰىهُمْ کے مفعول بہ سے حال ہے۔

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵، ۱۶: واؤ عاطفہ يُطَافُ فعل مجہول عَلَيْهِمْ اس کے متعلق بَاء جارہ اٰنِيَةٍ موصوف مِنْ جارہ فِضَّةٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكْوَابٍ موصوف كَانَتْ فعل ناقص هِيَ مستتر اس کا اسم قَوَارِيْرَا مبدل منہ قَوَارِيْرَا موصوف مِنْ فِضَّةٍ كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولی، قَدَّرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر منصوب مفعول بہ تَقْدِيْرًا مفعول مطلق سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بدل، مبدل منہ بابدل كَانَتْ کی خبر، كَانَتْ بااسم وخبر اَكْوَابٍ کی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ باعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر اٰنِيَةٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور نائب فاعل (کیونکہ معنًی یہ مفعول بہ ہے) فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: واؤ عاطفہ يُسْقَوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل فِيْهَا اس کے متعلق كَاْسًا موصوف كَانَ ناقصہ مِزَاجُهَا مرکب اضافی اسم زَنْجَبِيْلًا مبدل منہ عَيْنًا موصوف فِيْهَا كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت اولی، تُسَمّٰى فعل مجہول هِيَ ضمیر نائب فاعل سَلْسَبِيْلًا مفعول بہ سے مل کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بدل، مبدل منہ بابدل كَانَ کی خبر، كَانَ بااسم وخبر كَاْسًا کی صفت، موصوف باصفت يُسْقَوْنَ کا مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔ اور بعض حضرات عَيْنًا کو فعل محذوف اَمْدَحُ کا مفعول بہ بناتے ہیں۔

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: واؤ عاطفہ یَطُوْفُ فعل عَلَیْھِمْ اس کے متعلق ہوئے وِلْدَانٌ موصوف مُخَلَّدُوْنَ صفت اولیٰ، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَیْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر شرط، حَسِبْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہو کر صفت ثانیہ (مظہری) موصوف باصفتین یَطُوْفُ کا فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَاِذَا رَاَیْتَ ثَمَّ رَاَیْتَ نَعِیْمًا وَّ مُلْکًا کَبِیْرًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۲۰: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم رَاَیْتَ فعل بافاعل ثَمَّ ظرف مکان مفعول فیہ پھر یہ شرط ہوا، رَاَیْتَ فعل تاء مفتوحہ فاعل نَعِیْمًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مُلْکًا کَبِیْرًا مرکب توصیفی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

عٰلِیَھُمْ ثِیَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّ اِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّ حُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّۃٍ ۚ وَ سَقٰىھُمْ رَبُّھُمْ شَرَابًا طَھُوْرًا ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: عٰلِیَھُمْ بمعنی فَوْقَھُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا کَائِنَۃٌ کا، یہ خبر مقدم ہے ثِیَابُ سُنْدُسٍ مرکب اضافی موصوف خُضْرٌ صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَبْرَقٌ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ حُلُّوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَسَاوِرَ موصوف مِنْ فِضَّۃٍ ظرف مستقر کَائِنَۃٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَقٰی فعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، رَبُّھُمْ مرکب اضافی فاعل شَرَابًا طَھُوْرًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہو کر یَطُوْفُ عَلَیْھِمْ پر اس کا عطف ہے۔

اِنَّ ھٰذَا کَانَ لَکُمْ جَزَآءً وَّ کَانَ سَعْیُکُمْ مَّشْکُوْرًا ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۲۲: اِنَّ حرف تحقیق ھٰذَا اخلاً منصوب اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم لَکُمْ کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم جَزَآءً ذوالحال مؤخر، ذوالحال باحال خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَانَ ناقصہ سَعْیُکُمْ مرکب اضافی اسم مَّشْکُوْرًا اسم مفعول باھُوَ ضمیر نائب فاعل خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِیْلًا ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم نَحْنُ ضمیر منفصل مبتدا، نَزَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَلَیْکَ متعلق الْقُرْاٰنَ مفعول بہ تَنْزِیْلًا مفعول مطلق سے مل کر خبر، مبتدا باخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَرَفْتَ هٰذَا، اِصْبِرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لِحُكْمِ رَبِّكَ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَاتُطِعْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل مِنْهُمْ متعلق اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۵: واؤ عاطفہ اُذْكُرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِسْمَ رَبِّكَ مرکب اضافی مفعول بہ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا معطوف علیہ با معطوف مفعول فیہ، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ معطوفہ ہوا۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: واؤ عاطفہ مِنَ الَّيْلِ جار با مجرور متعلق مقدم فَاء زائدہ اُسْجُدْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل لَهٗ متعلق دوم، فعل با فاعل و متعلقین جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ لَيْلًا طَوِيْلًا مرکب توصیفی مفعول فیہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۷: اِنَّ حرف تحقیق هٰٓؤُلَآءِ محلاً منصوب اسم يُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْعَاجِلَةَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَذَرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل وَرَآءَهُمْ مرکب اضافی كَائِنًا کا مفعول فیہ ہو کر حال مقدم يَوْمًا ثَقِيْلًا مرکب توصیفی ذوالحال مؤخر، ذوالحال با حال مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۸: نَحْنُ مبتدا، خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ شَدَدْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَسْرَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم شِئْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر شرط، بَدَّلْنَا فعل نَا ضمیر فاعل اَمْثَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ تَبْدِيْلًا مفعول مطلق سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾

آیت نمبر ۲۹: اِنَّ حرف تحقیق هٰذِهٖ محلاً منصوب اس کا اسم تَذْكِرَةٌ خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ فَاء عاطفہ مَنْ اسم شرط مبتدا، شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر شرط، اِتَّخَذَ فعل هُوَ مستتر فاعل اِلٰى رَبِّهٖ كَائِنًا کے متعلق ہو کر مفعول بہ ثانی مقدم اور سَبِيْلًا مفعول بہ اوّل مؤخر سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝۳۰

آیت نمبر ۳۰: واؤ عاطفہ مَا نافیہ تَشَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّآ حرف استثناء لغو اَنْ ناصبہ یَشَآءَ فعل لفظ اَللّٰہُ فاعل سے مل کر بتاویل مصدر ہو کر مضاف الیہ ہوا وَقْتَ مضاف محذوف کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اسم عَلِیْمًا حَکِیْمًا دونوں خبروں سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

يُدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۳۱

آیت نمبر ۳۱: يُدْخِلُ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَنْ اسم موصول يَشَآءُ فعل ھُوَ مستتر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ فِيْ رَحْمَتِهٖ متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کے اسم لفظ اَللّٰہَ کا حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔ واؤ عاطفہ الظّٰلِمِیْنَ مفعول بہ فعل محذوف اَعَدَّ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ مفسَّر، اَعَدَّ فعل ھُوَ مستتر فاعل لَھُمْ اس کے متعلق عَذَابًا اَلِیْمًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

(بوقت صبح ۷:۴۵ بروز منگل بتاریخ ۱۰,۷,۱۴۳۴ بمطابق ۲۰,۵,۲۰۱۳ کو تکمیل ہوئی)

ترکیب سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ

رکوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝۱ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝۲ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝۳ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝۴ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝۵ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝۶ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝۷

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷: واؤ قسمیہ جارہ اَلْ بمعنی اَلَّتِیْ اسم موصول مُرْسَلٰتِ اسم مفعول ھِیَ ضمیر ذوالحال عُرْفًا حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، اسم مفعول بانائب فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَلْ بمعنی اَلَّتِیْ اسم موصول عٰصِفٰتِ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل اور عَصْفًا مفعول مطلق سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْ بمعنی اَلَّتِیْ اسم موصول نٰشِرٰتِ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل اور نَشْرًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثانی، فَاء عاطفہ اَلْ بمعنی اَلَّتِیْ اسم موصول فٰرِقٰتِ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل اور فَرْقًا مفعول مطلق سے مل کر معطوف ثالث، فَاء عاطفہ اَلْ بمعنی اَلَّتِیْ اسم موصول مُلْقِیٰتِ اسم فاعل ھِیَ مستتر فاعل ذِكْرًا مفعول بہ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول لہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر قسم، اِنَّ حرف تحقیق مَا موصولہ تُوْعَدُوْنَ فعل مجہول واؤ ضمیر فاعل نائب فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم لام تاکید یہ وَاقِعٌ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝۸ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۝۹ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝۱۰ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝۱۲ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝۱۳

آیت نمبر ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳: فَاء استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم النُّجُوْمُ نائب فاعل فعل محذوف طُمِسَتْ کا، فعل مجہول بانائب فاعل مفسّر، طُمِسَتْ فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل سے مل کر مفسِّر، مفسّر بامفسِّر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ یہ دراصل اِذَا فُرِجَتِ السَّمَآءُ فُرِجَتْ ہے مفسّر بامفسِّر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ یہ دراصل اِذَا نُسِفَتِ الْجِبَالُ نُسِفَتْ ہے مفسّر بامفسِّر معطوف دوم، واؤ عاطفہ اِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ یہ دراصل اِذَا اُقِّتَتِ الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ہے مفسّر بامفسِّر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ شرط، لام جارہ اَیِّ یَوْمٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور مبدل منہ لام جارہ یَوْمِ الْفَصْلِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق مقدم اُجِّلَتْ فعل مجہول بامِ ھِیَ مستتر نائب فاعل و متعلق مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ ہوا یُقَالُ فعل محذوف کا، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: واؤ استینافیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا،

یَوْمُ الْفَصْلِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۵ :وَيْلٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی كَائِنٌ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لِّلْمُكَذِّبِيْنَ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۶،۱۷ : هَمزہ برائے استفہام تقریری لَمْ نُهْلِكِ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَوَّلِيْنَ مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ نُتْبِعُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل هُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، الْاٰخِرِيْنَ مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸ :نَفْعَلُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِالْمُجْرِمِيْنَ ظرف لغو متعلق ہوئے كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر فِعْلًا مصدر محذوف کی صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق مقدم ہوا، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹:وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۲۱﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۰،۲۱،۲۲،۲۳: هَمزہ برائے استفہام تقریری اَلَمْ نَخْلُقْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُّمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ جارہ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق لفظًا جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلْنَا بمعنی خَلَقْنَا فعل بافاعل هٗ ضمیر منصوب ذوالحال اِلٰى جارہ قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر مُؤَخَّرًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فِيْ جارہ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ قَدَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔ فَاء عاطفہ نِعْمَ فعل مدح الْقٰدِرُوْنَ فاعل، فعل بافاعل خبر مقدم مخصوص بالمدح مبتدا محذوف ہے نَحْنُ، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾

آیت نمبر ۲۴:وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿۲۵﴾ اَحْيَآءً وَّ اَمْوَاتًا ﴿۲۶﴾ وَّ جَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّ اَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾

آیت نمبر ۲۵،۲۶،۲۷: هَمزہ برائے استفہام تقریری لَمْ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل اَلْاَرْضَ مفعول بہ اوّل، كِفَاتًا یہ كَافِتٌ کی جمع اسم فاعل اَحْيَآءً وَّ اَمْوَاتًا معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل ومفعول بہ لَمْ نَجْعَلْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین لفظاً جملہ انشائیہ معنًی جملہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَعَلْنَا بمعنی خَلَقْنَا فعل بافاعل فِيْهَا اس کے متعلق ہوئے رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَسْقَيْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَّآءً فُرَاتًا مرکب توصیفی مفعول بہ ثانی سے مل کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾

www.kitabosunnat.com

آیت نمبر ۲۸: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿۳۰﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿۳۱﴾ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۲۹،۳۰،۳۱،۳۲،۳۳: اِنْطَلِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ مَا اسم موصول كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اس کا اسم بِهٖ جار بامجرور متعلق مقدم تُكَذِّبُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم سے مل کر خبر، فعل ناقص بااسم وخبر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ مؤکدہ ہے، اِنْطَلِقُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلٰى جارہ ظِلٍّ موصوف ذِيْ مضاف ثَلٰثِ شُعَبٍ ممیّز باتمیز مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ صفت اولیٰ، لَا ظَلِيْلٍ بمعنی غَيْرِ ظَلِيْلٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا نافیہ يُغْنِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنَ اللَّهَبِ متعلق سے مل کر محلًا مجرور غَيْرِ مُغْنٍ کے معنی میں ہو کر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور اِنْطَلِقُوْا کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر تاکید ہے، مؤکد باتاکید قول محذوف کا مقولہ ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر منصوب اس کا اسم تَرْمِيْ فعل هِيَ مستتر فاعل بِـ جارہ شَرَرٍ موصوف كَالْقَصْرِ ظرف مستقر كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت اولیٰ، كَاَنَّ حرف تشبیہ هٗ ضمیر منصوب اسم جِمٰلَتٌ صُفْرٌ مرکب توصیفی خبر، كَاَنَّ بااسم وخبر صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مجرور، جار بامجرور تَرْمِيْ کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۴: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۵،۳۶: هٰذَا محلًا مرفوع مبتدا، يَوْمُ مضاف لَا يَنْطِقُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ

لَا يُؤْذَنُ فعل مجہول ھُوَ مستتر نائب فاعل لَهُمْ متعلق سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ يَعْتَذِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف پھر معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف يَوْمٌ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۷: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۸، ۳۹: هٰذَا اسم اشارہ مبتدا، يَوْمُ الْفَصْلِ مرکب اضافی خبر اوّل، جَمَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ واؤ بمعنی مَعَ "الْاَوَّلِيْنَ" مفعول معہ سے مل کر خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ یا جَمَعْنَا محلاً منصوب يَوْمُ الْفَصْلِ سے حال ہے۔ فَاء عاطفہ اِنْ شرطیہ كَانَ ناقصہ لَكُمْ كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر مقدم كَيْدٌ اسم مؤخر، كَانَ اپنے اسم و خبر سے مل کر شرط، فَاء جزائیہ كِيْدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، يَاء ضمیر منصوب مفعول بہ سے مل کر جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾

آیت نمبر ۴۰: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۱، ۴۲، ۴۳، ۴۴: اِنَّ حرف تحقیق الْمُتَّقِيْنَ اس کا اسم فِيْ جارہ ظِلٰلٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عُيُوْنٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فَوَاكِهَ موصوف مِنْ جارہ مَا موصولہ يَشْتَهُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور كَائِنَةً کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین فِيْ کا مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوئے، كَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ مستتر ذوالحال كُلُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِشْرَبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَنِيْٓـًٔا صیغہ صفت هُوَ مستتر فاعل بَاء جارہ مَا موصولہ كُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر اسم تَعْمَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول با صلہ مجرور، جار با مجرور هَنِيْٓـًٔا کے متعلق، صیغہ صفت با فاعل و متعلق صفت شُرْبًا موصوف محذوف کی، موصوف با صفت مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق جملہ انشائیہ امریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مقولہ ہوا يُقَالُ فعل محذوف قول کا، قول با مقولہ حال، ذوالحال با حال فاعل ہوا، كَائِنُوْنَ اسم فاعل با فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر منصوب اس کا اسم نَجْزِي فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْمُحْسِنِيْنَ مفعول بہ كَذٰلِكَ جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنًا کے متعلق ہو کر صفت ہوئی موصوف محذوف جَزَآءً کی، موصوف با صفت مفعول مطلق ہوا، فعل با فاعل و مفعولین خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۵،۴۶: وَيْلٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی کَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا، لام جارہ الْمُكَذِّبِيْنَ ذوالحال كُلُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَمَتَّعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل قَلِيْلًا "زَمَانًا" موصوف محذوف کے واسطہ سے مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول محذوف يُقَالُ لَهُمْ کا، قول بامقولہ حال، ذوالحال باحال مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر ثَابِتٌ کے متعلق ہو کر وَيْلٌ کی خبر، مبتدا بخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اِنَّ حرف تحقیق كُمْ ضمیر منصوب اس کا اسم مُجْرِمُوْنَ اسم فاعل باَنْتُمْ مستتر فاعل خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معللہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾

آیت نمبر ۴۷: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

آیت نمبر ۴۸: واؤ استینا فیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم قِيْلَ فعل مجہول لَهُمُ جار بامجرور نائب فاعل سے مل کر قول، ارْكَعُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مقولہ، قول بامقولہ شرط، لَا يَرْكَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾

آیت نمبر ۴۹: وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ کی ترکیب گزر چکی ہے۔

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

آیت نمبر ۵۰: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِالْقُرْاٰنِ، بَاء جارہ اَيِّ مضاف حَدِيْثٍ موصوف بَعْدَهٗ مرکب اضافی كَائِنٍ کا مفعول فیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم يُؤْمِنُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل ومتعلق مقدم جزاء، شرط محذوف باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ النَّبَا

رکوع نمبرا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝۱ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝۲ الَّذِیْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝۳

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: عَنْ حرف جر مَا استفہامیہ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو متعلق مقدم ہوئے يَتَسَآءَلُوْنَ کے، يَتَسَآءَلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل و متعلق مقدم جملہ انشائیہ مبیّن عَنْ حرف جر النَّبَاِ موصوف الْعَظِيْمِ پہلی صفت، الَّذِیْ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا فِيْهِ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوئے مُخْتَلِفُوْنَ کے، مُخْتَلِفُوْنَ اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر فاعل و متعلق مقدم سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ النَّبَاِ کی دوسری صفت، موصوف دونوں صفتوں کے ساتھ مل کر مجرور، جار باجرور ظرف مستقر متعلق ہوا فعل محذوف يَتَسَآءَلُوْنَ کا، يَتَسَآءَلُوْنَ اپنے واؤ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر عطف بیان یا جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝۴ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝۵

آیت نمبر ۴، ۵: كَلَّا حرف ردع سین علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل اپنے واؤ ضمیر فاعل سے مل کر مؤکد، ثُمَّ عاطفہ كَلَّا حرف ردع سین علامت فعل يَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل اور مَا يَجِلُّ بِهِمْ مفعول بہ محذوف سے مل کر تاکید، اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ معطوف۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝۶ وَّ الْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝۷ وَّ خَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝۸ وَّ جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝۹ وَّ جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝۱۰ وَّ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝۱۱ وَّ بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝۱۲ وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝۱۳ وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝۱۴ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ۝۱۵ وَّ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝۱۶

آیت نمبر ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: هَمزہ حرف استفہام تقریری لَمْ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ اوّل اور مِهٰدًا مفعول بہ ثانی، واؤ عاطفہ اور الْجِبَالَ کا عطف الْاَرْضَ پر ہے، اور اَوْتَادًا کا عطف مِهٰدًا پر ہے، فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ خَلَقْنَا فعل بافاعل كُمْ ضمیر ذوالحال اَزْوَاجًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف رابع، اور مَعَاشًا کو ظرف بنا کر مفعول فیہ بھی بنا سکتے ہیں واؤ عاطفہ بَنَيْنَا فعل بافاعل فَوْقَكُمْ مرکب اضافی مفعول فیہ اور

سَبْعًا شِدَادًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول فیہ ومفعول بہ معطوف خامس، واؤ عاطفہ اور جَعَلْنَا فعل بافاعل سِرَاجًا وَّهَّاجًا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَنْزَلْنَا فعل بافاعل مِنَ الْمُعْصِرٰتِ جار بامجرور متعلق اوّل مَآءً ثَجَّاجًا موصوف باصفت مفعول بہ، لام حرف جر برائے تعلیل نُخْرِجَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بِهٖ جار بامجرور متعلق ہوا نُخْرِجَ کا حَبًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَبَاتًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جَنّٰتٍ اَلْفَافًا موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین نُخْرِجَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی ہوا اَنْزَلْنَا کا، فعل بافاعل اور متعلقین ومفعول بہ معطوف سابع، معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا

سوال: اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ معطوف علیہ جملہ انشائیہ ہے اس لئے کہ اس کے شروع میں ھمزہ استفہام ہے اور باقی جملے خبریہ ہیں۔ تو جملہ خبریہ کا عطف جملہ انشائیہ پر کیسے درست ہوگا؟

جواب: اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ باعتبار لفظ کے تو جملہ انشائیہ ہے اور باعتبار معنی کے جملہ خبریہ ہے۔ کیونکہ ھمزہ استفہام تقریری کے لئے ہے اور اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ جَعَلْنَا الْاَرْضَ کے معنی میں ہے لہذا جملہ خبریہ کا جملہ خبریہ پر عطف ہے۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾ وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل يَوْمَ الْفَصْلِ مرکب اضافی مبدل منہ يَوْمَ مضاف يُنْفَخُ فعل مجہول فِي الصُّوْرِ جار بامجرور نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَاْتُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَفْوَاجًا حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَانَتْ اَبْوَابًا فعل ناقص اپنے اسم ھِیَ ضمیر اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا کا پہلا معطوف، واؤ عاطفہ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فعل مجہول بانائب فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَانَتْ سَرَابًا فعل ناقص اپنے ھِیَ ضمیر اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا کا دوسرا معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوفین سے مل کر يُنْفَخُ کا معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، پھر مضاف بامضاف الیہ بدل يَوْمَ الْفَصْلِ کا، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم، كَانَ فعل ناقص هُوَ ضمیر اپنے اسم اور مِيْقَاتًا خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿۲۱﴾ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّ لَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل جَهَنَّمَ اِنَّ کا اسم كَانَتْ فعل ناقص ھِیَ ضمیر اس کا اسم مِرْصَادًا موصوف لام حرف جر الطّٰغِيْنَ اسم فاعل اس کے اندر هُمْ ضمیر ذوالحال لّٰبِثِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل فِيْهَا جار بامجرور لّٰبِثِيْنَ کا متعلق اَحْقَابًا موصوف لَا يَذُوْقُوْنَ فعل واؤ ضمیر اس کا فاعل فِيْهَا جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا لَا يَذُوْقُوْنَ کا، بَرْدًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زلدہ شَرَابًا مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا معطوف علیہ بامعطوف بدل، مبدل منہ بابدل معطوف، معطوف علیہ

25

بامعطوف لَا یَذُوْقُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَحْقَابًا کی صفت، موصوف باصفت مفعول فیہ لٰبِثِیْنَ کا، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال فاعل ہوا الطَّاغِیْنَ کا، اسم فاعل بافاعل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنًا کے، کَائِنًا اپنے ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مِرْصَادًا کی صفت، موصوف باصفت مبدل منہ مَاٰبًا بدل، مبدل منہ بابدل کَانَتْ کی خبر، فعل ناقص باسم و خبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: مِرْصَادًا کو پہلی خبر اور مَاٰبًا کو کَانَتْ کی دوسری خبر بھی بنا سکتے ہیں اور لَا یَذُوْقُوْنَ کو لٰبِثِیْنَ کی ھُمْ ضمیر سے حال بھی بنا سکتے ہیں

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾

آیت نمبر ۲۶، ۲۷، ۲۸: جَزَآءً موصوف وِفَاقًا صفت، موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا فعل محذوف جُوْزُوْا کا، جُوْزُوْا فعل مجہول اپنے نائب فاعل (یعنی واؤ ضمیر) اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معلَّل ہوا، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ھُمْ ضمیر اِنَّ کا اسم کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا یَرْجُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل حِسَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ کَانُوْا کی خبر، فعل ناقص باسم و خبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بَاء حرف جر اٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور کَذَّبُوْا کے متعلق کِذَّابًا مفعول مطلق، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کی خبر، پھر اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معلِّل، معلَّل اپنے معلِّل سے مل کر جملہ معلَّلہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: معلَّل اور معلِّل کو لَا یَذُوْقُوْنَ کی واؤ ضمیر سے حال بھی بنا سکتے ہیں باقی ترکیب وہی ہے جو اوپر لکھی ہے۔

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۹، ۳۰: وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا یہ اصل میں وَاَحْصَيْنَا كُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ہے اور ترکیب اس طرح ہے واؤ عاطفہ اَحْصَيْنَا فعل بافاعل اور كُلَّ شَيْءٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسِّر اَحْصَيْنَا فعل بافاعل هُ ضمیر ذوالحال كِتٰبًا بمعنی مَكْتُوْبًا حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسِّر، مفسِّر اپنے مفسَّر سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا اور كِتٰبًا کو اَحْصَيْنَا کا مِنْ غیر لفظہ مفعول مطلق بھی بنا سکتے ہیں۔ فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے، ذُوْقُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معلَّل فَاء تعلیلیہ لَنْ نَّزِيْدَ فعل نَحْنُ مستتر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، اِلَّا حرف استثناء لغو عَذَابًا مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معلِّل، پھر معلَّل بامعلِّل جزاء ہوئی اِذَا كَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِنَا شرط محذوف کی، پھر شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

❁ رکوع نمبر ۲ ❁

اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾

آیت نمبر ۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لِلْمُتَّقِيْنَ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم مَفَازًا مبدل منہ حَدَآئِقَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَعْنَابًا پہلا معطوف، واؤ عاطفہ كَوَاعِبَ اَتْرَابًا موصوف باصفت دوسرا معطوف، واؤ عاطفہ كَاْسًا

دِهَاقًا موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ بدل البعض، مبدل منہ بابدل اِنَّ کا اسم مؤخر، اِنَّ اپنی خبر مقدم اور اسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّ لَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾

آیت نمبر ۳۵: لَایَسْمَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق لَایَسْمَعُوْنَ کا لَغْوًا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ کِذّٰبًا معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر محلًا منصوب حَدَآئِقَ کی صفت ہے۔

جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۳۶، ۳۷: جَزَآءً موصوف مِنْ حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مبدل منہ رَبِّ مضاف السَّمٰوٰتِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْاَرْضِ پہلا معطوف، واؤ عاطفہ مَا موصولہ یَیْنَهُمَا مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا فعل محذوف ثَبَتَ کا، ثَبَتَ فعل اپنے هُوَ ضمیر اور مفعول فیہ سے مل کر صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَبِّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ یا موصوف الرَّحْمٰنِ بدل یا صفت، مبدل منہ بابدل یا موصوف باصفت بدل ہوا رَبِّكَ کا، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہوا، کَائِنًا اسم فاعل هُوَ ضمیر اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جَزَآءً کی صفت، موصوف باصفت مبدل منہ عَطَآءً حِسَابًا موصوف باصفت بدل، مبدل منہ بابدل مفعول مطلق ہوا فعل محذوف جَزٰی کا، جَزٰی فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ لَایَمْلِكُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل مِنْهُ جار بامجرور متعلق ہوا فعل کا خِطَابًا مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا یا الرَّحْمٰنِ کا حال ہے۔

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ قَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

آیت نمبر ۳۸، ۳۹: یَوْمَ مضاف یَقُوْمُ فعل الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ معطوف علیہ بامعطوف ذوالحال صَفًّا اسم فاعل کے معنی میں ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل یَقُوْمُ کا، فعل بافاعل مضاف الیہ ہوا یَوْمَ کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم ہوا لَا یَتَكَلَّمُوْنَ کا، لَایَتَكَلَّمُوْنَ فعل واؤ ضمیر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء لغو مَنْ موصولہ اَذِنَ فعل لَهُ جار بامجرور اَذِنَ کا متعلق ہوا، الرَّحْمٰنُ فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَالَ فعل هُوَ مستتر فاعل صَوَابًا در اصل قَوْلًا صَوَابًا ہے۔ اور قَوْلًا صَوَابًا موصوف باصفت مفعول مطلق ہوا، فعل بافاعل و مفعول مطلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف موصول کا صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل لَایَتَكَلَّمُوْنَ کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ یا اَلرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ سے حال ہے۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں یَوْمَ لَایَمْلِكُوْنَ کا مفعول فیہ ہے اور لَایَتَكَلَّمُوْنَ جملہ لَایَمْلِكُوْنَ کی تاکید ہے۔ ذٰلِكَ مبتدا الْیَوْمُ موصوف الْحَقُّ صفت، موصوف

باصفت خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں ذٰلِكَ الْيَوْمُ موصوف باصفت یا مبدل منہ بابدل یا مبیّن اور عطف بیان سے مل کر مبتدا اور الْحَقُّ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ فَاٰء فصیحہ مَنْ شرطیہ مبتدا شَآءَ فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل شرط، اتَّخَذَ فعل ھُوَ مستتر فاعل مَاٰبًا مفعول بہ اور اِلٰى رَبِّهٖ كَائِنًا کے متعلق ہو کر مَاٰبًا کا حال مقدم ہے اور مفعول بہ اوّل محذوف ہے اَلْاِيْمَانَ، فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزاء، شرط اپنی جزاء سے مل کر مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء ہے شرط محذوف اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ کی، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم كَانَ فعل ناقص الْاَمْرُ اس کا اسم كَذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر كَانَ کی خبر، فعل ناقص باسم و خبر و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَ يَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝

آیت نمبر ۴۰: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل نَا ضمیر اس کا اسم اَنْذَرْنَا فعل نَا ضمیر فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، عَذَابًا موصوف قَرِيْبًا صفت، موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔ يَوْمَ مضاف يَنْظُرُ فعل الْمَرْءُ فاعل مَا موصولہ قَدَّمَتْ فعل يَدٰهُ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ يَنْظُرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَقُوْلُ فعل الْكٰفِرُ فاعل، فعل بافاعل قول، يَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل منادیٰ محذوف قَوْمِيْ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر نداء، لَيْتَ حرف تمنی نون وقایہ کا، يَاء ضمیر اس کا اسم كُنْتُ فعل ناقص تائے مضمومہ اس کا اسم تُرٰبًا خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَيْتَ کی خبر، لَيْتَ باسم و خبر جواب نداء، پھر نداء باجواب نداء مقولہ ہوا قول کا، قول بامقولہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف يَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا كَائِنًا کا، پھر یہ عَذَابًا کی صفت ثانیہ ہوئی باقی ترکیب اوپر لکھ دی ہے۔

۱۵،۱۰،۲۰۱۲ کو رات ۹:۳۰ پر ترکیب کی تکمیل ہوئی

ترکیب سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ

کوع نمبر ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝۱ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝۲ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۝۳ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝۴ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝۵ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝۶ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝۷

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷: واؤ قسمیہ جارہ اَلْ اسم موصول نٰزِعٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں ھُنَّ ضمیر فاعل غَرْقًا بمعنی اِغْرَاقًا مفعول مطلق من غیر لفظہ، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَلْ اسم موصول نٰشِطٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں ھُنَّ ضمیر فاعل نَشْطًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَلْ اسم موصول سٰبِحٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں ھُنَّ ضمیر فاعل سَبْحًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، فَاء عاطفہ اَلْ اسم موصول سٰبِقٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں ھُنَّ ضمیر فاعل سَبْقًا مفعول مطلق، اسم فاعل بافاعل و مفعول مطلق صلہ، موصول باصلہ معطوف ثالث، فَاء عاطفہ اَلْ اسم موصول مُدَبِّرٰتِ اسم فاعل بمعنی فعل ماضی اس میں ھُنَّ ضمیر فاعل اَمْرًا مفعول بہ اسم فاعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، جواب قسم، محذوف ہے لَتُبْعَثُنَّ، لَتُبْعَثُنَّ فعل مجہول واؤ مقدرہ ضمیر مرفوع متصل نائب فاعل يَوْمَ مضاف تَرْجُفُ فعل الرَّاجِفَةُ ذوالحال تَتْبَعُ فعل هَا ضمیر مفعول بہ الرَّادِفَةُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال باحال تَرْجُفُ کا فاعل، فعل بافاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا لَتُبْعَثُنَّ کا، فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝۸ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝۹

آیت نمبر ۸، ۹: قُلُوْبٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم وَاجِفَةٌ کا، وَاجِفَةٌ اسم فاعل هِيَ مستتر فاعل، اسم فاعل بافاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا اَبْصَارُهَا مضاف بامضاف الیہ مبتدا خَاشِعَةٌ اسم فاعل اپنے هِيَ ضمیر فاعل سے مل کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر پہلے مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِى الْحَافِرَةِ ۝۱۰

آیت نمبر ۱۰: يَقُوْلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل قول، هَمزہ استفہامیہ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اِنَّ کا اسم لام تاکیدیہ مَرْدُوْدُوْنَ اسم مفعول اس کے اندر نَحْنُ نائب فاعل فِي الْحَافِرَةِ جار بامجرور متعلق ہوا اسم مفعول کا، اسم مفعول بانائب فاعل و متعلق اِنَّ کی

خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ خبر ہوئی مبتدا محذوف ھُمْ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ :فِی الْحَافِرَةِ کو کَائِنِیْنَ کے متعلق کر کے مَرْدُوْدُوْنَ کے نائب فاعل سے حال بنانا بھی جائز ہے اور اس صورت میں حرف فِیْ اپنے معنی میں ہوگا اور الْحَافِرَةِ سے مراد وہ زمین ہوگی جس میں کفار کی قبریں ہیں اور پہلی ترکیب میں حرف فِیْ اِلٰی کے معنی میں تھا۔

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

آیت نمبر ۱۱: ھَمزہ استفہامیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم کُنَّا فعل ناقص نَا ضمیر اس کا اسم عِظَامًا نَّخِرَةً مرکب توصیفی خبر، فعل ناقص با اسم و خبر و مفعول فیہ مقدم شرط جزاء محذوف نُرَدُّ کی، نُرَدُّ فعل مجہول نَحْنُ مستتر نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: قَالُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل قول ہوا، تِلْكَ مبتدا اِذًا حرف جواب و جزاء غیر عامل كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ شد۔

فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۳: فَاء برائے تعلیل اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ ھِیَ مبتدا زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ موصوف با صفت خبر، مبتدا با خبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُعَلِّل برائے مُعَلَّل محذوف کے اور وہ ہے لَا تَسْتَصْعِبُوْهَا (تم اس کو مشکل مت خیال کرو) اور یہ فعل نہی با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر مُعَلَّل۔

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾

آیت نمبر ۱۴: فَاء فصیحہ هُمْ ضمیر مبتدا بَاء حرف جر السَّاهِرَةِ مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر كَائِنُوْنَ کے متعلق ہوا، اور كَائِنُوْنَ اسم فاعل اس میں هُمْ ضمیر فاعل اِذَا مفاجاتیہ مفعول فیہ، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ خبر، مبتدا با خبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء ہوئی شرط محذوف کے لئے اور وہ اِذَا نُفِخَتِ الصُّوْرُ ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵،۱۶: هَلْ حرف استفہام اَتٰى فعل كَ ضمیر مفعول بہ حَدِیْثُ صیغہ صفت مضاف مُوْسٰى مضاف الیہ معنًی فاعل اِذْ ظرف زمان مضاف نَادٰى فعل هُ ضمیر مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر الْوَادِ الْمُقَدَّسِ مرکب توصیفی مبدل منہ طُوًى بدل، مبدل منہ با بدل مجرور، جار با مجرور خود نَادٰى کے متعلق ہوا، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق اِذْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ حَدِیْثُ کا مفعول فیہ، صیغہ صفت مضاف با مضاف الیہ و مفعول فیہ اَتٰى کا فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ ہوا۔

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَاَهْدِیَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۷،۱۸،۱۹: اِذْهَبْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلٰی فِرْعَوْنَ جار بامجرور اِذْهَبْ کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق مُعَلّل، اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر اسم طَغٰی فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر مُعَلِّل، پھر مُعَلّل بامُعَلِّل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قُلْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل قول هَلْ حرف استفہام لَكَ جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر خبر مبتدا محذوف رَغْبَةٌ کے لئے، رَغْبَةٌ مصدر اِلٰی جارہ اَنْ مصدریہ تَزَكّٰى فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَهْدِيَ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل اِلٰی جارہ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور اَهْدِيَ کا متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَخْشٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل، فعل بافاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور رَغْبَةٌ کے متعلق ہوا، مصدر اپنے متعلق سے مل کر مبتدا، پھر مبتدا بامخبر جملہ انشائیہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ معطوف اِذْهَبْ کا، اِذْهَبْ معطوف علیہ بامعطوف مقولہ ہوا قول محذوف قَالَ اللّٰهُ کا۔

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

آیت نمبر ۲۰،۲۱،۲۲،۲۳،۲۴،۲۵: فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے اور وہ ذَهَبَ مُوْسٰى ہے، ذَهَبَ مُوْسٰى فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَرٰى فعل مضارع هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ كَذَّبَ فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَصٰى فعل هُوَ مستتر فاعل سے مل کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف آگے کے لئے معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اَدْبَرَ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال يَسْعٰى فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل معطوف، پھر كَذَّبَ۔۔۔الخ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر آگے کے لئے معطوف علیہ، فَاء عاطفہ حَشَرَ فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ نَادٰى فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر قول، اَنَا ضمیر مبتدا رَبُّكُمُ مرکب اضافی موصوف الْاَعْلٰى اسم تفضیل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صفت، موصوف باصفت خبر، مبتدا بامخبر مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَخَذَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ لفظ اللّٰهُ فاعل نَكَالَ مضاف الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ نَكَالَ کا، مضاف بامضاف الیہ مفعول لہ اَخَذَ کا، فعل بافاعل و مفعول بہ و مفعول لہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف نَادٰى کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف حَشَرَ کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف كَذَّبَ۔۔۔الخ کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف اَرٰى کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف ذَهَبَ مُوْسٰى کا معطوف ہوا، پھر یہ معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: علامہ زمخشری کہتے ہیں کہ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ مفعول مطلق ہے فعل نَكَّلَ اللّٰهُ کا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۶: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فِيْ ذٰلِكَ جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم لَامْ تاکید یہ عِبْرَةً موصوف لَامْ حرف جر مَنْ اسم موصول يَخْشٰى فعل اپنے هُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنَةً کا، كَائِنَةً اسم فاعل

ھِیَ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر عِبْرَۃً کی صفت، موصوف باصفت اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر خود جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رکوع نمبر ۲

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَ اَغْطَشَ لَيْلَهَا وَ اَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَ الْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَ مَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَ الْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۲۷،۲۸،۲۹،۳۰،۳۱،۳۲: ھَمزہ حرف استفہام اَنْتُمْ معطوف علیہ، اَمْ حرف عطف السَّمَآءُ ذوالحال بَنٰى فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ رَفَعَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل سَمْكَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سَوّٰى فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَغْطَشَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل لَيْلَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ضُحٰىهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ الْاَرْضَ اصل میں دَحَى الْاَرْضَ ۔۔۔ الخ ہے دَحَى فعل ھُوَ ضمیر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ بَعْدَ ذٰلِكَ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعولین مفسّر، دَحٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل ھَا ضمیر ذوالحال اَخْرَجَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مِنْهَا جار بامجرور فعل کے متعلق ہوا، مَآءَهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَرْعٰىهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال مفعول بہ دَحٰى کا، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف ثالث، واؤ عاطفہ الْجِبَالَ اصل میں اَرْسَى الْجِبَالَ ۔۔۔ الخ ہے اَرْسٰى فعل ھُوَ ضمیر فاعل الْجِبَالَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، اَرْسٰى فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مفسِّر، مفسَّر بامفسِّر معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ بَنٰىهَا کا بدل، مبدل منہ بابدل حال، ذوالحال باحال معطوف اَنْتُمْ کا، معطوف علیہ بامعطوف مبتدا اَشَدُّ اسم تفضیل اس میں اَنْتُمْ ضمیر فاعل خَلْقًا تمیز، اسم تفضیل بافاعل و تمیز شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

مَّتَاعًا لَّكُمْ وَ لِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾

آیت نمبر ۳۳: مَتَاعًا مصدر لَكُمْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام حرف جر اَنْعَامِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف متعلق پھر مَتَاعًا مفعول لہ ہوا فعل محذوف فَعَلَ کا، فَعَلَ فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ تنازع فعلین کی بناء پر اوپر ذکر کئے ہوئے افعال کا مفعول لہ بنایا جائے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ مَتَاعًا مفعول مطلق ہے فعل محذوف مَتَّعَ اللّٰهُ کا۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۴،۳۵،۳۶: فَاء استینافیہ اِذَا ظرفیہ متضمن معنی شرط مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَتَذَکَّرُ فعل الْاِنْسَانُ فاعل مَا موصولہ سَعٰی فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل سے مل کر صلہ، موصول باصلہ یَتَذَکَّرُ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل البعض ہوا اِذَا کا، مبدل منہ بابدل مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ کا، جَآءَتْ فعل الطَّآمَّةُ الْکُبْرٰی موصوف باصفت فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ بُرِّزَتْ فعل مجہول الْجَحِیْمُ نائب فاعل لام جارہ مَنْ موصولہ یَرٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق بُرِّزَتْ کا، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط ہوئی جزاء محذوف کے لیئے اور جزاء محذوف تُوْجَدُ الْاُمُوْرُ الْعَظِیْمَةُ، یا یُبْعَثُ النَّاسُ وغیرہ ہے، تُوْجَدُ فعل مجہول الْاُمُوْرُ الْعَظِیْمَةُ موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ﴿۳۷﴾ وَاٰثَرَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِیْمَ هِیَ الْمَاْوٰی ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَی النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰی ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰی ﴿۴۱﴾

آیت نمبر ۳۷،۳۸،۳۹،۴۰،۴۱: فَاء عاطفہ برائے تفریع اَمَّا شرطیہ برائے تفصیل مَنْ اسم شرط مبتدا، طَغٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰثَرَ فعل ھُوَ مقدر فاعل الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق الْجَحِیْمَ اسم هِیَ ضمیر فصل یا مبتدا اور الْمَاْوٰی خبر، اِنَّ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا شرطیہ برائے تفصیل مَنْ شرطیہ مبتدا خَافَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل مَقَامَ رَبِّهٖ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نَهَی فعل ھُوَ مقدر فاعل النَّفْسَ مفعول بہ عَنِ الْهَوٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ اِنَّ حرف تحقیق الْجَنَّةَ اسم اِنَّ، هِیَ ضمیر فصل یا مبتدا الْمَاْوٰی تقدیراً مرفوع خبر، اِنَّ بااسم وخبر جزاء، شرط باجزاء مَنْ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰهَا ﴿۴۲﴾

آیت نمبر ۴۲: یَسْـَٔلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ عَنِ السَّاعَةِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اَیَّانَ ظرف زمان مفعول فیہ کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مُرْسٰهَا مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿۴۳﴾

آیت نمبر ۴۳: فِیْمَ اصل میں فِیْمَا ہے، فِیْمَ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا کَائِنٌ کا، مِنْ حرف جر ذِكْرٰىهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور ظرف لغو متعلق ہوا کَائِنٌ کا، اسم فاعل باھُوَ مقدر فاعل ومتعلقین خبر مقدم اَنْتَ ضمیر مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾

آیت نمبر ۴۴: اِلٰی حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنٌ کا، كَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ مقدر فاعل و متعلق خبر مقدم مُنْتَهٰىهَا مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿۴۵﴾

آیت نمبر ۴۵: اِنَّ حرف تحقیق مَا کافہ اَنْتَ مبتدا، مُنْذِرُ مضاف مَنْ اسم موصول يَخْشٰى فعل هُوَ مقدر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ معنًی مفعول بہ، مضاف بامضاف الیہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معلّلہ ہوا۔

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿۴۶﴾

آیت نمبر ۴۶: كَاَنَّ حرف تشبیہ هُمْ ضمیر اسم يَوْمَ مضاف يَرَوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا معنی تشبیہ کا، لَمْ يَلْبَثُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَّا حرف استثناء عَشِيَّةً معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ ضُحٰىهَا مرکب اضافی منصوب تقدیراً معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ كَاَنَّ کی خبر، حرف تشبیہ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ يَوْمَ... الخ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف يَقُوْلُوْنَ کا، پھر يَقُوْلُوْنَ فعل بافاعل قول ہوا، اور لَمْ يَلْبَثُوْا مقولہ ہوا، قول بامقولہ كَاَنَّ کی خبر۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

ترکیب سُوْرَۃُ عَبَسَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ عَبَسَ وَتَوَلّٰى ۝١

آیت نمبر ۱: عَبَسَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَلّٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف جملہ ابتدائیہ ہوا۔

اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۝٢

آیت نمبر ۲: اَنْ مصدریہ جَآءَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الْاَعْمٰی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ مصدر کے معنی میں ہو کر مفعول لہ ہوا عَبَسَ کا یا تَوَلّٰی کا، اور بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اَنْ سے پہلے حرف جر محذوف ہے اور اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی منصوب بنزع الخافض ہے، پھر جار بامجرور عَبَسَ کے متعلق ہیں۔

وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ۝٣ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝٤

آیت نمبر ۳، ۴: واؤ عاطفہ مَا استفہامیہ مبتدا، یُدْرِیْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، لَعَلَّ حرف ترجی ہٗ ضمیر اس کا اسم یَزَّکّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ یَذَّکَّرُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَعَلَّ کی خبر، لَعَلَّ با اسم وخبر ترجی، فَاء سببیہ جوابیہ تَنْفَعَ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ الذِّکْرٰی مرفوع تقدیراً فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب ترجی، ترجّی باجواب خود یُدْرِیْ کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مبتدا کی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معطوفہ ہوا۔

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝٥ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۝٦ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝٧ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۝٨ وَهُوَ يَخْشٰى ۝٩ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝١٠

آیت نمبر ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰: اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ متضمن معنی شرط مبتدا، اِسْتَغْنٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، لَهٗ جار بامجرور متعلق مقدم تَصَدّٰی کا، تَصَدّٰی فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ عَلَیْكَ جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق سے مل کر خبر مقدم اَنْ ناصبہ لَا یَزَّکّٰی فعل ھُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر اسم مؤخر، مَا باسم وخبر حال، ذوالحال باحال تَصَدّٰی کا فاعل، فعل بافاعل ومتعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا قائم مقام شرط باخبر قائم مقام جزاء معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط برائے تفصیل مَنْ موصولہ جَآءَ فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال یَسْعٰی فعل ھُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، یَخْشٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل، فعل بافاعل خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال یَسْعٰی کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال جَآءَ کا فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء

جزائیہ اَنْتَ مبتدا، عَنْهُ جار بامجرور متعلق مقدم تَلَهّٰی فعل بااَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهُ ﴿۱۲﴾ فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَیْدِیْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اس کا اسم تَذْكِرَةٌ پہلی خبر فِیْ حرف جر صُحُفٍ موصوف مُكَرَّمَةٍ اسم مفعول با هِیَ ضمیر نائب فاعل صفت اوّل، مَرْفُوْعَةٍ اسم مفعول با هِیَ ضمیر نائب فاعل صفت ثانی، مُطَهَّرَةٍ اسم مفعول با هِیَ ضمیر نائب فاعل صفت ثالث، بَاء حرف جار اَیْدِیْ مضاف سَفَرَةٍ موصوف كِرَامٍ بَرَرَةٍ دو صفت، موصوف با صفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوا كَائِنَةٍ کا، كَائِنَةٍ اسم فاعل با هِیَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر صفت رابع، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوا كَائِنَةٌ کا، اسم فاعل با هِیَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر دوم، اِنَّ با اسم و خبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهُ ﴿۱۲﴾

آیت نمبر ۱۲: فَاء اعتراضیہ مَنْ شرطیہ مبتدا شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، ذَكَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهُ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: قُتِلَ فعل مجہول الْاِنْسَانُ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ انشائیہ دعائیہ ہوا۔ مَا استفہامیہ مبتدا، اَكْفَرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ انشائیہ تعجبیہ ہوا۔

مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَهُ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾

آیت نمبر ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲: مِنْ حرف جر اَیِّ شَیْءٍ مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور مبدل منہ مِنْ نُّطْفَةٍ جار بامجرور بدل، مبدل منہ بابدل متعلق مقدم خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَدَّرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ السَّبِیْلَ اصل میں یَسَّرَ السَّبِیْلَ ہے، یَسَّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل السَّبِیْلَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، یَسَّرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مفسّر، مفسّر بامفسّر معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اَمَاتَ فعل هُوَ ضمیر فاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل

بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَقْبَرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف ثُمَّ السَّبِیْلَ کا پہلا معطوف، ثُمَّ عاطفہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم شَآءَ فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ مقدم شرط، اَنْشَرَ فعل هُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین خَلَقَ کا معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾

آیت نمبر ۲۳: كَلَّا حرف ردع لَمَّا حرف جازم يَقْضِ فعل هُوَ مستتر فاعل مَا موصولہ اَمَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾

آیت نمبر ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱: فَاء استینافیہ لْيَنْظُرْ فعل امر الْاِنْسَانُ فاعل اِلٰى حرف جار طَعَامِهٖ مرکب اضافی مبدل منہ اَنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم صَبَبْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْمَآءَ مفعول بہ صَبًّا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ شَقَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاَرْضَ مفعول بہ شَقًّا مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعولین پھر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَنْۢبَتْنَا فعل بافاعل فِيْهَا جار بامجرور متعلق حَبًّا معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عِنَبًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَضْبًا معطوف ثانی، واؤ عاطفہ زَيْتُوْنًا معطوف ثالث، واؤ عاطفہ نَخْلًا معطوف رابع، واؤ عاطفہ حَدَآئِقَ غُلْبًا موصوف باصفت معطوف خامس، واؤ عاطفہ فَاكِهَةً معطوف سادس، واؤ عاطفہ اَبًّا معطوف سابع، معطوف علیہ بامعطوفات سبعہ اَنْۢبَتْنَا کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شَقَقْنَا کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ہوا صَبَبْنَا کا، معطوف علیہ بامعطوف اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل اِلٰی کے لئے مجرور، جار بامجرور متعلق لْيَنْظُرْ کا، فعل بافاعل ومتعلق جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا۔

مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾

آیت نمبر ۳۲: مَتَاعًا لَّكُمْ یہ اصل میں ہے فَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ .....الخ فَعَلَ فعل لفظ اَللّٰهُ فاعل ذٰلِكَ مفعول بہ مَتَاعًا مصدر باب تفعیل لَكُمْ جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لام جارہ اَنْعَامِكُمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مَتَاعًا کے متعلق، مصدر با متعلق خود مفعول لہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی کر سکتے ہیں کہ مَتَاعًا کو اَنْۢبَتْنَا کا مفرل مطلق تاکیدی قرار دیا جائے من غیر لفظہ۔

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾

آیت نمبر ۳۳، ۳۴، ۳۵، ۳۶: فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مبدل منہ یَوْمَ مضاف یَفِرُّ فعل اَلْمَرْءُ فاعل مِنْ حرف جر اَخِیْہِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُمِّہٖ مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَبِیْہِ مرکب اضافی معطوف ثانی، واؤ عاطفہ صَاحِبَتِہٖ مرکب اضافی معطوف ثالث، واؤ عاطفہ بَنِیْہِ مرکب اضافی معطوف رابع، معطوف علیہ با معطوفات اربعہ مجرور، جار با مجرور متعلق یَفِرُّ کا، فعل با فاعل و متعلق یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ اِذَا کا بدل، مبدل منہ با بدل مفعول فیہ مقدم جَآءَتْ فعل اَلصَّآخَّۃُ فاعل، فعل با فاعل و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور اس کی جزاء، محذوف ہے جو بعد والی آیت سے سمجھی جارہی ہے اور وہ جزاء ہے اِشْتَغَلَ کُلُّ وَاحِدٍ بِنَفْسِہٖ، اِشْتَغَلَ فعل کُلُّ وَاحِدٍ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جر نَفْسِہٖ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا اِشْتَغَلَ کا، فعل با فاعل و متعلق جزاء، شرط با جزاء جملہ شرطیہ مستانفہ ہوا۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل اِسْمَ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الْاَعْلَى اسم تفضیل باهُوَ ضمیر فاعل صفت اولی، الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سَوّٰى فعل باهُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّذِيْ اسم موصول قَدَّرَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، فَاء عاطفہ هَدٰى فعل باهُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الَّذِيْ اسم موصول اَخْرَجَ فعل هُوَ ضمیر فاعل الْمَرْعٰى منصوب تقدیراً مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلَ فعل هُوَ مستتر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، غُثَآءً اَحْوٰى موصوف باصفت مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین رَبِّكَ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین اِسْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ سَبِّحْ کا مفعول بہ،

فعل باافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝

آیت نمبر ۶، ۷، ۸، ۹: سین علامت فعل نُقْرِئُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ، فعل باافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَا تَنْسٰى فعل اَنْتَ مستتر فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو مَا موصولہ شَآءَ اللّٰهُ فعل باافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلَّل اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اسم يَعْلَمُ فعل هُوَ مستتر فاعل الْجَهْرَ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ يَخْفٰى فعل هُوَ مستتر فاعل، فعل باافاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف يَعْلَمُ کا مفعول بہ، فعل باافاعل ومفعول بہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر مُعَلَّل، مُعَلَّل باعِلّ مَا کا صلہ، موصول باصلہ لَا تَنْسٰى کا مفعول بہ، فعل باافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ باعطف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ نُيَسِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ لِلْيُسْرٰى جار باجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل باافاعل ومفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، سَنُقْرِئُ معطوف علیہ باعطف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاء فصیحہ اس کی شرط محذوف ہے اِنْ عَلِمْتَ اَنَّكَ مِمَّنْ هَدَيْنَاهُ وَوَفَّقْنَاهُ، اِنْ شرطیہ عَلِمْتَ فعل باافاعل اَنَّ حرف تحقیق کاف ضمیر اسم مِنْ جارہ مَنْ موصولہ هَدَيْنَاهُ فعل باافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَفَّقْنَاهُ فعل باافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ باعطف صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار باجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل باآنت مستتر ضمیر فاعل ومتعلق اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر عَلِمْتَ کا مفعول بہ، فعل باافاعل ومفعول بہ شرط، ذَكِّرْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل، فعل باافاعل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ اِنْ شرطیہ نَفَعَتِ فعل الذِّكْرٰى مرفوع تقدیراً فاعل، فعل باافاعل شرط، اس کی جزاء محذوف ہے ذَكِّرْ جس پر فَذَكِّرْ دال ہے

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝

آیت نمبر ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳: سین علامت فعل يَتَذَكَّرُ فعل مَنْ موصولہ يَخْشٰى فعل باهُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل باافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ يَتَجَنَّبُ فعل هَا مفعول بہ الْاَشْقَى مرفوع تقدیراً موصوف الَّذِيْ اسم موصول يَصْلَى فعل هُوَ مستتر فاعل النَّارَ الْكُبْرٰى مرکب توصیفی مفعول بہ، فعل باافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَا يَمُوْتُ فعل هُوَ مستتر فاعل فِيْهَا جار باجرور متعلق، فعل باافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يَحْيٰى فعل باهُوَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ باعطف يَصْلَى کا معطوف ہوا، معطوف علیہ باعطف صلہ، موصول باصلہ الْاَشْقَى کی صفت، موصوف باصفت يَتَجَنَّبُ کا فاعل، فعل باافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ يَتَذَكَّرُ کا معطوف، معطوف علیہ باعطف جملہ مستانفہ ہوا۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝

آیت نمبر ۱۴،۱۵: قَدْ حرف تحقیق اَفْلَحَ فعل مَنْ موصولہ تَزَكّٰى فعل باھُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ذَكَرَ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِسْمَ مضاف رَبِّهٖ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَلّٰى فعل باھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر تَزَكّٰى کا معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اَفْلَحَ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۶،۱۷: بَلْ حرف اضراب وعطف اور معطوف علیہ محذوف ہے لَاتُصْلِحُوْنَ اَعْمَالَكُمْ، لَاتُصْلِحُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَعْمَالَكُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، بَلْ عاطفہ تُؤْثِرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا مرکب توصیفی ذوالحال واؤ حالیہ الْاٰخِرَةُ مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل باھِیَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَبْقٰى اسم تفضیل باھِیَ ضمیر فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال تُؤْثِرُوْنَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۸،۱۹: اِنَّ حرف تحقیق هٰذَا اسم اشارہ اِنَّ کا اسم لام مدخلہ فِی حرف جر الصُّحُفِ الْاُوْلٰى موصوف باصفت مبدل منہ صُحُفِ مضاف اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ مستتر فاعل ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی ۲۰۱۲، ۱۰، ۲۲ بمطابق ۱۴۳۳، ۱۲، ۵ بروز پیر بوقت ۱۰:۱۵ اپر اس سورت کی ترکیب لکھنے سے فراغت ہوئی

ترکیب سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾

آیت نمبر ۱: هَلْ حرف استفہام اَتٰى فعل کاف ضمیر مفعول بہ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔ اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ هَلْ بمعنی قَدْ ہے اب جملہ خبریہ ہوا۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿۴﴾ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ﴿۵﴾

آیت نمبر ۲،۳،۴،۵: وُجُوْهٌ موصوف يَوْمَئِذٍ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ مقدم خَاشِعَةٌ اسم فاعل باھِیَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر صفت اوّل، عَامِلَةٌ صفت ثانی، نَّاصِبَةٌ صفت ثالث، موصوف باصفات ثلاثہ مبتدا، تَصْلٰى فعل ھِیَ مستتر فاعل نَارًا حَامِيَةً موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ خبر اوّل، تُسْقٰى فعل مجہول ھِیَ مستتر نائب فاعل مِنْ جارہ عَيْنٍ موصوف اٰنِيَةٍ صفت،

موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر دوم، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝۶ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝۷

آیت نمبر ۶،۷: لَيْسَ فعل ناقص لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم طَعَامٌ موصوف اِلَّا حرف استثناء لغو مِنْ جارہ ضَرِيْعٍ موصوف لَا يُسْمِنُ فعل باهُوَ مستتر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا يُغْنِيْ فعل هُوَ مستتر فاعل مِنْ جُوْعٍ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف ضَرِيْعٍ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق طَعَامٌ کی صفت، موصوف باصفت لَيْسَ کا اسم مؤخر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ وُجُوْهٌ کی خبر ثالث ہوا۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝۸ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝۹ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝۱۰ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝۱۱ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝۱۲ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝۱۳ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۝۱۴ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۝۱۵ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۝۱۶

آیت نمبر ۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱۴،۱۵،۱۶: وُجُوْهٌ مبتدا، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم نَّاعِمَةٌ اسم فاعل باهِيَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر اوّل، لِّ حرف جار سَعْيِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم رَاضِيَةٌ اسم فاعل باهِيَ ضمیر فاعل خبر دوم، فِيْ حرف جار جَنَّةٍ موصوف عَالِيَةٍ صفت اولی، لَا تَسْمَعُ فعل هِيَ مستتر فاعل فِيْهَا جار بامجرور فعل کے متعلق ہوئے، لَاغِيَةً مفعول بہ، اور بعض حضرات لَا تَسْمَعُ کو مخاطب کا صیغہ بنا کر اس کا فاعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ مانتے ہیں، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جَنَّةٍ کی صفت ثانیہ، فِيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنَةٌ کے، كَائِنَةٌ اسم فاعل باهِيَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم عَيْنٌ جَارِيَةٌ موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جَنَّةٍ کی صفت ثالثہ، فِيْهَا جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنَةٌ کے، كَائِنَةٌ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم سُرُرٌ موصوف مَّرْفُوْعَةٌ اسم مفعول با هِيَ ضمیر نائب فاعل صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ موصوف باصفت معطوف ثانی، واؤ عاطفہ زَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ موصوف باصفت معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جَنَّةٍ کی صفت رابع، موصوف باصفات اربعہ مجرور، جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق، كَائِنَةٌ اسم فاعل باهِيَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر وُجُوْهٌ کی خبر ثالث، مبتدا باخبار ثلاثہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: وُجُوْهٌ کے نکرہ ہونے کے باوجود مبتدا بننے پر سوال و جواب سورت عَبَسَ کی ترکیب میں لکھ چکے ہیں۔

اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝۱۷ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ۝۱۸ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۝۱۹ وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ۝۲۰

آیت نمبر ۱۷،۱۸،۱۹،۲۰: هَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے يُنْكِرُوْنَ الْبَعْثَ، لَا يَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَى حرف جار الْاِبِلِ مبدل منہ خُلِقَتْ فعل مجہول هِيَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال كَيْفَ مفعول فیہ كَائِنَةً کا، كَائِنَةً اسم فاعل باهِيَ ضمیر فاعل

ومفعول فیہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلَی جارہ السَّمَآءِ مبدل منہ رُفِعَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر ذوالحال کَیْفَ مفعول فیہ کَائِنَۃً کا، کَائِنَۃً اسم فاعل باھِیَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ انشائیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِلَی حرف جر الْجِبَالِ مبدل منہ نُصِبَتْ فعل مجہول ھِیَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال کَیْفَ مفعول فیہ کَائِنَۃً کا، کَائِنَۃً اسم فاعل باھِیَ ضمیر فاعل ومفعول فیہ حال، ذوالحال باحال نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ انشائیہ بدل الاشتمال، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور معطوف ثانی، واؤ عاطفہ اِلَی الْاَرْضِ کَیْفَ سُطِحَتْ کی ترکیب پہلے جملوں کی طرح ہے یہ معطوف ثالث ہے، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ لَا یَنْظُرُوْنَ کے متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ مستانفہ ہوا۔

فَذَكِّرْ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَ كَفَرَ ﴿۲۳﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ کَانُوْا لَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاَشْیَآءِ الْمَذْکُوْرَۃِ بِالتَّدَبُّرِ اِنْ شرطیہ کَانُوْا فعل ناقص واؤ ضمیر اس کا اسم لَا یَنْظُرُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اِلَی جارہ الْاَشْیَآءِ الْمَذْکُوْرَۃِ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور متعلق اوّل، بِالتَّدَبُّرِ جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین فعل ناقص کی خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء فصیحہ ذَکِّرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ امریہ ہو کر مُعَلَّل اِنَّ حرف تحقیق کفوفہ عن العمل مَا کافہ اَنْتَ مبتدا، مُذَکِّرٌ اسم فاعل باَنْتَ ضمیر فاعل خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مبدل منہ لَسْتَ فعل ناقص تَاء ضمیر مفتوحہ اس کا اسم عَلَیْ حرف جر ھِمْ ضمیر مستثنٰی منہ اِلَّا حرف استثناء بَاء جارہ مَنْ موصولہ تَوَلّٰی فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ کَفَرَ فعل باھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ برائے رابطہ یُعَذِّبُ فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ لفظ اَللّٰہُ فاعل الْعَذَابَ الْاَکْبَرَ مرکب توصیفی مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مُعَلَّل، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اِلَیْنَا جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ومتعلق خبر مقدم اِیَابَھُمْ مرکب اضافی اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق عَلَیْنَا جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل باھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ومتعلق خبر مقدم حِسَابَھُمْ مرکب اضافی اسم مؤخر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مُعَلَّل، مُعَلَّل با مُعَلَّل خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مستثنٰی ہوا، مستثنٰی منہ با مستثنٰی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم، مُصَیْطِرٍ اسم فاعل اَنْتَ ضمیر فاعل، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر بَاء کا مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنًا کے، کَائِنًا اسم فاعل باَنْتَ ضمیر فاعل ومتعلق خبر لَسْتَ کی، فعل ناقص با اسم وخبر بدل، مبدل منہ بابدل مُعَلَّل، مُعَلَّل با مُعَلَّل جزاء شرط محذوف کی، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی سُوْرَۃُ الْغَاشِیَۃِ

کی ترکیب سے بروز منگل بوقت صبح ۸:۴۵ بتاریخ ۶،۱۲،۱۴۳۳ بمطابق ۲۳،۱۰،۲۰۱۲ کو فراغت ہوئی

ترکیب سُوْرَۃُ الْفَجْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ الْفَجْرِ ۝۱ وَ لَيَالٍ عَشْرٍ ۝۲ وَّ الشَّفْعِ وَ الْوَتْرِ ۝۳ وَ
الَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۝۴ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝۵

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: واؤ قسمیہ جارہ الْفَجْرِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَيَالٍ عَشْرٍ موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الشَّفْعِ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ الْوَتْرِ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ الَّيْلِ معطوف رابع، معطوف علیہ بامعطوفات اربعہ مجرور، جار باجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف يَسْرِ فعل یہ اصل میں يَسْرِیْ ہے هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف باامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اُقْسِمُ کا، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ انشائیہ قسمیہ ہو کر قسم، هَلْ حرف استفہام فِيْ ذٰلِكَ جار باجرور كَائِنٌ کے متعلق ہوئے كَائِنٌ اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، قَسَمٌ موصوف لام جارہ ذِيْ حِجْرٍ مرکب اضافی مجرور، جار باجرور كَائِنٌ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ قسمیہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝۶ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝۷ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي
الْبِلَادِ ۝۸ وَ ثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝۹ وَ فِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۝۱۰ الَّذِيْنَ
طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝۱۱ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝۱۲ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝۱۳ اِنَّ
رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝۱۴

آیت نمبر ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴: هَمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل كَيْفَ مفعول فیہ ہوا كَائِنًا کا، كَائِنًا اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر صفت ہوئی موصوف محذوف فِعْلًا کی، موصوف باصفت مفعول مطلق مقدم فَعَلَ فعل ماضی رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل بَاء حرف جار عَادٍ مبدل منہ اِرَمَ موصوف ذَاتِ الْعِمَادِ مرکب اضافی صفت اولی، الَّتِيْ اسم موصول لَمْ يُخْلَقْ فعل مجہول مِثْلُهَا مرکب اضافی نائب فاعل فِي الْبِلَادِ جار باجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ اِرَمَ کے لئے صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بدل، مبدل منہ بابدل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ثَمُوْدَ موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول جَابُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّخْرَ مفعول بہ بِالْوَادِ جار باجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ثَمُوْدَ کی صفت، موصوف باصفت معطوف اوّل، واؤ عاطفہ فِرْعَوْنَ موصوف ذِي الْاَوْتَادِ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین موصوف الَّذِيْنَ اسم موصول طَغَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِي الْبِلَادِ جار باجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَكْثَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل فِيْهَا جار باجرور متعلق ہوئے، الْفَسَادَ مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ باامعطوف پھر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ صَبَّ فعل عَلَيْهِمْ جار باجرور متعلق ہوئے صَبَّ کے رَبُّكَ

مرکب اضافی فاعل سَوْطَ عَذَابٍ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مُعَلَّل اِنَّ حرف مشبہ بالفعل رَبَّكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم لام مذحلقہ بَاء جارہ الْمِرْصَادِ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل ہُوَ ضمیر فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مُعَلِّل، مُعَلَّل بامُعَلِّل معطوف، معطوف علیہ بامعطوف اَلَّذِيْنَ کا صلہ، موصول باصلہ اِرَمَ کی صفت، موصوف باصفت بَاء کے لئے مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فَعَلَ کے، فعل بافاعل و متعلق و مفعول مطلق لَمْ تَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵،۱۶: فَاء استینافیہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل الْاِنْسَانُ مبتدا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَا زائدہ اِبْتَلٰى فعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ رَبُّهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَكْرَمَ فعل ہُوَ مستتر فاعل و ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ نَعَّمَ فعل با ہُوَ مستتر فاعل و ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط، فَاء جزائیہ يَقُوْلُ فعل ہُوَ مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، رَبِّيْٓ مرکب اضافی مبتدا اَكْرَمَ فعل ہُوَ ضمیر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر محذوف مفعول بہ، کیونکہ اَكْرَمَنِ اصل میں اَكْرَمَنِيْ ہے، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مغطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل الْاِنْسَانُ مقدر مبتدا، اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم مَا زائدہ اِبْتَلٰى فعل ہُوَ ضمیر فاعل و ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ و مفعول فیہ مقدم جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَدَرَ فعل ہُوَ مستتر فاعل عَلَيْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے قَدَرَ کے، رِزْقَهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ يَقُوْلُ فعل با ہُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول رَبِّيْٓ مرکب اضافی مرفوع تقدیراً مبتدا، اَهَانَ فعل ہُوَ مستتر فاعل نون وقایہ کا، یَاء ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قول کا مقولہ، قول بامقولہ جزاء، شرط باجزاء خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿۱۸﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۷،۱۸،۱۹،۲۰: كَلَّا حرف ردع بَلْ حرف اضراب و عطف اور اس کا معطوف علیہ محذوف ہے لَا يَنْتَبِهُ كُفَّارُ مَكَّةَ بِالْمَذْكُوْرِ، یہ عبارت معطوف علیہ ہے لَا تُكْرِمُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْيَتِيْمَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا تَحٰٓضُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل عَلٰى حرف جر طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَاْكُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل التُّرَاثَ مفعول بہ اَكْلًا لَّمًّا موصوف

باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تُحِبُّوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل الْمَالَ مفعول بہ حُبًّا جَمًّا موصوف باصفت مفعول مطلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ معطوف ہوا معطوف علیہ محذوف کا، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَّ جَآءَ رَبُّكَ وَ الْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَ جِایْٓءَ یَوْمَىٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ یَوْمَىٕذٍ یَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَ اَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ قَدَّمْتُ لِحَیَاتِیْ ﴿۲۴﴾ فَیَوْمَىٕذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَّ لَا یُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾

آیت نمبر ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶: كَلَّا حرف ردع اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم دُكَّتْ فعل مجہول الْاَرْضُ نائب فاعل دَكًّا دَكًّا مؤکد باتاکید مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومفعول فیہ مقدم ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ جَآءَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمَلَكُ ذوالحال صَفًّا صَفًّا حال، ذوالحال باحال معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ جِایْٓءَ فعل مجہول یَوْمَىٕذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ بَاء جارہ جَهَنَّمَ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط، یَوْمَىٕذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم یَتَذَكَّرُ فعل الْاِنْسَانُ ذوالحال واؤ حالیہ اَنّٰى ظرف مفعول فیہ كَائِنَةٌ کا، كَائِنَةٌ اسم فاعل هِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل، لَهُ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنَةٌ کے، كَائِنَةٌ اسم فاعل با فاعل ومفعول فیہ ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم الذِّكْرٰى مبتدا موخر، مبتدا باخبر حال، ذوالحال باحال یَتَذَكَّر کا فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مبدل منہ، یَقُوْلُ فعل با هُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل اَنَا ضمیر فاعل ومفعول بہ محذوف (قَوْمِیْ) سے مل کر نداء، لَیْتَ حرف تمنی نون وقایہ کا، یَاء ضمیر اس کا اسم قَدَّمْتُ فعل تَاء ضمیر مضمومہ فاعل لَام جارہ حَیَاتِیْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لَیْتَ کی خبر، لَیْتَ با اسم وخبر جواب نداء، نداء باجواب نداء مقولہ، قول بامقولہ بدل، مبدل منہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔ فَاء استینافیہ یَوْمَىٕذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَا یُعَذِّبُ فعل عَذَابَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق اَحَدٌ فاعل، فعل بافاعل ومفعول مطلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یُوْثِقُ فعل وَثَاقَهٗ مرکب اضافی مفعول مطلق ہوا اَحَدٌ فاعل، فعل بافاعل ومفعول مطلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مستانفہ ہوا۔

یٰٓاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىٕنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِیْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ ﴿۲۹﴾ وَ ادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ﴿۳۰﴾

آیت نمبر ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۰: یَاء حرف نداء اُدْعُوْا کے قائم مقام، اُدْعُوْا فعل بافاعل اَیَّةُ مبدل منہ یا موصوف هَا برائے تنبیہ، النَّفْسُ موصوف الْمُطْمَىٕنَّةُ اسم فاعل هِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل صفت، موصوف باصفت اَیَّةُ کا بدل یا صفت، مبدل منہ بابدل یا موصوف با صفت محلاً منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ نداء ہوا، اِرْجِعِیْ فعل امر یَاء ضمیر ذوالحال رَاضِیَةً اسم فاعل بااَنْتِ ضمیر

فاعل حال اولی، مَرْضِیَّۃً اسم مفعول با اَنْتِ ضمیر نائب فاعل حال ثانی، ذوالحال باحالین فاعل اِلٰی جارہ رَبِّكِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ امریہ انشائیہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اُدْخُلِیْ فعل یَاء ضمیر فاعل فِیْ جارہ عِبٰدِیْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُدْخُلِیْ فعل یَاء ضمیر فاعل جَنَّتِیْ مرکب اضافی مفعول فیہ، فعل بافاعل و مفعول فیہ معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف پہلے معطوف علیہ کا معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف جواب نداء ہوا، نداء باجواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ ہوا یَقُوْلُ اللّٰهُ لِلْمُؤْمِنِ قول محذوف کا۔

(رات کو ۱۰ بجے بتاریخ ۳ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ کو سورۃ الفجر کی ترکیب سے فارغ ہوا۔ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ)

ترکیب سُوْرَۃُ الْبَلَدِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ لَاۤ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۱﴾ وَ اَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۲﴾ وَ وَالِدٍ وَّ مَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ؕ﴿۴﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: لَا زائدہ اُقْسِمُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بَاء حرف جار هٰذَا الْبَلَدِ موصوف باصفت معطوف علیہ، واؤ اعتراضیہ اَنْتَ ضمیر مبتدا، حِلٌّ مصدر بمعنی اسم فاعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل بَاء حرف جار هٰذَا الْبَلَدِ موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم فاعل با فاعل و متعلق خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوا۔ واؤ عاطفہ وَالِدٍ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ وَلَدَ فعل باهُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق قسم، لَام تاکیدیہ قَدْ تحقیقیہ خَلَقْنَا فعل بافاعل الْاِنْسَانَ ذوالحال فِیْ كَبَدٍ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّنْ یَّقْدِرَ عَلَیْهِ اَحَدٌ ۘ﴿۵﴾

آیت نمبر ۵: هَمزہ استفہامیہ یَحْسَبُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَنْ یَّقْدِرَ فعل عَلَیْهِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، اَحَدٌ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یَحْسَبُ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ؕ﴿۶﴾

آیت نمبر ۶: یَقُوْلُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، اَهْلَكْتُ فعل تُ ضمیر مضمومہ فاعل مَالًا لُّبَدًا موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ؕ

آیت نمبر ۷: هَمزہ استفہامیہ یَحْسَبُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَنْ مخففہ من المثقلہ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ یَرَ فعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اَحَدٌ فاعل، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنْ کی خبر، اَنْ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر یَحْسَبُ کے دو مفعول بہ کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝

آیت نمبر ۸،۹،۱۰: هَمزہ استفہامیہ لَمْ نَجْعَلْ فعل نَحْنُ ضمیر مستتر فاعل لَهٗ جار بامجرور متعلق عَيْنَيْنِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِسَانًا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ شَفَتَيْنِ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ هَدَيْنَا فعل بافاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، النَّجْدَيْنِ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝

آیت نمبر ۱۱: فَاء عاطفہ لَا نافیہ اقْتَحَمَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل الْعَقَبَةَ مفعول بہ، فعل با فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

سوال: جب ماضی پر لَا داخل ہو تو لَا اور ماضی کا تکرار ہوتا ہے جیسا کہ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی میں ہے تو اس مقام پر ایسا کیوں نہیں کیا؟

جواب: یہاں بھی لَا اور ماضی کا باعتبار معنی کے تکرار ہے، گویا کہ اللہ نے یوں فرمایا ہے فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ فَلَا رَقَّبَكَ وَلَا اَطْعَمَ مِسْكِيْنًا۔ فلا اشکال علیہ

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝

آیت نمبر ۱۲: واؤ اعتراضیہ اور مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، الْعَقَبَةُ خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر محلًا منصوب اَدْرٰی کا مفعول ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ انشائیہ معترضہ ہوا۔

فَكُّ رَقَبَةٍ ۝ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ۝ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝

آیت نمبر ۱۳،۱۴،۱۵،۱۶: فَكُّ رَقَبَةٍ مرکب اضافی معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اِطْعٰمٌ مصدر فِيْ حرف جر يَوْمٍ موصوف ذِيْ مَسْغَبَةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے مصدر کے، يَتِيْمًا موصوف ذَا مَقْرَبَةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ مِسْكِيْنًا موصوف ذَا مَتْرَبَةٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، مصدر اپنے متعلق اور مفعول بہ سے مل کر معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے مبتدا محذوف هُوَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝

آیت نمبر ۱۷: ثُمَّ عاطفہ کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم مِنَ حرف جار الَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل، فعل بافاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَاصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالصَّبْرِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل کے، فعل بافاعل و متعلق معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَوَاصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْمَرْحَمَةِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنًا کے، کَائِنًا اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل و متعلق کَانَ کی خبر، کَانَ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا اقْتَحَمَ کا (ھٰکَذَا قَالَ الزمخشری والزجاج)

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: أُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا، أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: واؤ عاطفہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول کَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِاٰیٰتِنَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق صلہ، موصول باصلہ مبتدا، ھُمْ ضمیر مبتدا، أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر اسم موصول کی پہلی خبر عَلَيْهِمْ جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنَةٌ کے، کَائِنَةٌ اسم فاعل با ھِیَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، نَارٌ موصوف مُّؤْصَدَةٌ اسم مفعول با ھِیَ ضمیر نائب فاعل صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اسم موصول کی دوسری خبر، مبتدا باخبرین جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الشَّمْسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا ﴿۲﴾ وَالنَّهَارِ إِذَا جَلّٰهَا ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ إِذَا يَغْشٰهَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ﴿۵﴾ وَالْأَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ﴿۷﴾ فَأَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ﴿۸﴾ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ﴿۹﴾ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ﴿۱۰﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰: واؤ قسمیہ جارہ الشَّمْسِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ ضُحٰهَا مرکب اضافی معطوف اوّل، واؤ عاطفہ الْقَمَرِ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ النَّهَارِ معطوف ثالث، واؤ عاطفہ اللَّيْلِ معطوف رابع، واؤ عاطفہ السَّمَآءِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ بَنٰى فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ صلہ، موصول باصلہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف معطوف خامس ہوا، واؤ عاطفہ الْأَرْضِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ طَحٰى فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ہوا، الْأَرْضِ معطوف علیہ بامعطوف خود معطوف سادس ہوا، واؤ عاطفہ نَفْسٍ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا موصولہ سَوّٰى فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ أَلْهَمَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل

هَا ضمیر مفعول بہ اوّل، فُجُوْرَهَا مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَقْوٰىهَا مرکب اضافی معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ معطوف ہوا، نَفْسٍ معطوف علیہ با معطوف خود معطوف سابع، الشَّمْسِ معطوف علیہ با معطوفات سبعہ مجرور، جار با مجرور متعلق ہوا فعل محذوف اُقْسِمُ کا، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل، اِذَا ظرف زمان مضاف تَلٰى فعل هُوَ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ہوا اُقْسِمُ کا، اِذَا ظرف زمان مضاف جَلّٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثانی ہوا اُقْسِمُ کا، اِذَا مضاف يَغْشٰى فعل مضارع هُوَ ضمیر مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثالث، فعل با فاعل و متعلق و ہمہ مفاعیل جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، قَدْ علامت فعل اَفْلَحَ فعل مَنْ موصولہ زَكّٰى فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ قَدْ علامت فعل خَابَ فعل مَنْ اسم موصول دَسّٰى فعل هُوَ مستتر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ فاعل، فعل با فاعل معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم با جواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ﴿۱۱﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ﴿۱۲﴾ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَ سُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۱، ۱۲، ۱۳: كَذَّبَتْ فعل ثَمُوْدُ فاعل بَاء جارہ طَغْوٰىهَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے، اِذْ ظرف زمان مضاف انْۢبَعَثَ فعل اَشْقٰىهَا مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ قَالَ فعل لَهُمْ جار با مجرور متعلق رَسُوْلُ اللّٰهِ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول، نَاقَةَ اللّٰهِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ سُقْيٰهَا مرکب اضافی معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ ہوا فعل محذوف اِحْذَرُوْا کا، اِحْذَرُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ ہو کر مقولہ، قول با مقولہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۫ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

آیت نمبر ۱۴، ۱۵: فَاء عاطفہ كَذَّبُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ عَقَرُوْا فعل واؤ ضمیر فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، فَاء عاطفہ دَمْدَمَ فعل عَلَيْهِمْ جار با مجرور متعلق اوّل، رَبُّهُمْ مرکب اضافی فاعل بَاء جارہ ذَنْۢبِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ثانی، فعل با فاعل و متعلقین معطوف علیہ، فَاء عاطفہ سَوّٰى فعل هُوَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ لَا يَخَافُ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عُقْبٰهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال با حال سَوّٰى کا فاعل هَا ضمیر مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف كَذَّبُوْا کا معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ معطوفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الَّیْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَ الَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۝۱ وَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۝۲ وَ مَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰی ۝۳ اِنَّ سَعْیَكُمْ لَشَتّٰی ۝۴

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: واؤ قسمیہ جارہ الَّیْلِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ النَّهَارِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مَا موصولہ خَلَقَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِذَا مضاف یَغْشٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ اوّل، اِذَا مضاف تَجَلّٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ثانی، فعل بافاعل ومتعلق ومفعولین جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل سَعْیَكُمْ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم لام تاکیدیہ شَتّٰی مرفوع تقدیراً خبر، اِنَّ باسم وخبر جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَ اتَّقٰی ۝۵ وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۝۶ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ۝۷ وَ اَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَ اسْتَغْنٰی ۝۸ وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۝۹ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ۝۱۰

آیت نمبر ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰: فاء استینافیہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل مَنْ اسم موصول متضمن معنی شرط اَعْطٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اتَّقٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ صَدَّقَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل بِالْحُسْنٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ سین علامت فعل نُیَسِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ لِلْیُسْرٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل مَنْ موصولہ متضمن معنی شرط بَخِلَ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اسْتَغْنٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ كَذَّبَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل بِالْحُسْنٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فاء جزائیہ سین علامت فعل نُیَسِّرُ فعل نَحْنُ مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ لِلْعُسْرٰی جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَ مَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰی ۝۱۱

آیت نمبر ۱۱: واؤ عاطفہ مَا نافیہ یُغْنِیْ فعل عَنْهُ جار بامجرور فعل کے متعلق، مَالُهٗ مرکب اضافی فاعل اِذَا مضاف تَرَدّٰی فعل ھُوَ ضمیر اس کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾

آیت نمبر ۱۲، ۱۳: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل عَلَیْنَا جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنٌ کے، کَائِنٌ اسم فاعل بافاعل و متعلق اِنَّ کی خبر مقدم لَام تاکیدیہ الْهُدٰی منصوب تقدیراً اِنَّ کا اسم، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لَنَا جار بامجرور متعلق ہوئے کَائِنَتَانِ کے، کَائِنَتَانِ اسم فاعل با هُمَا ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم لَام مذحلقہ تاکیدیہ اَلْاٰخِرَةَ وَ الْاُوْلٰی معطوف علیہ بامعطوف اِنَّ کا اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰی ﴿۱۴﴾ لَا یَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَی ﴿۱۵﴾ الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۴، ۱۵، ۱۶: فَاء عاطفہ اس کا معطوف علیہ محذوف ہے مَنْ طَلَبَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مِنْ غَیْرِ اللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ، فَاء عاطفہ اَنْذَرْتُ فعل تُ ضمیر مضمومہ فاعل كُمْ ضمیر مفعول بہ اوّل، نَارًا موصوف تَلَظّٰی فعل با هِیَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت اولی، لَا یَصْلٰی فعل هَا ضمیر مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء اَلْاَشْقَی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول كَذَّبَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَلّٰی فعل با هُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ اَلْاَشْقَی کی صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ نَارًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ﴿۱۷﴾ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰی ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۷، ۱۸: واؤ عاطفہ سِین علامت فعل یُجَنَّبُ فعل مجہول هَا ضمیر مفعول بہ اَلْاَتْقَی موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یُؤْتِیْ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال یَتَزَكّٰی فعل باهُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال یُؤْتِیْ کا فاعل مَالَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اَلْاَتْقَی کی صفت، موصوف باصفت نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓی ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ﴿۲۰﴾

آیت نمبر ۱۹، ۲۰: واؤ استینافیہ یا حالیہ مَا مشابہ "بہ لَیْسَ لِاَحَدٍ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنَةٌ کے، عِنْدَهٗ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا، كَائِنَةٌ اسم فاعل با هِیَ ضمیر فاعل و متعلق و مفعول فیہ شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم مِنْ حرف جار نِعْمَةٍ موصوف تُجْزٰی فعل مجہول با هِیَ ضمیر نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صفت، موصوف باصفت مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء بمعنی لٰکِنَّ، اِبْتِغَآءَ مضاف وَجْهِ مضاف الیہ مضاف رَبِّهِ مرکب اضافی موصوف اَلْاَعْلٰی صفت، موصوف باصفت وَجْهِ کا مضاف الیہ، پھر یہ اِبْتِغَآءَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ منقطع، مستثنیٰ منہ بامستثنیٰ منقطع مَا کا اسم مؤخر، مَا با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا یُؤْتِیْ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا اور اِبْتِغَآءَ.....الخ کو مفعول لہ بنانا بھی درست ہے تقدیر عبارت ہوگی لَا یُؤْتِیْ اِلَّا اِبْتِغَآءَ.....الخ

وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ﴿۲۱﴾

آیت نمبر ۲۱: واؤ استینافیہ لام قسم مقدر کا جواب ہے اور قسم مقدر وَاللّٰہِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل با اَنَا مستتر فاعل و متعلق قسم، سَوْفَ علامت فعل یَرْضٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جواب قسم ہوا، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الضُّحٰی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالضُّحٰى ۝١ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝٢ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝٣

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: واؤ قسمیہ جارہ الضُّحٰی مجرور تقدیراً معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الَّیْلِ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف سَجٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل و متعلق و مفعول فیہ قسم ہوا، مَا نافیہ وَدَّعَ فعل کاف ضمیر مفعول بہ رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا نافیہ قَلٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جواب قسم ہوا، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝٤

آیت نمبر ۴: واؤ عاطفہ لام برائے قسم اَلْاٰخِرَةُ مبتدا، خَیْرٌ اسم تفضیل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل لَکَ جار بامجرور متعلق اوّل مِنَ الْاُوْلٰی جار بامجرور متعلق ثانی، اسم تفضیل بافاعل و متعلقین شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝٥

آیت نمبر ۵: واؤ عاطفہ لام برائے قسم سَوْفَ علامت فعل یُعْطِیْ فعل کاف ضمیر مفعول بہ رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ تَرْضٰی فعل باانْتَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف خبر ہے مبتدا محذوف اَنْتَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ معطوفہ ہوا۔

اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝٦ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝٧ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝٨

آیت نمبر ۶، ۷، ۸: ھمزہ استفہامیہ لَمْ یَجِدْ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، یَتِیْمًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین معنًی جملہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اٰوٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَجَدَ فعل ھُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، ضَآلًّا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ ھَدٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف معطوف اوّل، واؤ عاطفہ وَجَدَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، عَآئِلًا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَغْنٰی فعل با ھُوَ ضمیر فاعل معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف پھر معطوف ثانی ہوا، معطوف علیہ بامعطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝۹ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝۱۰ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝۱۱

آیت نمبر ۹،۱۰،۱۱: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا کَانَ حَالُکَ مَاذُکِرَ، اَمَّا حرف شرط و تفصیل الْيَتِيْمَ مفعول بہ مقدم، فَاء جزائیہ لَاتَقْهَرْ فعل با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل السَّآئِلَ مفعول بہ مقدم، فَاء جزائیہ لَاتَنْهَرْ فعل با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط و تفصیل بَاء جارہ نِعْمَةِ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور متعلق مقدم، فَاء جزائیہ حَدِّثْ فعل اَنْتَ مستتر فاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جزاء، شرط محذوف با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فائدہ: فَلَا تَقْهَرْ وغیرہ کا مفعول مقدم کرنے کی وجہ افادہ حصر نہیں ہے بلکہ اس کی غرض اَمَّا شرطیہ اور فَاء کے درمیان فاصلہ کرنا ہے اس لئے کہ اَمَّا اور فَاء کے درمیان جن چھ (۶) چیزوں میں سے ایک کے ساتھ فاصلہ کیا جاتا ہے ان میں سے ایک مفعول بہ بھی ہے۔ (مغنی اللبیب جزء اوّل صفحہ نمبر ۵۵)

ترکیب سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝۴

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴: هَمزہ استفہامیہ لَمْ نَشْرَحْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل لَكَ جار با مجرور متعلق صَدْرَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ لفظاً جملہ انشائیہ اور معنیً جملہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ وَضَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل عَنْكَ جار با مجرور متعلق ہوئے فعل کے، وِزْرَكَ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْ اسم موصول اَنْقَضَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل ظَهْرَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت، موصوف با صفت مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ رَفَعْنَا فعل نَا ضمیر فاعل لَكَ جار با مجرور متعلق ذِكْرَكَ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل با فاعل و متعلق و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ ابتدائیہ ہوا۔

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵

آیت نمبر ۵: فَاء استینافیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مَعَ الْعُسْرِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل ہاهُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ خبر مقدم، يُسْرًا اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۶

آیت نمبر ۶: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مَعَ الْعُسْرِ مرکب اضافی مفعول فیہ ہوا کَائِنٌ کا، کَائِنٌ اسم فاعل ہاهُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ خبر مقدم، يُسْرًا اسم مؤخر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور بعض اس کو جملہ اولی کی تاکید بناتے ہیں اور معطوف علیہ محذوف مانتے

ہیں اور وہ یہ ہے اَعْطَیْنٰكَ مَا اَعْطَیْنٰكَ فَلَا یَدْخُلُ فِیْ قَلْبِكَ الْیَاْسُ (ہم نے آپ کو دیا جو ہم نے آپ کو دیا لہذا آپ کے دل میں ناامیدی داخل نہ ہو)

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸

آیت نمبر ۷،۸: فَاء استینافیہ اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم فَرَغْتَ فعل تَاء ضمیر مفتوحہ فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، فَاء جزائیہ اِنْصَبْ فعل باَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِلٰی حرف جر رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم فَاء برائے رابطہ اِرْغَبْ فعل باَنْتَ مستتر فاعل و متعلق مقدم جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا اور بعض حضرات اِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ کو شرط محذوف اِنْ دَعَتْكَ الْحَاجَةُ اِلَى السُّوَالِ کی جزاء بناتے ہیں۔

ترکیب سُوْرَةُ التِّیْنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝۱ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۝۲ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ۝۳ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْۤ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۝۴ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۝۵ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۶

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴،۵،۶: واؤ قسمیہ جارہ التِّیْنِ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الزَّیْتُوْنِ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ طُوْرِ مضاف سِیْنِیْنَ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ هٰذَا اسم اشارہ مبدل منہ یا موصوف یا مبیّن الْبَلَدِ موصوف الْاَمِیْنِ صفت، موصوف با صفت بدل یا صفت، یا عطف بیان، مبدل منہ با بدل معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل باَنَا مستتر فاعل و متعلق جملہ فعلیہ جملہ انشائیہ قسم، لَامِ جواب قسم والا قَدْ حرف تحقیق خَلَقْنَا فعل نَا ضمیر فاعل الْاِنْسَانَ ذوالحال فِیْ جارہ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنًا کے، كَائِنًا اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جواب قسم، قسم باجواب قسم معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ رَدَدْنَا فعل بافاعل هُ ضمیر مفعول بہ اوّل، اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء الَّذِیْنَ اسم موصول متضمن معنی شرط، اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل اپنے واؤ ضمیر فاعل اور الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ لَهُمْ جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، اَجْرٌ موصوف غَیْرُ مَمْنُوْنٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مبتدا مؤخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا اور بعض حضرات اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ کو رَدَدْنَا کے مفعول اوّل کا حال بناتے ہیں اور بعض حضرات اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ کو مَكَانًا موصوف محذوف کی صفت بنا کر رَدَدْنَا کا مفعول فیہ

بناتے ہیں۔

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝

آیت نمبر ۷: فَاء فصیحہ اور اِنْ عَلِمْتَ هٰذَا اس کی شرط محذوف ہے مَا استفہامیہ مبتدا، يُكَذِّبُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر مفعول بہ بَعْدُ مبنی بر ضمہ محلاً منصوب مفعول فیہ بِالدِّيْنِ جار بامجرور يُكَذِّبُ کے متعلق، فعل بافاعل و مفعولین و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

آیت نمبر ۸: هَمزہ برائے استفہام تقریری لَيْسَ فعل ناقص لفظ اَللّٰهُ اس کا اسم بَاء زائدہ اَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ مرکب اضافی لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر، فعل ناقص باسم و خبر لفظاً جملہ انشائیہ اور معنیً جملہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْعَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝

آیت نمبر ۱، ۲: اِقْرَاْ فعل امر اَنْتَ مستتر فاعل بَاء جار اِسْمِ مضاف رَبِّكَ مرکب اضافی موصوف الَّذِيْ اسم موصول خَلَقَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مبدل منہ خَلَقَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ مِنْ عَلَقٍ جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ بدل، مبدل منہ بابدل صلہ، موصول باصلہ رَبِّكَ کی صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، یا جار بامجرور ظرف مستقر مُفْتَتِحًا کے متعلق ہو کر اِقْرَاْ کے فاعل سے حال ہے، فعل بافاعل و متعلق اور بر تقدیر ثانی فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ دوسرا خَلَقَ پہلے خَلَقَ کی تاکید ہو۔

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝

آیت نمبر ۳، ۴، ۵: اِقْرَاْ فعل امر اَنْتَ ضمیر ذوالحال واؤ حالیہ رَبُّكَ مرکب اضافی مبتدا، اَلْاَكْرَمُ اسم تفضیل باهُوَ ضمیر فاعل شبہ جملہ ہو کر خبر اوّل، الَّذِيْ اسم موصول عَلَّمَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل اور بِالْقَلَمِ متعلق سے مل کر مبدل منہ یا مؤکد عَلَّمَ فعل هُوَ ضمیر فاعل الْاِنْسَانَ مفعول بہ مَا اسم موصول لَمْ يَعْلَمْ فعل با هُوَ ضمیر فاعل صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ بدل یا تاکید، مبدل منہ با بدل یا مؤکد با تاکید صلہ، موصول با صلہ خبر ثانی، مبتدا باخبرین حال ذوالحال باحال اِقْرَاْ کا فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ مستانفہ ہوا یا پہلے اِقْرَاْ کی تاکید ہوا۔

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝

آیت نمبر ۶، ۷: كَلَّا حرف ردع اِنَّ حرف تحقیق الْاِنْسَانَ اِنَّ کا اسم لام مزحلقہ يَطْغٰى فعل هُوَ مستتر فاعل اَنْ مصدریہ رَاٰى

فعل ھُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ اوّل، اِسْتَغْنٰی فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین مصدر کی تاویل میں ہو کر مفعول لہ، یَطْغٰی فعل بافاعل ومفعول لہ جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الرُّجْعٰی ۝۸

آیت نمبر ۸: اِنَّ حرف تحقیق اِلٰی جارہ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار ہا مجرور کَائِنٌ کے متعلق ہو کر اِنَّ کی خبر مقدم، الرُّجْعٰی منصوب تقدیراً اسم مؤخر، اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَرَءَيْتَ الَّذِیْ يَنْهٰى ۝۹ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝۱۰

آیت نمبر ۹، ۱۰: ھَمزہ استفہامیہ رَءَيْتَ فعل تَاء ضمیر مفتوحہ فاعل الَّذِیْ اسم موصول يَنْهٰى فعل ھُوَ مستتر فاعل عَبْدًا مفعول بہ اِذَا ظرف زمان مضاف صَلّٰى فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ، فعل بافاعل ومفعول بہ ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا اور یہ ترکیب اس صورت میں ہے جب رَءَيْتَ میں رؤیت سے رؤیت بصری (آنکھ سے دیکھنا) مراد ہو۔ کیونکہ اس وقت یہ متعدی بہ یک مفعول ہوتا ہے اور اگر رؤیت سے رؤیت قلبی مراد ہو تو اس کی ترکیب اعراب القرآن للدرویش میں دیکھیں۔

اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۝۱۱ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝۱۲

آیت نمبر ۱۱، ۱۲: ھَمزہ استفہامیہ رَءَيْتَ فعل تَاء ضمیر مفتوحہ فاعل اور اس کا معنی اَخْبِرْنِیْ ہے اور یہاں رؤیت قلبی مراد ہے اِنْ شرطیہ كَانَ فعل ناقص ھُوَ مستتر اس کا اسم عَلَى الْهُدٰى جار ہا مجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، اَوْ عاطفہ اَمَرَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل اور بِالتَّقْوٰى متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف شرط، اور اس کی جزاء محذوف ہے اَفَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى جس پر اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى دلالت کر رہا ہے، شرط باجزاء رَءَيْتَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۳

آیت نمبر ۱۳: ھَمزہ استفہامیہ رَءَيْتَ فعل بافاعل اور یہاں بھی رؤیت قلبی مراد ہے اِنْ شرطیہ كَذَّبَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَوَلّٰى فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط، جزاء محذوف ہے اَفَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى جس پر اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى دال ہے، شرط باجزاء جملہ شرطیہ رَءَيْتَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا

اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝۱۴

آیت نمبر ۱۴: ھَمزہ استفہامیہ لَمْ يَعْلَمْ فعل ھُوَ مستتر فاعل بِاَنَّ جارہ زائدہ اَنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰهَ اس کا اسم يَرٰى فعل باھُوَ مستتر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ لَمْ يَعْلَمْ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین جملہ

انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾

آیت نمبر ۱۵،۱۶: كَلَّا حرف ردع لام موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے اِنْ شرطیہ لَمْ يَنْتَهِ فعل باھُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لَنَسْفَعَنْ فعل نَحْنُ مستتر فاعل بباء جارہ اَلنَّاصِيَةِ مبدل منہ نَاصِيَةٍ موصوف كَاذِبَةٍ صفت اولیٰ، خَاطِئَةٍ صفت ثانیہ، موصوف باصفتین بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے، فعل بافاعل و متعلق قسم محذوف وَاللّٰہِ کا جواب، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔ اور شرط کی جزاء محذوف ہے۔

فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ﴿۱۷﴾

آیت نمبر ۱۷: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ اَصَرَّ عَلَى الْمُعَانَدَةِ اِنْ شرطیہ اَصَرَّ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اور عَلَى الْمُعَانَدَةِ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لِيَدْعُ فعل امر هُوَ مستتر فاعل نَادِيَهٗ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿۱۸﴾

آیت نمبر ۱۸: سین علامت فعل نَدْعُ دراصل نَدْعُوْ ہے فعل نَحْنُ مستتر فاعل اور الزَّبَانِيَةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معللہ ہوا۔

كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾

آیت نمبر ۱۹: كَلَّا حرف ردع لَا تُطِعْ فعل نہی اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل هُ ضمیر مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ نہیہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُسْجُدْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِقْتَرِبْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْقَدْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿۱﴾

آیت نمبر ۱: اِنَّا دراصل اِنَّنَا ہے تخفیف کے لئے ایک نون کو حذف کیا گیا ہے۔ اِنَّ حرف تحقیق نَا ضمیر اس کا اسم اَنْزَلْنَا فعل بافاعل هُ ضمیر منصوب مفعول بہ فِیْ جارہ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ باسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ابتدائیہ ہوا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿۲﴾

آیت نمبر ۲: واؤ اعتراضیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل هُوَ مستتر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل مَا استفہامیہ مبتدا، لَيْلَةُ الْقَدْرِ

مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ ہو کر مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معترضہ ہوا۔

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝

آیت نمبر ۳: لَيْلَةُ الْقَدْرِ مرکب اضافی مبتدا، خَيْرٌ اسم تفضیل ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل مِنْ جارہ اَلْفِ شَهْرٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، اسم تفضیل بافاعل ومتعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝

آیت نمبر ۴: تَنَزَّلُ فعل الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ معطوف علیہ بامعطوف فاعل فِيْهَا جار بامجرور متعلق اوّل، بَاء جارہ اِذْنِ مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، مِنْ جارہ كُلِّ اَمْرٍ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ثالث، فعل بافاعل ومتعلقات ثلاثہ جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

آیت نمبر ۵: ھِیَ ضمیر مبتدا، سَلٰمٌ مصدر حَتّٰى جارہ مَطْلَعِ الْفَجْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، مصدر بامتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سوال: مصدر عامل ضعیف ہے تو یہاں اس کے اور اس کے معمول کے درمیان مبتدا کا فاصلہ آگیا ہے۔؟

جواب نمبر ۱: ظرف اور جار ومجرور میں وہ وسعت ہے جو ان کے علاوہ میں نہیں ہے۔

جواب نمبر ۲: بہتر یہ ہے کہ حَتّٰى کا متعلق سَلٰمٌ نہ ہو بلکہ اس کا متعلق يَسْتَهْزِءُوْنَ محذوف ہو تقدیر عبارت ہے يَسْتَهْزِءُوْنَ عَلَى السَّلَامِ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ یا حَتّٰى تَنَزَّلُ کے متعلق ہے۔

ترکیب سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: لَمْ يَكُنْ فعل ناقص الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ جارہ اَهْلِ الْكِتٰبِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُشْرِكِيْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنِيْنَ کے، كَائِنِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال كَفَرُوْا کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فعل ناقص کا اسم مُنْفَكِّيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر فاعل حَتّٰى حرف جار تَاْتِيَ فعل هُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ الْبَيِّنَةُ مبدل منہ رَسُوْلٌ موصوف مِنَ اللّٰهِ كَائِنٌ

کے متعلق ہو کر صفت، موصوف باصفت ذوالحال یَتْلُوْا فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل صُحُفًا موصوف مُطَهَّرَةً صفت اولی، فِيْهَا جار بامجرور كَائِنَةٌ کے متعلق، كَائِنَةٌ اسم فاعل با هِيَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم كُتُبٌ قَيِّمَةٌ موصوف باصفت مبتدا موخر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صُحُفًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین حال، ذوالحال باحال بدل، مبدل منہ بابدل تَأْتِي کا فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے مُنْفَكِّيْنَ کے، اسم فاعل بافاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص باسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ ابتدائیہ ہوا۔

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝

آیت نمبر ۴: واؤ استینافیہ مَا نافیہ تَفَرَّقَ فعل الَّذِيْنَ اسم موصول اُوْتُوا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل الْكِتٰبَ مفعول بہ اِلَّا حرف استثناء مِنْ جارہ بَعْدِ مضاف مَا مصدریہ جَآءَتْ فعل هُمُ ضمیر منصوب مفعول بہ الْبَيِّنَةُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مضاف الیہ، مضاف باامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور مستثنیٰ مفرغ ہو کر متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝

آیت نمبر ۵: واؤ حالیہ مَا نافیہ اُمِرُوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اِلَّا حرف استثناء لغواً مر برائے تعلیل حرف جر اور اس کے بعد اَنْ مصدریہ مقدر ہے يَعْبُدُوا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مُخْلِصِيْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل لَهُ جار بامجرور متعلق الدِّيْنَ مفعول بہ، اسم فاعل بافاعل و متعلق و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر پہلا حال، حُنَفَآءَ حال ثانی ذوالحال باحالین فاعل لفظ اللّٰهَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور اُمِرُوْا کے متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جَآءَتْ کی ضمیر مفعول بہ سے حال ہوا۔

واؤ عاطفہ يُقِيْمُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الصَّلٰوةَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ يَعْبُدُوا کا معطوف اوّل، واؤ عاطفہ يُؤْتُوا فعل واؤ ضمیر فاعل الزَّكٰوةَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ استینافیہ ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، دِيْنُ الْقَيِّمَةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝

آیت نمبر ۶: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الَّذِيْنَ اسم موصول كَفَرُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال مِنْ جارہ اَهْلِ الْكِتٰبِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْمُشْرِكِيْنَ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور كَائِنِيْنَ کے متعلق، كَائِنِيْنَ اسم فاعل باهُمْ ضمیر فاعل و متعلق حال، ذوالحال باحال كَفَرُوْا کا فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ اِنَّ کا اسم فِيْ جارہ نَارِ جَهَنَّمَ مرکب اضافی

مجرور، جار بامجرور کَائِنُوْنَ کے متعلق، کَائِنُوْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل باهُمْ ضمیر فاعل اور فِیْهَا متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال اسم فاعل کا فاعل، اسم فاعل با فاعل و متعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا اوّل، هُمْ ضمیر مبتدا ثانی یا ضمیر فصل شَرُّ الْبَرِیَّةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ ۝۷

آیت نمبر ۷: اِنَّ حرف تحقیق اَلَّذِیْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل اور الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف صلہ، موصول با صلہ اِنَّ کا اسم اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا اوّل، هُمْ ضمیر مبتدا ثانی، خَیْرُ الْبَرِیَّةِ مرکب اضافی خبر، مبتدا باخبر مبتدا اوّل کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّهٗ ۝۸

آیت نمبر ۸: جَزَآؤُهُمْ مضاف هُمْ ضمیر ذوالحال عِنْدَ مضاف رَبِّهِمْ مرکب اضافی مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ کَائِنِیْنَ کا، کَائِنِیْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و مفعول فیہ حال، ذوالحال باحال جَزَآؤُهُمْ کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبتدا، جَنّٰتُ عَدْنٍ مرکب اضافی ذوالحال تَجْرِیْ فعل مِنْ جارہ تَحْتِهَا مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور تَجْرِیْ کے متعلق الْاَنْهٰرُ فاعل، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال اولی، اور یہاں دَخَلُوْا فعل محذوف ہے، دَخَلُوْا فعل واؤ ضمیر ذوالحال خٰلِدِیْنَ اسم فاعل هُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل فِیْهَا جار بامجرور متعلق، اَبَدًا مفعول فیہ، اور بعض حضرات خُلُوْدًا اَبَدًا تقدیر عبارت کر کے مفعول مطلق بناتے ہیں، اسم فاعل با فاعل و متعلق و مفعول فیہ و مفعول مطلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ حال ثانیہ، ذوالحال باحالین خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَضِیَ فعل اَللّٰهُ فاعل اور عَنْهُمْ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَضُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل اور عَنْهُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف اِنَّ کی خبر ثانی، اور جَزَآؤُهُمْ ..... الخ جملہ معترضہ ہوا اور یہ بھی جائز ہے کہ معطوف علیہ با معطوف جملہ انشائیہ دعائیہ ہو۔

فائدہ: بعض حضرات خٰلِدِیْنَ کو جَزَآؤُهُمْ کی ضمیر سے حال بناتے ہیں مگر یہ جائز نہیں تاکہ مصدر اور اس کے معمول کے درمیان اجنبی چیز کا فاصلہ لازم نہ آئے (حاشیہ جلالین)

ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، لَامِ جارہ مَنْ موصولہ خَشِیَ فعل باهُوَ پوشیدہ فاعل اور رَبَّهٗ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل باهُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الزِّلْزَالِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱ وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲ وَ قَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝۳ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝۴ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم زُلْزِلَتْ فعل مجہول الْاَرْضُ نائب فاعل زِلْزَالَهَا مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول فیہ و مفعول مطلق معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَخْرَجَتْ فعل الْاَرْضُ فاعل اَثْقَالَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ قَالَ فعل الْاِنْسَانُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ قول، مَا اسم استفہام مبتدا، لَهَا جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق، كَائِنٌ اسم فاعل باهُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین شرط، يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی اِذَا سے بدل ہے تُحَدِّثُ فعل هِيَ ضمیر فاعل اَخْبَارَهَا مرکب اضافی مفعول بہ، بَاء جارہ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل رَبَّكَ مرکب اضافی اَنَّ کا اسم اَوْحٰى فعل هُوَ مستتر فاعل لَهَا جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مفرد کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور تُحَدِّثُ کے متعلق ہوئے، پھر فعل بافاعل و مفعول بہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝۶

آیت نمبر ۶: يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم يَصْدُرُ فعل النَّاسُ ذوالحال اَشْتَاتًا حال، ذوالحال باحال فاعل لَام حرف جار برائے تعلیل اور اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر ہے يُرَوْا فعل مجہول واؤ ضمیر نائب فاعل اَعْمَالَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ، فعل مجہول بانائب فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ مصدر کے معنی میں ہو کر مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق ہوئے، فعل بافاعل و مفعول فیہ و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝۷ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝۸

آیت نمبر ۷، ۸: فَاء تفریعیہ مَنْ شرطیہ مبتدا، يَعْمَلْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مرکب اضافی ممیز یا مبدل منہ خَيْرًا تمیز یا بدل، مبدل منہ با بدل یا ممیز باتمیز مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، يَرَ فعل هُوَ مستتر فاعل هٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جزاء، شرط باجزاء مَنْ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ کی ترکیب واضح ہے اور یہ جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف يَصْدُرُ النَّاسُ پر معطوف ہے۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْعٰدِيٰتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ الْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝۳ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝۵

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴،۵: وَاؤ قسمیہ جارہ اَلْ اسم موصول عٰدِیٰتِ اسم فعل بمعنی ماضی ضمیر مستتر ذوالحال ضَبْحًا بمعنی ضَابِحَاتٍ حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ اَلْ اسم موصول مُوْرِیٰتِ اسم فاعل بمعنی ماضی ضمیر مستتر ذوالحال قَدْحًا بمعنی قَادِحَاتٍ حال، ذوالحال باحال فاعل، اسم فاعل بافاعل معطوف اوّل، فَاء عاطفہ اَلْ اسم موصول مُغِیْرٰتِ اسم فاعل بمعنی ماضی ضمیر مستتر فاعل صُبْحًا مفعول فیہ، اسم فاعل بافاعل ومفعول فیہ معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل اَنَا مستتر فاعل ومتعلق قسم، فَاء عاطفہ اَثَرْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل بِہٖ جار بامجرور اَثَرْنَ کے متعلق نَقْعًا مفعول بہ، فعل با فاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ وَسَطْنَ فعل نون مفتوحہ فاعل بِہٖ جار بامجرور وَسَطْنَ کے متعلق جَمْعًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف کا عطف عَادِیَاتٍ پر ہے کیونکہ وہ عَدَوْنَ کے معنی میں ہے۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوْدٌ ۝۶ وَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیْدٌ ۝۷ وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۝۸

آیت نمبر ۶،۷،۸: اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلْاِنْسَانَ اس کا اسم لَام جارہ رَبِّہٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم ہے کَنُوْدٌ کا، لَام مذحلقہ تاکیدیہ کَنُوْدٌ صیغہ مبالغہ ھُوَ مستتر فاعل، صیغہ مبالغہ بافاعل ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم عَلٰی ذٰلِکَ جار بامجرور متعلق مقدم شَہِیْدٌ کے لئے، لَام مذحلقہ شَہِیْدٌ صفت مشبہ باھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف اوّل، واؤ عاطفہ اِنَّ حرف تحقیق ہٗ ضمیر منصوب اِنَّ کا اسم لَام جارہ حُبِّ الْخَیْرِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم لَام مذحلقہ شَدِیْدٌ صفت مشبہ باھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر معطوف ثانی، معطوف علیہ بامعطوفین جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ ۝۹ وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ۝۱۰ اِنَّ رَبَّہُمْ بِہِمْ یَوْمَئِذٍ لَّخَبِیْرٌ ۝۱۱

آیت نمبر ۹،۱۰،۱۱: ھَمزہ استفہامیہ فَاء عاطفہ اور معطوف علیہ محذوف ہے یَفْعَلُ مَا یَفْعَلُ مِنَ الْقَبَائِحِ، یَفْعَلُ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ راجع بسوئے الْاِنْسَانَ فاعل مَا اسم موصول یَفْعَلُ فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ ذوالحال مِنَ الْقَبَائِحِ جار بامجرور کَائِنًا کے متعلق ہو کر حال، ذوالحال باحال مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ لَایَعْلَمُ فعل ھُوَ ضمیر فاعل یہاں مفعول محذوف ہے اَنَّ اللّٰہَ یُجَازِیْہِ، اَنَّ حرف تحقیق لفظ اَللّٰہَ اس کا اسم یُجَازِیْ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ اِذَا مضاف بُعْثِرَ فعل مجہول مَا اسم موصول فِی الْقُبُوْرِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق صلہ، موصول با صلہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ حُصِّلَ فعل مجہول مَا اسم موصول فِی الصُّدُوْرِ جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف ثَبَتَ کے، ثَبَتَ فعل باھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق صلہ، موصول باصلہ نائب فاعل، فعل مجہول بانائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، پھر معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف

الیہ یُجَازِیْ کا مفعول فیہ، یُجَازِیْ فعل بافاعل ومفعولین جملہ فعلیہ خبریہ مُعَلِّل، اِنَّ حرف تحقیق رَبَّهُمْ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم بِهِمْ جار بامجرور متعلق مقدم یَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ مقدم لَّخَبِیْرٌ صفت مشبہ باھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق ومفعول فیہ خبر اِنَّ باسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ مُعَلِّل، مُعَلِّل بامُعَلِّل اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر لَا یَعْلَمُ کے دو مفعول کے قائم مقام، لَا یَعْلَمُ فعل بافاعل ومفعولین معطوف، معطوف علیہ محذوف بامعطوف جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فائدہ: یہ بھی جائز ہے کہ ضَبْحًا فعل محذوف یَضْبَحْنَ کا مفعول مطلق ہو پھر وہ عٰدِیٰتِ کے فاعل سے حال ہو۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ ضَبْحًا الْعٰدِیٰتِ کا مفعول مطلق ہو من غیر لفظہ۔ اور ترکیب کے جو تین احتمال ضَبْحًا میں ہیں وہی قَدْحًا کی ترکیب میں بھی ہیں۔

ترکیب سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْقَارِعَةُ ۝۱ مَا الْقَارِعَةُ ۝۲

آیت نمبر ۱،۲: اَلْقَارِعَةُ مبتدا، مَا اسم استفہام مبتدا، اَلْقَارِعَةُ خبر، مبتدا باخبر اَلْقَارِعَةُ کی خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝۳

آیت نمبر ۳: واؤ اعتراضیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ ضمیر فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، اَلْقَارِعَةُ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل ومفعولین خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معترضہ ہوا۔

یَوْمَ یَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝۴ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝۵

آیت نمبر ۴،۵: یَوْمَ مضاف یَكُوْنُ فعل ناقص النَّاسُ اس کا اسم کاف حرف جار اَلْفَرَاشِ موصوف اَلْمَبْثُوْثِ اسم مفعول باھُوَ ضمیر نائب فاعل شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور كَائِنًا کے متعلق ہو کر خبر، فعل ناقص باسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَكُوْنُ فعل ناقص اَلْجِبَالُ اس کا اسم کاف جار اَلْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنِيْنَ کے، كَائِنِيْنَ اسم فاعل با ھُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل ومتعلق خبر، فعل ناقص با اسم وخبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف یَوْمَ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ہوا فعل محذوف اُذْكُرْ کا، یا تَقَرَّعُ کا جس پر اَلْقَارِعَةُ دال ہے۔

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ ۝۶ فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ ۝۷ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ ۝۸ فَاُمُّهٗ هَاوِیَةٌ ۝۹

آیت نمبر ۶،۷،۸،۹: فَاء استینافیہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل مَنْ اسم موصول متضمن معنی شرط ثَقُلَتْ فعل مَوَازِیْنُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا قائم مقام شرط، فَاء جزائیہ ھُوَ ضمیر مبتدا، فِیْ جارہ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ مرکب توصیفی مجرور، جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق، كَائِنٌ اسم فاعل با ھُوَ ضمیر فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَمَّا حرف شرط وتفصیل مَنْ اسم موصول متضمن معنی شرط خَفَّتْ فعل مَوَازِیْنُهٗ مرکب اضافی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبتدا، فَاء جزائیہ اُمُّهٗ مرکب اضافی مبتدا، هَاوِیَةٌ خبر، مبتدا باخبر جملہ

اسمیہ خبریہ خبر قائم مقام جزاء، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَاهِيَهْ ۝١٠ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝١١

آیت نمبر ۱۰،۱۱: واؤ اعتراضیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، ھِیَ ضمیر خبر، مبتدا باخبر اَدْرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا باخبر جملہ انشائیہ استفہامیہ معترضہ ہوا۔ نَارٌ حَامِيَةٌ مرکب توصیفی خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ التَّكَاثُرُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۝١ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝٢

آیت نمبر ۱،۲: اَلْهٰی فعل کُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ التَّكَاثُرُ فاعل، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، حَتّٰی عاطفہ زُرْتُمُ فعل بافاعل اَلْمَقَابِرَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ حَتّٰی جارہ ہو اور اس کے بعد اَنْ مقدر ہو اور زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ جملہ بتاویل مصدر مجرور، پھر جار با مجرور اَلْهٰی کے متعلق ہو۔

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٣ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٤

آیت نمبر ۳،۴: كَلَّا حرف ردع سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ كَلَّا حرف ردع سَوْفَ علامت فعل تَعْلَمُوْنَ فعل باواؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝٥

آیت نمبر ۵: كَلَّا حرف ردع لَوْ شرطیہ تَعْلَمُوْنَ فعل واؤ ضمیر ظاہر فاعل عِلْمَ الْيَقِيْنِ مرکب اضافی مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ شرط، اور جزاء محذوف ہے مَا اشْتَغَلْتُمْ بِالتَّكَاثُرِ یا مَا تَغَافَلْتُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ، شرط با جزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝٧ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝٨

آیت نمبر ۶،۷،۸: لَامِ برائے جواب قسم محذوف، تَرَوُنَّ فعل واؤ ضمیر مقدرہ فاعل اَلْجَحِيْمَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ جواب قسم، قسم محذوف با جواب قسم معطوف علیہ، ثُمَّ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تَرَوُنَّ فعل واؤ ضمیر مقدرہ فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ اوّل، عَيْنَ الْيَقِيْنِ مرکب اضافی صفت موصوف محذوف رُؤْيَةً کی، موصوف با صفت مفعول مطلق، فعل بافاعل و مفعولین قسم محذوف کا جواب، دونوں مل کر معطوف اوّل، ثُمَّ عاطفہ لَامِ موطئہ للقسم اور قسم محذوف ہے تُسْـَٔلُنَّ فعل مجہول واؤ محذوفہ نائب فاعل يَوْمَئِذٍ مرکب اضافی مفعول فیہ عَنِ النَّعِيْمِ جار با مجرور فعل کے متعلق، فعل مجہول با نائب فاعل و مفعول فیہ و متعلق قسم محذوف کا جواب، قسم با جواب قسم معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْعَصْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَ الْعَصْرِ ۝۱ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: واؤ قسمیہ جارہ الْعَصْرِ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے فعل محذوف اُقْسِمُ کے، اُقْسِمُ فعل بااَنَا مستتر فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ انشائیہ قسم، اِنَّ حرف تحقیق الْاِنْسَانَ مستثنٰی منہ اِلَّا حرف استثناء اَلَّذِيْنَ اسم موصول اٰمَنُوْا فعل باواؤ ضمیر فاعل معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَمِلُوا فعل باواؤ ضمیر فاعل الصّٰلِحٰتِ مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ تَوَاصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالْحَقِّ جار بامجرور متعلق، فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ تَوَاصَوْا فعل واؤ ضمیر فاعل بِالصَّبْرِ جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ بامعطوفات ثلاثہ صلہ، موصول باصلہ مستثنٰی، مستثنٰی منہ با مستثنٰی اِنَّ کا اسم، لام مذحلقہ فِيْ خُسْرٍ جار بامجرور كَائِنٌ کے متعلق، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل ومتعلق اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ انشائیہ جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝۱ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَهٗ ۝۲ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝۳

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: وَيْلٌ مبتدا، لام جارہ كُلِّ مضاف هُمَزَةٍ مبدل منہ یا مؤکد لُمَزَةٍ بدل یا تاکید، مبدل منہ بابدل یا مؤکد باتاکید مبدل منہ اَلَّذِيْ اسم موصول جَمَعَ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل مَالًا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ عَدَّدَ فعل هُوَ ضمیر ذوالحال يَحْسَبُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اَنَّ حرف تحقیق مَالَهٗ مرکب اضافی اَنَّ کا اسم اَخْلَدَ فعل باهُوَ ضمیر فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ اَنَّ کی خبر، اَنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ يَحْسَبُ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل بافاعل ومفعولین حال، ذوالحال باحال عَدَّدَ کا فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل كُلِّ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل باهُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل ومتعلق شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝۴

آیت نمبر ۴: كَلَّا حرف ردع لام برائے جواب قسم محذوف يُنْۢبَذَنَّ فعل مجہول هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل فِي الْحُطَمَةِ جار بامجرور متعلق، فعل مجہول بانائب فاعل ومتعلق قسم محذوف وَاللّٰهِ کا جواب قسم، قسم باجواب قسم جملہ انشائیہ قسمیہ ہوا۔

وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝۵

آیت نمبر ۵: واؤ اعتراضیہ مَا استفہامیہ مبتدا، اَدْرٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل کاف ضمیر منصوب مفعول بہ اوّل، مَا استفہامیہ مبتدا، اَلْحُطَمَةُ خبر، مبتدا با خبر اَدْرٰی کا مفعول بہ ثانی، فعل با فاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ خبر، مبتدا با خبر جملہ انشائیہ معترضہ ہوا۔

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝٦ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧

آیت نمبر ۶،۷: نَارُ مضاف اَللّٰهِ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ موصوف اَلْمُوْقَدَةُ اسم مفعول با ھِیَ ضمیر نائب فاعل شبہ جملہ ہو کر صفت اولیٰ، اَلَّتِیْ اسم موصول تَطَّلِعُ فعل ھِیَ ضمیر مستتر فاعل عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ جار با مجرور متعلق، فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ صفت ثانیہ، موصوف با صفتین خبر ہے مبتدا محذوف ھِیَ کی، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ موصوف با صفتین اَلْحُطَمَةُ کا بدل ہو۔

اِنَّهَا عَلَیْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝٨ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩

آیت نمبر ۸،۹: اِنَّ حرف تحقیق هَا ضمیر اِنَّ کا اسم عَلَیْ حرف جار هِمْ ضمیر مجرور ذوالحال فِیْ جارہ عَمَدٍ موصوف مُمَدَّدَةٍ اسم مفعول با ھِیَ ضمیر نائب فاعل صفت، موصوف با صفت مجرور، جار با مجرور ظرف مستقر کَائِنِیْنَ کے متعلق، کَائِنِیْنَ اسم فاعل با هُمْ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال با حال مجرور، جار با مجرور ظرف لغو متعلق مقدم مُؤْصَدَةٌ اسم مفعول با ھِیَ ضمیر نائب فاعل و متعلق مقدم اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ مُؤْصَدَةٌ کو موصوف اور فِیْ عَمَدٍ.....الخ کو کَائِنَةٌ کے متعلق کر کے اس کی صفت بنایا جائے۔

ترکیب سُوْرَةُ الْفِیْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۝١

آیت نمبر ۱: هَمزہ استفہامیہ لَمْ تَرَ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل فَعَلَ فعل رَبُّكَ مرکب اضافی فاعل بَاء جارہ اَصْحٰبِ الْفِیْلِ مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق، کَیْفَ مفعول فیہ کَائِنًا کا، کَائِنًا اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و مفعول فیہ صفت ہے موصوف محذوف فِعْلًا کی، موصوف با صفت فَعَلَ کا مفعول مطلق، فعل با فاعل و مفعول مطلق و متعلق لَمْ تَرَ کے دو مفعول کے قائم مقام، فعل با فاعل و مفعولین جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

اَلَمْ یَجْعَلْ كَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ۝٢ وَّ اَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۝٣ تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ۝٤ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝٥

آیت نمبر ۲،۳،۴،۵: هَمزہ استفہامیہ لَمْ یَجْعَلْ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل كَیْدَهُمْ مرکب اضافی مفعول بہ فِیْ تَضْلِیْلٍ جار با مجرور متعلق فعل کے مفعول ثانی کی جگہ میں، فعل با فاعل و مفعول بہ و متعلق لفظاً جملہ انشائیہ اور معنًی جملہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اَرْسَلَ فعل هُوَ ضمیر مستتر فاعل عَلَیْهِمْ جار با مجرور متعلق ہوئے اَرْسَلَ کے، طَیْرًا موصوف اَبَابِیْلَ صفت اولیٰ، تَرْمِیْ فعل ھِیَ ضمیر پوشیدہ فاعل هِمْ ضمیر مفعول بہ بَاء جارہ حِجَارَةٍ موصوف مِنْ سِجِّیْلٍ جار با مجرور كَائِنَةٍ کے متعلق ہو کر صفت، موصوف با صفت

مجرور، جار بامجرور تَرْمِیْ کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ طَیْرًا کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مفعول بہ اَرْسَلَ کا، فعل بافاعل ومتعلق ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، فَاء عاطفہ جَعَلَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ کاف حرف جار عَصْفٍ موصوف مَّاْكُوْلٍ اسم مفعول باھُوَ ضمیر نائب فاعل صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور جَعَلَ کے متعلق اور اس کے مفعول ثانی کی جگہ میں ہے، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف لَمْ يَجْعَلْ کے لئے معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف جملہ مستانفہ ہوا۔

فائدہ: بعض حضرات كَيْفَ کو رَبُّكَ کا حال بناتے ہیں مگر یہ درست نہیں کیونکہ اس صورت میں اللہ تعالیٰ کا کیفیت اور حالت کے ساتھ متصف ہونا لازم آئے گا اور یہ محال ہے۔

سوال: آپ نے اَبَابِيْلَ کو طَيْرًا کی صفت بنایا ہے حالانکہ طَيْرًا جمع نہیں ہے اور اَبَابِيْلَ تو اِبَّوْل یا اِبِّیْل وغیرہ کی جمع ہے۔؟

جواب: طَيْرًا اسم جمع ہے جو کہ تعدد پر دلالت کرتا ہے لہذا اَبَابِيْلَ کا اس کی صفت بننا درست ہے۔

ترکیب سُوْرَۃُ قُرَیْش

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝١ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّيْفِ ۝٢ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝٣ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝٤

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴: لِاِيْلٰفِ جارہ اِيْلٰفِ قُرَيْشٍ مرکب اضافی مبدل منہ اٖلٰفِ مصدر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ، رِحْلَةَ مضاف الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مصدر کا مفعول بہ، مصدر مضاف بامضاف الیہ ومفعول بہ بدل، مبدل منہ بابدل مجرور، جار بامجرور لِيَعْبُدُوْا کے متعلق مقدم، فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ يَعْبُدْ قُرَيْشٌ لِرَبِّهِمْ لِسَائِرِ نِعَمِهٖ، اِنْ شرطیہ لَمْ يَعْبُدْ فعل قُرَيْشٌ فاعل لام جارہ رَبِّهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق ہوئے لام جارہ سَائِرِ نِعَمِهٖ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ شرط، لِيَعْبُدُوْا فعل امر واؤ ضمیر فاعل رَبَّ مضاف هٰذَا اسم اشارہ موصوف الْبَيْتِ صفت، موصوف باصفت مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ موصوف الَّذِيْٓ اسم موصول اَطْعَمَ فعل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ھُمْ ضمیر مفعول بہ مِنْ جُوْعٍ جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اٰمَنَ فعل ھُوَ ضمیر فاعل ھُمْ ضمیر منصوب مفعول بہ مِنْ خَوْفٍ جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل ومفعول بہ ومتعلق معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ رَبَّ کی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝١

آیت نمبر ۱: هَمزہ استفہامیہ رَءَيْتَ فعل تَاء مفتوحہ ضمیر مرفوع متصل ظاہر فاعل الَّذِيْ اسم موصول يُكَذِّبُ فعل ھُوَ ضمیر

پوشیدہ فاعل بِالدِّیْنِ جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ انشائیہ استفہامیہ ہوا۔

فَذٰلِكَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۙ﴿۲﴾ وَ لَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ۙ﴿۳﴾

آیت نمبر ۲،۳: فَاء فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِنْ لَّمْ تَعْرِفْهُ، اِنْ شرطیہ لَمْ تَعْرِفْ فعل اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ شرط، ذٰلِكَ اسم اشارہ مبتدا، اَلَّذِیْ اسم موصول یَدُعُّ فعل هُوَ ضمیر فاعل اَلْیَتِیْمَ مفعول بہ، فعل بافاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا یَحُضُّ فعل هُوَ مستتر فاعل عَلٰی جارہ طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور فعل کے متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف صلہ، موصول باصلہ خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۙ﴿۴﴾ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ﴿۵﴾ الَّذِیْنَ هُمْ یُرَآءُوْنَ ۙ﴿۶﴾ وَ یَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۙ﴿۷﴾

آیت نمبر ۴،۵،۶،۷: فَاء استینافیہ وَیْلٌ مبتدا، لَام جارہ اَلْمُصَلِّیْنَ موصوف اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، عَنْ جارہ صَلَاتِهِمْ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق مقدم سَاهُوْنَ اسم فاعل بافاعل هُمْ ضمیر فاعل و متعلق خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ مبدل منہ اَلَّذِیْنَ اسم موصول هُمْ ضمیر مبتدا، یُرَآءُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ یَمْنَعُوْنَ فعل واؤ ضمیر فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ اوّل محذوف ہے اَلْمَاعُوْنَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف هُمْ کی خبر، مبتدا باخبر صلہ، موصول باصلہ بدل، مبدل منہ بابدل اَلْمُصَلِّیْنَ کی صفت، موصوف باصفت مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل بافاعل هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا باخبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِنَّاۤ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۙ﴿۱﴾

آیت نمبر ۱: اِنَّا اصل میں اِنَّنَا ہے اِنَّ حرف مشبہ بالفعل نَا ضمیر اِنَّ کا اسم اَعْطَیْنَا فعل نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل کاف ضمیر مفعول بہ اوّل، اَلْكَوْثَرَ مفعول بہ ثانی، فعل بافاعل و مفعولین جملہ فعلیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ بااسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَ انْحَرْ ؕ﴿۲﴾

آیت نمبر ۲: فَاء تعقیبیہ یا فصیحہ اور اس کی شرط محذوف ہے اِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ، صَلِّ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل لَام جارہ رَبِّكَ مرکب اضافی مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل و متعلق جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اُنْحَرْ فعل امر با اَنْتَ مستتر فاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف شرط محذوف کی جزاء ہے۔

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

آیت نمبر ۳: اِنَّ حرف تحقیق شَانِئَكَ مرکب اضافی اِنَّ کا اسم هُوَ ضمیر مبتدا، الْاَبْتَرُ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم و خبر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْکَافِرُوْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵: قُلْ فعل امر با اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ انشائیہ قول، یَا حرف نداء اُدْعُوْ کے قائم مقام، اُدْعُوْ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل اَیُّ موصوف یا مبدل منہ هَا برائے تنبیہ الْكٰفِرُوْنَ صفت یا بدل، موصوف با صفت یا مبدل منہ با بدل محلاً منصوب مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ نداء، لَآ اَعْبُدُ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل مَا اسم موصول تَعْبُدُوْنَ فعل با واؤ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، فعل با فاعل و مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنْتُمْ مبتدا، عٰبِدُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر فاعل مَا اسم موصول اَعْبُدُ فعل با اَنَا ضمیر فاعل صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنَا مبتدا، عَابِدٌ اسم فاعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل مَا اسم موصول عَبَدْتُّمْ فعل تُمْ ضمیر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثانی، واؤ عاطفہ لَا زائدہ اَنْتُمْ مبتدا، عٰبِدُوْنَ اسم فاعل اَنْتُمْ ضمیر پوشیدہ فاعل مَا اسم موصول اَعْبُدُ فعل با اَنَا ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مفعول بہ، اسم فاعل با فاعل و مفعول بہ شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف ثالث، معطوف علیہ با معطوفات ثلاثہ جواب نداء، نداء با جواب نداء جملہ انشائیہ ندائیہ ہو کر مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جملہ انشائیہ ہوا۔

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

آیت نمبر ۶: لَام جارہ كُمْ ضمیر متصل مجرور، جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق خبر مقدم دِيْنُكُمْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لِيَ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق ہوئے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم دِيْنِ دراصل دِيْنِيْ ہے دِيْنِيْ مرکب اضافی مبتدا مؤخر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف، معطوف علیہ با معطوف جملہ معطوفہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ النَّصْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

آیت نمبر ۱، ۲، ۳: اِذَا شرطیہ مفعول فیہ مقدم جَآءَ فعل نَصْرُ اللّٰہِ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ الْفَتْحُ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ رَاَیْتَ فعل تَاء ضمیر مفتوحہ فاعل النَّاسَ ذوالحال یَدْخُلُوْنَ فعل واؤ ضمیر ذوالحال اَفْوَاجًا حال، ذوالحال باحال فاعل فِیْ جار دِیْنِ اللّٰہِ مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ حال، ذوالحال باحال رَاَیْتَ کا مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ معطوف شُد، معطوف علیہ بامعطوف شرط، فَاء جزائیہ سَبِّحْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ ذوالحال بَاء جارہ حَمْدِ مضاف رَبِّکَ مضاف بامضاف الیہ حَمْدِ کا مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور ظرف مستقر متعلق ہوئے مُتَلَبِّسًا کے، مُتَلَبِّسًا اسم فاعل بااَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل ومتعلق حال، ذوالحال باحال فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ اِسْتَغْفِرْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل ہٗ ضمیر منصوب مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ انشائیہ امریہ معطوف، معطوف علیہ بامعطوف مُعَلَّل اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم کَانَ فعل ناقص ھُوَ ضمیر پوشیدہ اس کا اسم تَوَّابًا خبر، فعل ناقص با اسم وخبر اِنَّ کی خبر، اِنَّ با اسم وخبر جملہ اسمیہ خبریہ تعلیل، مُعَلَّل بالتعلیل جزاء، شرط باجزاء جملہ شرطیہ ہوا۔

فائدہ: اگر رَاَیْتَ میں رؤیت قلبیہ مراد ہو تو اس صورت میں یَدْخُلُوْنَ... الخ جملہ حال نہیں ہوگا بلکہ رَاَیْتَ کا مفعول ثانی ہوگا۔

ترکیب سُوْرَۃُ اللَّھَبِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۝۱

آیت نمبر ۱: تَبَّتْ فعل یَدَآ مضاف اَبِیْ لَھَبٍ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ تَبَّ فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف جملہ ابتدائیہ ہوا۔

مَآ اَغْنٰی عَنْہُ مَالُہٗ وَمَا کَسَبَ ۝۲

آیت نمبر ۲: مَا نافیہ اَغْنٰی فعل عَنْہُ جار بامجرور فعل کے متعلق مَالُہٗ مرکب اضافی معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مَا اسم موصول کَسَبَ فعل با ھُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل صلہ، موصول باصلہ معطوف ہوا، معطوف علیہ بامعطوف فاعل، فعل بافاعل ومتعلق جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۝۳ وَّامْرَاَتُہٗ ط حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۝۴

آیت نمبر ۳، ۴: سین علامت فعل یَصْلٰی فعل ھُوَ ضمیر پوشیدہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ امْرَاَتُہٗ مرکب اضافی ذوالحال حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ مرکب اضافی حال، ذوالحال باحال معطوف، معطوف علیہ بامعطوف فاعل نَارًا موصوف ذَاتَ لَھَبٍ مرکب اضافی صفت، موصوف باصفت مفعول بہ، فعل بافاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سوال: جب ضمیر مرفوع متصل پر کسی اسم کا عطف کیا جاتا ہے تو اس وقت شرط یہ ہے کہ پہلے ضمیر مرفوع متصل کی ضمیر مرفوع منفصل کے ساتھ تاکید لائی جائے جیسا کہ قرآن میں ہے اُسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُکَ الْجَنَّۃَ مگر اس سورت میں امْرَاَتُہٗ کا عطف یَصْلٰی کی ضمیر مرفوع متصل پوشیدہ پر کیا گیا ہے مگر ضمیر مرفوع منفصل کے ساتھ اس کی تاکید نہیں لائی گئی۔؟

جواب : ضمیر مرفوع متصل پر عطف کرنے کی صورت میں ضمیر مرفوع منفصل کے ساتھ تاکید لانا اس وقت ضروری ہے جب معطوف علیہ اور معطوف کے درمیان فاصلہ نہ ہو اور اگر فاصلہ ہو تو پھر تاکید لانا اور نہ لانا دونوں صورتیں جائز اور برابر ہیں جیسے قولہ تعالیٰ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا میں اٰبَآؤُنَا کا عطف ضمیر مرفوع متصل پر ہے اور درمیان میں لَا کا فاصلہ ہے تو تاکید نہیں لائی گئی (جامی صفحہ نمبر ۱۹۸) اور سورۃ اللھب میں بھی ضمیر مرفوع متصل اور معطوف کے درمیان مفعول بہ کا فاصلہ ہے اس لئے تاکید نہ لانا جائز ہو گیا۔

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

آیت نمبر ۵: فِيْ حرف جار جِيْدِهَا مرکب اضافی مجرور، جار با مجرور متعلق ہوئے كَائِنٌ کے، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم حَبْلٌ موصوف مِنْ مَّسَدٍ جار با مجرور كَائِنٌ کے متعلق، كَائِنٌ اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر مبتدا مؤخر، مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝

آیت نمبر ۱،۲: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ ہو کر قول، هُوَ ضمیر مبتدا، اَللّٰهُ خبر اوّل، اور اَحَدٌ خبر ثانی، مبتدا با خبرین جملہ اسمیہ خبریہ مقولہ مفعول بہ، قول با مقولہ جملہ فعلیہ انشائیہ اور اَللّٰهُ الصَّمَدُ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

آیت نمبر ۳،۴: لَمْ يَلِدْ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ، واؤ عاطفہ لَمْ يُوْلَدْ فعل مجہول هُوَ ضمیر پوشیدہ نائب فاعل، فعل مجہول با نائب فاعل جملہ فعلیہ خبریہ معطوف اوّل، واؤ عاطفہ لَمْ يَكُنْ فعل ناقص لَهٗ جار با مجرور كَائِنًا کے متعلق، كَائِنًا اسم فاعل با هُوَ ضمیر فاعل و متعلق شبہ جملہ ہو کر حال، كُفُوًا ذوالحال مؤخر ہونے کی وجہ سے حال ذوالحال پر مقدم، اَحَدٌ اسم مؤخر، فعل ناقص با اسم و خبر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف ثانی، معطوف علیہ با معطوفین جملہ مستانفہ یا هُوَ کی خبر ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

آیت نمبر ۱،۲،۳،۴،۵: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل با فاعل جملہ انشائیہ قول، اَعُوْذُ فعل اَنَا ضمیر پوشیدہ فاعل بِاء جارہ رَبِّ الْفَلَقِ مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور اَعُوْذُ کے متعلق اوّل، مِنْ جارہ شَرِّ مضاف مَا اسم موصول خَلَقَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول با صلہ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار با مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ شَرِّ مضاف غَاسِقٍ اسم فاعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِذَا ظرف زمان مضاف وَقَبَ فعل با هُوَ ضمیر فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف

بامضاف الیہ شَرِّ کا مفعول فیہ، شَرِّ مضاف بامضاف الیہ ومفعول فیہ مجرور، جار بامجرور معطوف اوّل، واؤ عاطفہ مِنْ جارہ شَرِّ مضاف اَلْ اسم موصول نَفّٰثٰتِ اسم فاعل بمعنی ماضی هُنَّ ضمیر پوشیدہ فاعل فِی جارہ الْعُقَدِ مجرور، جار بامجرور اسم فاعل کے متعلق، اسم فاعل بافاعل ومتعلق شبہ جملہ ہو کر صلہ، موصول باصلہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور معطوف ثانی، واؤ عاطفہ مِنْ حرف جر شَرِّ مضاف حَاسِدٍ اسم فاعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل اِذَا مضاف حَسَدَ فعل با هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل جملہ فعلیہ خبریہ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ شَرِّ کا مفعول فیہ، شَرِّ مضاف بامضاف الیہ ومفعول فیہ مجرور، جار بامجرور معطوف ثالث، معطوف علیہ باجمیع معطوفات اَعُوْذُ کے متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

ترکیب سُوْرَۃُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ﴿۶﴾

آیت نمبر ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶: قُلْ فعل امر اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل، فعل بافاعل جملہ انشائیہ امریہ ہو کر قول، اَعُوْذُ فعل اَنَا ضمیر مستتر فاعل بِاَء حرف جار رَبِّ النَّاسِ مرکب اضافی مبدل منہ مَلِكِ النَّاسِ مضاف بامضاف الیہ بدل اوّل، اِلٰهِ النَّاسِ مضاف بامضاف الیہ بدل ثانی، مبدل منہ بابدلین مجرور، جار بامجرور اَعُوْذُ کے متعلق اوّل، مِنْ جارہ شَرِّ مضاف الْوَسْوَاسِ موصوف الْخَنَّاسِ صفت اولیٰ، الَّذِیْ اسم موصول یُوَسْوِسُ فعل هُوَ ضمیر پوشیدہ فاعل فِیْ حرف جار صُدُوْرِ النَّاسِ مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، مِنْ حرف جار الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ معطوف علیہ بامعطوف مجرور، جار بامجرور متعلق ثانی، اور یہ بھی جائز ہے کہ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ کَائِنًا سے متعلق ہو کر یُوَسْوِسُ کی ضمیر فاعل سے حال ہوا، یُوَسْوِسُ فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ صلہ، موصول باصلہ الْوَسْوَاسِ کی صفت ثانیہ، موصوف باصفتین مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار بامجرور اَعُوْذُ کا متعلق ثانی، فعل بافاعل ومتعلقین جملہ فعلیہ خبریہ مقولہ مفعول بہ، قول بامقولہ جملہ انشائیہ امریہ ہوا۔

بِحَمْدِ اللّٰهِ وَكَرَمِهٖ وَعَوْنِهٖ

(پارہ عَمَّ کی ترکیب [illegible] روز بدھ رات کو ۹:۵۲ منٹ پر مکمل ہوئی)

اعلاء السنن

(متن حدیث معرب)

لفخر المحدثین فی الناقد مولانا ظفر احمد العثمانی التھانوی قدس سرہ

مع ترجمہ وتشریح موسوم بہ

احیاء السنن

مولانا نعیم احمد

مدرس جامعہ خیر المدارس ملتان مشہور

مکتبہ امدادیہ

ملتان۔ پاکستان